۷ فاصلوں کی پیمایش -

۸ قوانین میں محصول بحساب سدی سمجھا جائیگا -

اختیارات و عہدہ داران

۹ اختیارات جو عطا ہوئے ہوں وقتاً فوقتاً قابل نفاذ ہوں گے -

۱۰ اختیار تقرر میں اختیار تقرر بہ اعتبار عہدہ داخل ہے -

۱۱ ایک عہدہ سے دوسرے عہدہ پر منتقل ہونے کی صورت میں اختیارات عمل میں لانا -

(*Translation*)

12. Power to appoint includes Power to suspend or dismiss.

۱۲ تقرر کے اختیار میں معطل یا موقوف کرنے کا اختیار داخل ہے۔

13. Substitution of functionaries

۱۳ عہدہ داروں کی جگہ دوسروں کا مامور ہونا

14. Successors.

۱۴ جانشین۔

PROVISIONS AS TO ORDERS AND RULES UNDER ENACTMENT.

احکام نسبت ان احکام اور قواعد کے جو از روئے قوانین مرتب کئے جائیں

15. Power to make rules, etc., includes power to add, to vary or rescind them.

۱۵ قواعد وغیرہ مرتب کرنے کے اختیار میں ان میں اضافہ یا تبدیل یا تنسیخ کرنے کا اختیار شامل ہے۔

16. Making and issuing of rules, etc., between passing and enforcement of enactment.

۱۶ قواعد وغیرہ کا وضع کرکے جاری کرنا مابین منظور ہونے اور نافذ ہونے قوانین کے۔

17. Provisions to make rules, etc., after previous publication.

۱۷ احکام متعلق مرتب کرنے قواعد وغیرہ کے بعد اس کے کہ وہ پیشتر شائع کئے جائیں۔

18. Construction of orders, etc., issued under enactments.

۱۸ تعبیر احکام وغیرہ کی جو قوانین کی رو سے جاری کئے جائیں۔

19. Continuation of rules etc., issued under enactments repealed.

۱۹ ان قواعد وغیرہ کا قائم رہنا جو منسوخ شدہ قوانین کی رو سے جاری ہوئے ہوں۔

MISCELLANEOUS.

متفرقات

20. Recovery of fines.

۲۰ جرمانوں کا وصول کیا جانا۔

(*Translation*)

21. Provision as to offences Punishable under two or more enactments.

22. Citation of enactments.

23. Appeal against orders of punishment.

24. Omitted.

۲۱ احکام نسبت ان جرائم کے جو دو یا زیادہ قوانین کے بموجب قابل سزا ہوں -

۲۲ ذکر قوانین کا -

۲۳ احکام سزا کا مرافعہ -

(Translation)

THE GENERAL CLAUSES ACT.

No. III of 1308 F.

(Received the assent of H. E. the Madarul Moham on 14th Isfandar 1308 Fasli).

Preamble.

Whereas it is expedient to have brevity in the text used in the laws made by the Legislative Council H. H. The Nizam's Dominions, and to make certain provisions for the construction and application thereof;

It is hereby enacted as follows:—

PRELIMINARY.

Short title, extent and commencement.

1. This Act may be called "The General Clauses Act" and shall come into force at once* in the whole of H.H. The Nizam's Dominions.

GENERAL DEFINITIONS.

Definition.

2. In this Act, and in all laws made by the Legislative Council of H. H. The Nizam's Dominions, unless there is

*Published in the Jarida dated 28th Isfandar, 1308 F.

قانون تعبیر و اطلاق قوانین

نشان (۳) ۱۳۰۸ ف

(جناب نواب مدار المہام سرکار عالی نے بتاریخ ۱۴ ماہ اسفندار ۱۳۰۸ ف منظور فرمایا)

تمہید۔ ہرگاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ عبارت مستعملہ قوانین مرتبہ مجلس وضع قوانین ممالک محروسہ سرکار عالی میں اختصار ہو اور ان قوانین کی تعبیر و اطلاق کے متعلق بعض احکام صادر کئے جائیں۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے۔

مراتب ابتدائی

مختصر نام و وسعت مقامی و تاریخ نفاذ

دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون تعبیر و اطلاق قوانین" موسوم ہو سکے گا اور تمام ممالک محروسہ سرکار عالی میں فی الفور* نافذ ہوگا۔

عام تعریفات

تعریفات

دفعہ ۲۔ قانون ہذا میں اور

* جریدہ اعلامیہ مورخہ ۲۸ اسفندار ۱۳۰۸ ف میں شائع ہوا۔

anything repugnant in the subject or context,—

"Act"

(1) the word "Act" and the words denoting code shall mean the Act for the time being in force;

"Part"

(2) the word "Part" when used with respect to any Act shall mean a part of the Act in which the word is used;

"Chapter"

(3) the word "Chapter" when used with respect to any Act shall mean a chapter of the Act in which the word is used;

"Section"

(4) the word "Section" when used with respect to any Act shall mean a section of the Act in which the word is used;

"Sub-section"

(5) the word "Sub-section" when used with respect to any section shall mean a sub-section of the section in which the word is used;

"Schedule"

(6) the word "schedule" shall mean a Schedule to the Act in which the word is used;

"Mamalik-e-Mahrusa-Sarkar-e-Ali (H. H. the Nizam's Dominion)"

(7) the words "Mamalik-e-Mahrusa Sarkar-e-Ali" (*i. e.* His Highness the Nizam's Dominions) shall mean the whole of the territory which is or may hereafter come under the suzerainty

کل قوانین مرتبہ مجلس وضع قوانین ممالک محروسہ سرکار عالی میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو۔

قانون | (۱)۔ لفظ "قانون" اور ان الفاظ سے جو کسی مجموعۂ قانون پر دلالت کرتے ہوں قانون نافذ الوقت سے مراد ہوگی۔

حصہ | (۲)۔ لفظ "حصہ" سے جب وہ کسی قانون کے متعلق استعمال کیا جائے اس قانون کا حصہ مراد ہوگا جس میں لفظ مذکور استعمال ہوا ہو۔

باب | (۳)۔ لفظ "باب" سے جب وہ کسی قانون کے متعلق استعمال کیا جائے اس قانون کا باب مراد ہوگا جس میں لفظ مذکور استعمال ہوا ہو۔

دفعہ | (۴)۔ لفظ "دفعہ" سے جب وہ کسی قانون کے متعلق استعمال کیا جائے اس قانون کی دفعہ مراد ہوگی جس میں لفظ مذکور استعمال ہو۔

ضمن | (۵) لفظ "ضمن" سے جب وہ کسی دفعہ کے متعلق استعمال کیا جائے۔ اس دفعہ کا ضمن مراد ہوگا جس میں لفظ مذکور استعمال ہوا ہو۔

ضمیمہ | (۶)۔ لفظ "ضمیمہ" سے اس قانون کا ضمیمہ مراد ہوگا جس میں لفظ مذکور استعمال ہوا ہو۔

ممالک محروسہ سرکار عالی | (۷)۔ الفاظ "ممالک محروسہ سرکار عالی" سے وہ تمام قلمرو مراد ہے جو بندگان اعلیٰ حضرت مدظلہ العالی کے قبضہ اقتدار میں ہے یا آئندہ

of H. H. the Nizam, except the areas as H. H. the Nizam may exempt for the purposes of all laws or of any particular Act. For the words "Mamalikat-e-Asafia" or "Sarkar-e-Asafia" wherever used in the Acts made by the Legislative Council the words "Mamalik-e-Mahrusa Sarkar-e-Ali"(H.E.H. the Nizam's Dominions) or "Sarkar-e-Ali" (the Government) shall be substituted;

آئے بجز اُن قطعات کے جن کو بندگان اعلیٰ حضرت مدظلہ العالی عام قوانین یا کسی خاص قانون کے اغراض کے لحاظ سے مستثنیٰ فرمائیں۔ قوانین جو مجلس وضع قوانین سے منظور ہو چکے ہیں ان میں جہاں الفاظ "ممالکت آصفیہ" یا "سرکار آصفیہ" استعمال کئے گئے ہیں ان کے بجائے "ممالک محروسہ سرکار عالی" یا "سرکار عالی" قائم کئے جائیں گے۔

"Balda"

*[(7-A) the word "Balda" shall mean the city of Hyderabad and shall also include suburbs;]

بلدہ۔ [(الف[1])۔ لفظ "بلدہ" سے مراد شہر حیدرآباد ہوگا اور بیرون بلدہ بھی اس میں داخل ہوگا۔

"District"

(8) the word "district" shall also extend to the city and suburbs as well as to the *[Amaldari of Sirpur-Tandur;] and the Board of Revenue, or any authority whom the Government may appoint shall exercise the powers of a District Taluqdar for the city and suburbs;

ضلع۔ [(۸)۔ لفظ "ضلع" بلدہ اور بیرون بلدہ پر اور عملداری[1] سرپور تانڈور پر بھی حاوی ہوگا۔ اور بلدہ اور بیرون بلدہ کے لئے مجلس مالگزاری یا کوئی اور حاکم جسے سرکار عالی مقرر فرمائیں تعلقدار ضلع کے اختیارات استعمال کریگا۔

"Sarkar"

**[(9) the words †"Sarkar-e-Ali" shall mean the Prime Minister. In all Acts made by the Legislative Council the words "Sarkar-e-Ali" shall be substituted for the words "Madar-ul-Moham Sarkar-e-Ali" or the word "Sarkar";]

سرکار۔ [(۹)[2]۔ الفاظ "سرکار عالی"[3] سے صدر اعظم مراد ہے۔ جملہ قوانین نافذہ مجلس وضع قوانین میں بجائے الفاظ "مدار المہام سرکار عالی" یا لفظ "سرکار" الفاظ "سرکار عالی" قائم کئے جائیں۔

*As amended by Act No. VI of 1310 F.

**As amended by Act No. XV of 1329 F.

†See Act No. XVIII of 1950.

[1] ترمیم بموجب دفعہ ۲ قانون نشان ۶ ۱۳۱۰ ف

[2] ترمیم بموجب دفعہ ۲ قانون نشان ۱۵ ۱۳۲۹ ف

[3] نوٹ ملاحظہ ہو منسلکہ قانون نشان ۱۸ ۱۹۵۰ء دفعہ ۴ ضمن (الف)

(Translation)

"Principal Revenue Department"

(10) "Principal Revenue Department" shall mean the Board of Revenue, or the department vested with powers of the Board of Revenue, in reference to which the words "Principal Revenue Department" are used;

"Local Authority"

(11) the words "Local Authority" shall mean a municipal committee, local fund committee, or such other committee which may be entitled to expend and control any local income according to law;

"Taluqdar"

(12) the word "Taluqdar" shall mean the officer in charge of the administration of the Revenue Department of a district; and in the *[Amaldari of Sirpur-Tandur, the Amaldar, Sirpur-Tandur shall be deemed to be the Taluqdar;]

"District Court"

(13) "District Court" shall mean the principal Court of original jurisdiction in a district;

"Magistrate"

(14) the word "Magistrate" shall include every person exercising all or any of the powers of a Magistrate under the Code of Criminal Procedure but shall not include the judges of the

*As amended by Act No. VI of 1310 F.

اعلیٰ محکمۂ مال۔ (۱۰) "اعلیٰ محکمہ مال" سے مراد مجلس مالگزاری یا اس محکمہ سے ہوگی جس کو مجلس مالگزاری کے وہ اختیارات عطا کئے گئے ہوں جن کے ذکر میں لفظ "اعلیٰ محکمہ مال" کا استعمال کیا گیا ہو۔

مجلس مقامی۔ (۱۱)۔ الفاظ "مجلس مقامی" سے مراد مجلس صفائی یا مجلس لوکل فنڈ یا اور ایسی مجلس سے ہوگی جس کو از روئے قانون کسی مقامی آمدنی کے خرچ و نگرانی کا اختیار ہو۔

تعلقدار (۱۲)۔ لفظ "تعلقدار" سے وہ عہدہ دار مراد ہوگا جس کے اہتمام میں کسی ضلع کے صیغہ مال کا انتظام ہو۔ اور عملداری سرپور تانڈور کے لئے عملدار سرپور تانڈور تعلقدار متصور ہوگا۔

عدالت ضلع۔ (۱۳)۔ "عدالت ضلع" سے مراد اس اعلیٰ عدالت سے ہوگی جس کو کسی ضلع میں مقدمات ابتدائی کی سماعت کا اختیار ہو۔

ناظم فوجداری (۱۴)۔ الفاظ "ناظم فوجداری" میں ہر ایسا شخص داخل ہوگا جو بموجب مجموعۂ ضابطہ فوجداری کے کل یا بعض اختیارات ناظم فوجداری کے عمل میں لاتا ہو لیکن ارکان مجلس عالیہ عدالت

* ترمیم بموجب نمبر ۶ قانون نشان ۶ سنہ ۱۳۱۰ ف

(Translation)

High Court or the Judges of Divisional Courts ;

"Jarida" — (15) the word "Jarida" shall mean the Jarida notified by the Government which is published under the order of the Government ;

"Notification" — (16) the word "Notification" shall mean a notification published in the Jarida by a lawful order ;

"Order" — *[(16-A) the word "Order" shall mean an order given by a Government servant in exercise of any power vested in him by law;]

"Rule" — (17) the word "Rule" shall mean a rule made in accordance with the power conferred by any law ;

"Government Servant" — *[(17-A) the words "Government Servant" shall include every person who receives a monthly pay or remuneration from the †Government, or who receives any wages for Government work, or who does any Government work without wages ;]

*As amended by Sec. 2 of Act No. VI of 1310 F.

† As amended by Act No. XV of 1329 F.

نظامت عدالت سمت اس میں داخل نہ ہوں گے ۔

جریدہ ۔ (۱۵) ۔ لفظ "جریدہ" سے جریدہ اعلامیہ سرکاری مراد ہوگی جو زیر حکم سرکار عالی[1] شائع ہوتا ہو ۔

اشتہار ۔ (۱۶) ۔ لفظ "اشتہار" سے ایسا اشتہار مراد ہوگا جو از روے حکم جائز جریدہ میں شائع ہوا ہو ۔

حکم ۔ (الف ۱۶)[3] ۔ لفظ "حکم" سے ایسا حکم مراد ہوگا جو کوئی سرکاری ملازم کسی ایسے اختیار کے استعمال میں دے جو اس کو قانوناً حاصل ہو ۔

قاعدہ ۔ (۱۷) ۔ لفظ "قاعدہ" سے ایسا قاعدہ مراد ہوگا جو ایسے اختیار کے رو سے مرتب کیا گیا ہو جو کسی قانون سے عطا ہوا ہو ۔

ملازم سرکاری ۔ (الف ۱۷)[2] ۔ الفاظ "ملازم سرکاری" میں ہر شخص داخل ہے جو سرکار عالی[1] سے ماہوار یا حق المحنت پاتا ہو یا جس کو کسی کار سرکاری کے معاوضہ میں اجرت ملتی ہو نہ یا جو کوئی کار سرکاری بلا اجرت کرتا ہو ۔

۱ ۔ ترمیم بموجب دفعہ ۲ قانون نشان ۵ ۱۳۲۹ ف

۲ ۔ ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن ۵ قانون نشان ۶ ۱۳۱۰ ف

۳ ۔ ترمیم بموجب دفعہ ۲ قانون نشان ۶ ۱۳۱۰ ف

(*Translation*)

Explanation (1). Railway employees, members and servants of municipal committees shall also be considered as Government servants;

Explanation (2). Wherever the expression "Government Servant" occurs, it applies to every person who is virtually holding the office of a Government servant, whatever defect there might be in his right to hold that post;

"Act of a Government Servant"

‡[(17-B) the words "Act of a Government" shall mean an act which he may do in the official capacity ;]

"Order of a Government Servant"

(18) the words "Order of a Government servant" shall mean only the order made by a Government servant in the exercise of his official powers virtually vested in him or which he believes in good faith to vest in him and has not been cancelled by any other order;

"Power"

(19) the word "power" means a legal power;

"Property"

‡[(19-A) the word "property" shall extend to both immovable and movable ;]

"Immovable property"

(20) the words "immovable property" shall include land, rights of benefits arising out of land and all things

‡As amended by Act No. VI of 1310 Fasli.

تشریح (۱)۔ ملازمان ریلوے اور ارکان و ملازمان مجالس صفائی بھی ملازم سرکاری متصور ہوں گے۔

تشریح (۲)۔ ہر مقام پر جہاں "سرکاری ملازم" کا لفظ آیا ہے اس کا اطلاق ہر شخص پر ہے جو کسی سرکاری ملازم کے عہدہ پر فی الواقع قائم ہو گو اُس شخص کے اُس عہدہ پر قائم ہونے کے استحقاق میں کیسا ہی سقم ہو۔

سرکاری ملازم کے فعل | (ب ۱۷)۔ الفاظ "سرکاری ملازم کے فعل" سے مراد ایسے فعل سے ہوگی جو وہ بحیثیت عہدہ کے کرے۔

حکم ملازم سرکاری | (۱۸)۔ الفاظ "حکم ملازم سرکاری" سے مراد صرف اس حکم سے ہوگی جو کسی ملازم سرکاری نے اپنے اختیارات ملازمت کے استعمال میں دیا ہو جو اس کو فی الحقیقت حاصل ہوں یا جو وہ نیک نیتی سے باور کرتا ہو کہ اسے حاصل ہیں اور جو اور کسی حکم کے رو سے منسوخ نہ ہوا ہو۔

اختیار۔ | (۱۹)۔ لفظ "اختیار" سے قانوناً اختیار مراد ہے۔

جائداد | (الف ۱۹)[1]۔ لفظ "جائداد" غیر منقولہ اور منقولہ دونوں پر حاوی ہوگا۔

جائداد غیر منقولہ۔ | (۲۰)۔ الفاظ "جائداد غیر منقولہ" میں اراضی اور حقوق استفادہ اراضی اور وہ کل اشیاء

[1] ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن ۶ قانون نشان ۶ ۱۳۱۰ف

(Translation)

attached to the earth, or permanently fastened to any thing attached to the earth so long as it is thus attached or fastened;

"Movable property"

(21) the words "movable property" shall mean property of every description other than immovable property;

"Goods"

*[(21-A) the word "goods" shall not extend to immovable property;]

"Rupee"

†[(22) "rupee" means a rupee in I.G. currency and fractional denominations of a rupee shall be construed accordingly;]

"Writing"

(23) the word "writing" the expressions including the word "writing" shall include impression of every kind and every mode by which words are represented on any material substance;

"Signature"

(24) the word "signature" and the expressions including the word signature shall, when used with respect to any person who is unable to write his name, include the mark of his seal, or any other "mark";

"Document"

(25) the word "document" shall include any matter recorded in writing by such means as are intended to

*As amended by Act No. VI of 1310 F.

داخل ہوں گی جو زمین سے ملصق ہوں یا ایسی شئے کے ساتھ دائماً پیوستہ ہوں جو زمین سے ملصق ہو تاوقتیکہ وہ اس طور پر ملصق یا پیوستہ رہے۔

جائداد منقولہ | (۲۱)۔ الفاظ "جائداد منقولہ" سے جائداد غیر منقولہ کے علاوہ ہر قسم کی جائداد مراد ہے۔

مال۔ | (۲۱-ا) لفظ "مال" جائداد غیر منقولہ پر حاوی نہ ہوگا۔

†[(22) "rupee" means a rupee in I.G. currency and fractional denominations of a rupee shall be construed accordingly;]

تحریر۔ | (۲۳)۔ لفظ "تحریر" اور ان الفاظ میں جن میں لفظ تحریر شامل ہو ہر قسم کا چھاپہ اور ہر ایسا طریقہ داخل ہے جس کے ذریعہ سے الفاظ کسی مادی شئے پر ظاہر کئے جائیں۔

دستخط۔ | (۲۴)۔ لفظ "دستخط" اور ان الفاظ میں جن میں لفظ دستخط شامل ہو جب وہ بہ تعلق کسی ایسے شخص کے مستعمل ہوں جو اپنا نام نہ لکھ سکے تو اسکی علامت مہر یا اور کوئی "علامت" داخل ہوگی۔

دستاویز | (۲۵)۔ لفظ "دستاویز" میں ہر ایسا

ف۔ ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن (۷) قانون نشان ۶ سنہ ۱۳۱۰ ف

†As amended by Act No. I of 1953. Published in Gazette Extraordinary No. 47 dated 1st April, 1953.

(*Translation*)

be used, or which may be used, for the purpose of recording that matter;

"Valuable security"

‡[(25-A) the words "valuable security" shall mean a document which is or purports to be a document whereby any legal right is created, extended, transferred, restricted, extinguished, or released or whereby any person acknowledges that he is legally liable or that a certain legal right does not belong to him;]

"Bond"

‡[(25-B) the word "bond" shall also include a document whereby a person promised to another to make payment of money on condition that, if a particular act is done, or a particular act is not done, the said promise shall become void;]

"Will"

(26) the word "will" shall include a codicil and every writing having a mention of a voluntary posthumous transfer or disposition of any property;

"Registered"

‡[(26-A) the word "registered" shall be said of a document duly registered in H. H. the Nizam's Dominions;]

‡As amended by Act No. VI of 1310 F.

مضمون داخل ہوگا جو ایسے ذرائع سے ضبط تحریر میں لایا گیا ہو جن کا اس مضمون کے تحریر کے لئے استعمال ہونا مقصود ہو یا جو اس مضمون کے تحریر کے لئے استعمال ہو سکیں۔

کفالت المال۔ [(الف ۲۵)[1]]۔ الفاظ "کفالت المال" سے وہ دستاویز مراد ہے جو ایسی دستاویز ہو یا ایسی دستاویز سمجھے جانے کی حیثیت رکھتی ہو جس کے ذریعہ سے کوئی قانونی حق پیدا کیا جائے یا بڑھایا جائے یا منتقل کیا جائے یا مقید کیا جائے یا زائل کیا جائے یا چھوڑ دیا جائے یا جس کے ذریعہ سے کوئی شخص مقر ہو کہ میں قانوناً ذمہ دار ہوں یا فلاں قانونی حق میرا نہیں ہے۔

تمسک۔ [(ب ۲۵)[2]]۔ لفظ "تمسک" میں ایسی دستاویز بھی داخل ہوگی جس کی رو سے ایک شخص دوسرے سے زر نقد ادا کرنے کا وعدہ اس شرط پر کرے کہ اگر کوئی خاص فعل کیا جائے یا کوئی خاص فعل نہ کیا جائے تو وہ وعدہ فسخ ہو جائے گا

وصیت نامہ۔ [(۲۶)]۔ لفظ "وصیت نامہ" میں تمام وصیت نامہ اور ہر قسم کا نوشتہ داخل ہوگا جس میں موصی کی وفات کے بعد اس کی مرضی کے موافق کسی جائداد کے انتقال یا تصرف کا ذکر ہو۔

رجسٹری شدہ۔ [(الف ۲۶)[2]]۔ الفاظ "رجسٹری شدہ" اس دستاویز کو کہیں گے جس کی رجسٹری حسب

[1] ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن (۸) قانون نشان (۶) سنہ ۱۳۱۰ ف
[2] ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن ۹ قانون نشان (۶) سنہ ۱۳۱۰ ف

(*Translation*)

(27) the word "oath" shall include affirmation and every declaration of the person by law allowed to affirm or declare instead of swearing;

"Oath"

*[(28) the word "affidavit" means the statement made in writing and certified by oath before an officer of a court or other authority;]

"Affidavit"

(29) the word "act" when used with respect to an offence or wrong for which a suit for damages can be instituted shall include a series of acts; and words which refer to acts done shall also extend to illegal omissions;

"Act"

(30) the word "offence" shall mean any act or omission made punishable under any law by a Criminal Court;

"Offence"

(31) the word "abet" and its derivatives shall be used in the same meaning as in the Hyderabad Penal Code;

"Abet"

(32) the word "illegal" applies to

"Illegal"

* As amended by Act No. VI of 1310 F.

قانون ممالک محروسہ سرکار عالی میں ہوئی ہو۔

حلف۔ (۲۷)۔ لفظ "حلف" میں اقرار صالح اور ہر اقرار ایسے شخص کا داخل ہوگا جو بجائے حلف قانوناً اقرار صالح یا اقرار کرنے کا مجاز ہو۔

بیان حلفی۔ (۲۸)[1]۔ الفاظ "بیان حلفی" سے مراد ایسا بیان ہے جو بذریعہ تحریر کیا جائے اور جس کی تصدیق حلف سے کسی حاکم عدالت یا اور حاکم مجاز کے روبرو کی گئی ہو۔

فعل۔ (۲۹)۔ لفظ "فعل" میں جب وہ بہ تعلق کسی جرم یا فعل ناجائز کے جس کی بابتہ ہرجہ کا دعویٰ ہوسکتا ہو استعمال ہو سلسلہ افعال داخل ہوگا اور الفاظ جو فعل مرتکبہ سے منسوب ہیں ناجائز ترک فعل پر بھی حاوی ہوں گے۔

جرم۔ (۳۰)۔ لفظ "جرم" سے کوئی ایسا فعل یا ترک فعل مراد ہوگا جو کسی قانون کی رو سے عدالت فوجداری سے قابل سزا قرار دیا گیا ہو۔

اعانت۔ (۳۱)۔ لفظ "اعانت" اور اس کے مشتقات اسی معنی میں استعمال ہوں گے جس میں وہ مجموعۂ تعزیرات ممالک محروسہ سرکار عالی میں استعمال ہوئے ہیں۔

خلاف قانون۔ (۳۲)۔ الفاظ "خلاف قانون"

[1] ترمیم بموجب فرمان ضمن (۱۰) قانون نشان ۶ ۱۳۱۰ف

• *(Translation)*

everything which is an offence or which is prohibited by law, or which forms a ground for a civil action;

"Legally bound to do"

(33) the words "legally bound to do" may be used in respect of a person when its omission by him is illegal;

"Injury"

(34) the word "injury" means every kind of damage illegally caused to any person in body, mind, reputation or goods;

"Public nuisance"

(35) the words "public nuisance" shall mean a public nuisance as defined in the Hyderabad Penal Code;

"An act to be done in good faith"

(36) an act shall be deemed "to be done in good faith" also in the case where it is in fact done in good faith eventhough it is done negligently;

"Imprisonment"

(37) the word "imprisonment" shall include both rigorous imprisonment and simple imprisonment;

"Month"

(38) the word "month" means a month reckoned according to the *[Ilahi] era;

*As amended by Act No. VI of 1310 F.

کا ہر ایسے امر پر اطلاق ہے جو جرم ہو یا قانوناً ممنوع ہو یا کسی نالش دیوانی کی بنا پر قائم کرے۔

امر کرنا قانوناً واجب ہے۔ (۳۳) "الفاظ امر کا کرنا قانوناً واجب" کسی شخص کے متعلق اس وقت استعمال کئے جاسکیں گے جب کہ اس شخص کا اس امر کو ترک کرنا خلاف قانون ہو۔

مضرت۔ (۳۴) لفظ "مضرت" سے ہر طرح کا نقصان مراد ہے جو خلاف قانون کسی شخص کے جسم یا خاطر یا نیک نامی یا مال کو پہنچایا جائے۔

امر باعث تکلیف عام۔ (۳۵) الفاظ "امر باعث تکلیف عام" سے ایسا امر باعث تکلیف عام مراد ہوگا جس کی تعریف مجموعۂ تعزیرات ممالک محروسہ سرکار عالی میں کی گئی ہے۔

نیک نیتی سے کسی فعل کا کیا جانا (۳۶)۔ الفاظ "نیک نیتی سے کسی فعل کا کیا جانا" اس حالت میں بھی سمجھا جائے گا جب وہ فی الواقع نیک نیتی سے کیا جائے خواہ وہ غفلت ہی سے کیا گیا ہو۔

قید۔ (۳۷) لفظ "قید" میں قید بامشقت و قید سادہ دونوں داخل ہیں۔

مہینہ۔ (۳۸) لفظ "مہینہ"[۵۲] سے وہ مہینہ مراد ہے جو مطابق سال الٰہی[۵۱] کے شمار کیا جائے۔

۵۱ ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن (۱۱) قانون نشان ۶ ۱۳۱۰ ف

۵۲ ملاحظہ ہو ضمیمہ منسلکہ قانون نشان ۱۸ ۱۹۵۰ء دفعہ ۴ ضمن (ب)

(Translation)

"Year" (39) the word "year" means a year reckoned according to the *[Ilahi] era;

"Singular and plural" (40) the words importing the singular number shall also extend to the plural number;

"Masculine and feminine" (41) the words importing the masculine gender shall also extend to the feminine gender;

"Public" (42) the word "public" extends to every community of public or class of people;

"Person" (43) the word "person" shall include any company or association or body of persons, whether incorporated or not;

*["Minor" (43-A) the word "minor" means a person the eighteenth year of whose age has not been completed;]

"Father" (44) the word "father" shall include every such person in whose personal law adoption is permitted and who has adopted;

"Son" (45) the word "son" shall include every such person in whose personal law adoption is permitted and who has been adopted;

"Cattle" *[(45-A) the word "cattle" shall include elephant, camel,

*As amended by Act No. VI of 1310 F.

سال ۔ (۳۹) ۔ لفظ "سال" سے وہ سال مراد ہے جو مطابق حساب الٰہی کے شمار کیا جائے ۔

واحد و جمع ۔ (۴۰) ۔ الفاظ جو صیغہ واحد پر دلالت کرتے ہوں صیغہ جمع پر بھی حاوی ہوں گے ۔

مذکر و مونث ۔ (۴۱) ۔ الفاظ جو جنس مذکر پر دلالت کرتے ہوں جنس مونث پر بھی حاوی ہوں گے ۔

عامہ ۔ (۴۲) ۔ لفظ "عامہ" ہر فرقہ عوام الناس یا طبقۂ خلائق پر حاوی ہے ۔

شخص ۔ (۴۳) لفظ "شخص" میں ہر کمپنی یا جماعت یا گروہ اشخاص کا داخل ہوگا خواہ اس کو نہ اشتراک ملی ہو یا نہ ملی ہو ۔

نابالغ ۔ (الف ۴۳)[۵۱] لفظ "نابالغ" سے وہ شخص مراد ہے جس کی عمر کا اٹھارواں سال ختم نہ ہوا ہو ۔

باپ ۔ (۴۴) لفظ "باپ" میں ہر ایسا شخص داخل ہوگا جس کے قانون ذاتی میں تبنیت کی اجازت ہو اور جو متبنیٰ کیا گیا ہو ۔

بیٹا ۔ (۴۵) لفظ "بیٹا" میں ہر ایسا شخص داخل ہوگا جس کے قانون ذاتی میں تبنیت کی اجازت ہو اور جو متبنیٰ کیا گیا ہو ۔

مویشی ۔ (الف ۴۵)[۵۲] لفظ "مویشی" میں

۵۱ ملاحظہ ہو ضمیمہ منسلکہ قانون نشان ۸ ۱۹۵۰ء دفعہ ۴ ضمن (ب)

۵۱ ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن ۱۲ قانون نشان ۶ ۱۳۱۰ ف

۵۲ " " " ۲ " ۱۳ " " ۶ ۱۳۱۰ ف

(*Translation*)

bullock, buffalo, horse, pony, mule, ass, pig, ram and goat;]

"Vessel".

(46) the word "vessel" shall include every ship or boat, or other description of vessels which may be used in navigation;

Sarfikhas area and Sarfikhas servants shall be deemed to be of Government.

*[(2-*A*) In this Act and in all Acts passed by the Legislative Council, unless there is anything repugnant in the subject or context—

(1) when there is a reference to the area of H.H. the Nizam's Government, it shall be deemed to include the area of the Sarf-i-khas also ;

(2) when there is a reference to a government servant, it shall also include a servant of the Sarf-i-khas.]

APPLICATION OF ACTS.

Extent.

3. Unless a different intention appears—

†[(1) every Act shall extend to the whole of H.H. the Nizam's Dominions;

Coming into operation of Acts.

(2) every Act shall come into operation after one month from the date of publication thereof in the Jarida ;

*As amended by Act No. IX of 1322 F.

†As amended by Act No. VI of 1310 F.

ہاتھی، اونٹ، بیل، بھینس، گھوڑا، ٹٹو، خچر، گدھا، سؤر، مینڈھا اور بکرا داخل ہوگا۔

مرکب تری - (۴۶) - الفاظ "مرکب تری" میں ہر جہاز یا کشتی یا اور قسم کا مرکب تری داخل ہوگا جو پانی پر چلائے جانے کے لئے استعمال کیا جاسکے

علاقہ صرف خاص و ملازمان صرف خاص سرکاری متصور ہوں گے

دفعہ ۲ (الف)[۵۱] بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو قانون ہذا اور نیز جملہ قوانین نافذہ مجلس وضع قوانین میں :-

(۱) جب علاقہ سرکار عالی کا حوالہ ہو تو اُس میں علاقہ صرف خاص بھی داخل سمجھا جائے گا۔

(۲) جب ملازم سرکاری کا ذکر ہو تو اس میں ملازم صرف خاص بھی داخل ہوگا۔

اطلاق قوانین

دفعہ ۳ - اگر منشا خلاف ظاہر نہ ہو تو :-

وسعت مقامی - (۱)[۵۲] - ہر قانون ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔

قوانین کا نافذ ہونا - (۲)[۵۲] ہر قانون کا نفاذ تاریخ اشاعت جریدہ سے ایک مہینہ بعد ہوگا۔

[۵۱] ترمیم بموجب دفعہ ۲ قانون نشان ۹ سنہ ۱۳۲۲ ف

[۵۲] ترمیم بموجب دفعہ ۳ قانون نشان ۶ سنہ ۱۳۱۰ ف

(Translation)

Repeal.

(3) when an Act comes into operation all those enactments and parts of enactments shall be repealed the subject of which has been merely repeated in, or is absolutely contradictory to that Act;

Repeal shall not revive enactment.

(4) by a repeal of any Act the enactments and orders which might have been repealed thereby shall not come into operation;

Effect of repeal.

(5) a repeal of any Act shall not affect—

(*a*) the previous operation of any repealed enactment or anything established by that enactment or duly done ; or

(*b*) any right, privilege, obligation or liability accrued or incurred under any repealed enactment ; or

(*c*) any penalty, forfeiture or punishment incurred in respect of any offence committed against any repealed enactment ; or

(*d*) any investigation, legal proceeding or remedy in respect of any such right, privilege, obligation, liability, penalty, forfeiture or punishment as aforesaid ;

and any such investigation, legal proceeding or remedy shall be instituted, continued or enforced, and any

تنسیخ - (۳) - جب کوئی قانون نافذ کیا جائے تو وہ کل قوانین اور اجزاء قوانین منسوخ ہو جائیں گے جن کا مضمون محض اعادہ یا قطعی متناقض اس قانون کے ہو۔

تنسیخ سے کسی قانون کی تجدید نہ ہوگی

(۴) - کسی قانون کی تنسیخ سے وہ قوانین و احکام جو اُس قانون سے منسوخ ہوئے ہوں نافذ نہ ہو جائیں گے۔

تنسیخ کا اثر - (۵) - کسی قانون کی تنسیخ موثر نہ ہوگی :-

(الف) - کسی ایسے قانون کے عمل سابق پر جس کی تنسیخ کی جائے یا کسی ایسے امر پر جو اُس قانون کی رو سے قائم رہا ہو یا حسب ضابطہ کیا گیا ہو - یا

(ب) - کسی ایسے حق یا استحقاق یا پابندی یا ذمہ داری پر جو کسی قانون کی رو سے جس کی تنسیخ کی جائے پیدا یا عائد ہوئی ہو - یا

(ج) - کسی ایسے تاوان یا ضبطی یا سزا پر جو کسی ایسے جرم کے متعلق ہوئی ہو جس کا ارتکاب بخلاف ورزی کسی قانون کے جس کی تنسیخ کی جائے ہوا ہو - یا

(د) کسی ایسی تفتیش یا قانونی کارروائی یا چارہ جوئی پر جو نسبت کسی ایسے حق یا استحقاق یا پابندی یا ذمہ داری یا تاوان یا ضبطی یا سزا متذکرۂ بالا کے ہو۔

اور کوئی ایسی تفتیش یا قانونی کارروائی یا چارہ جوئی اُسی طرح رجوع کیجائیگی یا جاری رکھی جائیگی۔

ترمیم بموجب دفعہ ۳ قانون نشان ۶ ۱۳۱۰ ف

(Translation)

such penalty forfeiture or punishment shall be so imposed as if the enactment had not been repealed.]

Construction of references to repealed enactments.

4. Where any provision of an Act is repealed and it is re-enacted in the repealing Act without any change in the objective, the references in any other enactment or instrument in respect of the provision so repealed shall, (unless a different intention appears) be the reference in respect of the provision so re-enacted.

Comencement and termination of time.

5. (1) If any period of *[time] is mentioned the day from which it is stated to commence shall not be included in the time but the day upto which it is stated to last shall be included therein ;

(2) If any amount or quantity is mentioned, it shall include the highest limit expressed therein.

Computation of time.

6. Where, by any Act, an Act or proceeding is done, or allowed in any Court of office on a certain date or within a prescribed period; then, if the said Court or Office is closed on that date or on the last day of the prescribed period, the act or proceeding shall be considered as done or taken on the due date or in due time if it is done on the *[day] on

*As amended by Act No. VI of 1310 F.

یا نافذ کی جائے گی اور کوئی ایسا تاوان یا تسطیلی یا سزا اسی طرح عائد کی جاسکے گی کہ گویا کہ تنسیخ عمل میں نہیں آئی تھی۔

تعبیر منسوخ شدہ قوانین کے حوالوں کی۔

دفعہ ۴ - ہرگاہ کوئی حکم کسی قانون کا منسوخ کیا جائے اور قانون تنسیخ کنندہ میں وہ بلا تبدل مقصود دوبارہ منضبط ہو تو وہ حوالے جو کسی اور قانون یا نوشتہ میں اس حکم منسوخ شدہ سے متعلق ہوں (بجز اس کے کہ اس کے خلاف منشا ظاہر ہو) اس حکم سے متعلق ہوں گے جو دوبارہ منضبط کیا گیا۔

آغاز و اختتام مدت۔

دفعہ ۵ - (۱) - اگر کسی مدت[1] کا ذکر کیا جائے تو وہ دن جس کا آغاز مذکور ہو اس مدت[1] میں داخل نہ ہوگا لیکن جس دن تک اس کا قیام مذکور ہو وہ داخل ہوگا۔

(۲) اگر کسی رقم یا مقدار کا ذکر کیا جائے تو جو غایت اس میں مذکور ہو وہ داخل ہوگی۔

وقت کا شمار۔

دفعہ ۶ - ہرگاہ کسی قانون کی رو سے کوئی کام یا کارروائی کسی عدالت یا دفتر میں کسی خاص تاریخ پر یا ایک مقررہ مدت کے اندر کی جانی ہو تو اگر عدالت یا دفتر مذکور اس تاریخ کو یا مدت[2] مقرر کی یا آخیر دن بند ہو اور وہ کام یا کارروائی اس دن[2] کی جائے جس دن عدالت

[1] ترمیم بموجب دفعہ ۴ قانون نشان ۶ بابتہ سنہ ۱۳۱۰ ف۔

[2] ترمیم بموجب دفعہ ۵ قانون نشان ۶ بابتہ سنہ ۱۳۱۰ ف

(Translation)

which the said Court or Office is open.

Measurement of distances.

7. Measurement of a distance for the purposes of any Act shall, unless a different intention appears, be made ina straight line on a plane.

Duty to be taken *pro rata* in enactment.

8. Where, by any act, any duty of customs or excise or in the nature thereof is leviable on a certain quantity, by weight, measure or value, of grains or merchandise then a like duty shall, unless a different intention appears, be leviable at the same rate in proportion to the quantity.

POWERS AND FUNCTIONARIES.

Powers conferred shall be exercisable from time to time.

9. Where, by any Act, any power is conferred, that power may be exercised from time to time as occasion requires.

Power to appoint includes power to appoint *ex officio*.

10. Where, by any Act, a power to confer any authority or to make an appointment to fill any office or execute any function is conferred, then, unless it is otherwise expressly provided, such

یا دفتر مذکور کھلے تو وہ اُسی تاریخ یا اُسی مدت کے اندر کی گئی خیال کی جائے گی۔

فاصلوں کی پیمائش

دفعہ ۷ - کسی قانون کے اغراض کے واسطے فاصلہ کی پیمائش بجز اُس کے کہ کچھ اور منشا پایا جائے سطح خط مستقیم کے ذریعہ سے ہوگی۔

قوانین میں محصول بحساب رسدی سمجھا جائے گا

دفعہ ۸ - ہرگاہ کسی قانون کی رو سے کوئی محصول کروڑ گیری یا آبکاری یا اور کوئی اسی قسم کا محصول اجناس یا مال تجارتی کی خاص مقدار پر بحساب وزن یا پیمانہ یا مالیت کے قابل اخذ ہو تو بجز اس کے کہ منشا اُس کے خلاف ظاہر ہو اُس قسم کا محصول اُسی شرح سے بہ مناسبت مقدار قابل اخذ ہوگا۔

اختیارات و عہدہ داران

اختیارات جو عطا ہوئے ہوں وقتاً فوقتاً قابل نفاذ ہوں گے۔

دفعہ ۹ - ہرگاہ کسی قانون کی رو سے کوئی اختیار عطا ہو تو وہ اختیار وقتاً فوقتاً حسب ضرورت عمل میں لایا جا سکے گا۔

اختیار تقرر میں اختیار تقرر بہ اعتبار عہدہ داخل ہے

دفعہ ۱۰ - ہرگاہ کسی قانون کی رو سے کوئی اقتدار عطا کرنے کا یا کسی عہدہ پر یا کسی کام کے انجام دینے کے لئے تقرر کا اختیار عطا کیا جائے تو بجز اس کے کہ

(Translation)

authority may be given, or such appointment may be made, either by name or by virtue of office; and every such authority or appointment shall take effect from the date on which intimation thereof reaches the person appointed and, where the appointment is made by notification in the Jarida, from the date of its publication in the Jarida.

*[Explanation :—The power to confer authority includes the power to cancel or modify authority conferred.]

Exercise of powers in case of transfer from one office to another.

11. When any Government servant is invested with powers within an area of land, and is transferred to any other office of a like nature either equal to, or higher than the office aforesaid, then unless it is otherwise directed, the said person may exercise the same powers in the area of land to which he is transferred.

Power to appoint includes power to suspend or dismiss.

12. Where, by any Act, a power to make any appointment is conferred on any officer, then, unless it is otherwise expressly provided, he shall also have power to suspend or dismiss any

*As amended by Act No. VI of 1310 Fasli.

اور طور پر صراحتاً حکم ہو کسی شخص کے نام سے یا عہدہ کے ذکر سے ایسا اقتدار دیا یا تقرر کیا جا سکتا ہے اور ہر ایسا اقتدار یا تقرر اُس تاریخ سے عمل میں آئے گا جس تاریخ سے اس کی اطلاع اس شخص کو پہونچے جس کا تقرر کیا گیا ہو اور اگر تقرر بذریعۂ اعلان جریدہ کے کیا جاتا ہو تو تاریخ اشاعت جریدہ سے۔

توضیح۔ اقتدار عطا کرنے کے اختیار میں اقتدارات عطا شدہ کو منسوخ یا تبدیل کرنے کا اختیار داخل ہے۔

ایک عہدہ سے دوسرے عہدہ پر منتقل ہونے کی صورت میں اختیارات عمل میں لانا

دفعہ ۱۱۔ جب کسی سرکاری ملازم کو کسی رقبۂ اراضی کے اندر اختیارات عطا کئے گئے ہوں اور وہ اس نوعیت کے کسی اور عہدہ پر جو عہدہ اول الذکر کے مساوی یا اس سے بالاتر ہو منتقل کیا جائے تو بجز اس کے کہ اور طور پر ہدایت کی جائے شخص مذکور اس رقبۂ اراضی میں وہی اختیارات عمل میں لا سکے گا۔

تقرر کے اختیار میں معطل یا موقوف کرنے کا اختیار داخل ہے

دفعہ ۱۲۔ ہرگاہ کسی قانون کی رو سے کسی عہدہ دار کو کسی تقرر کا اختیار عطا کیا گیا ہو تو بجز اس کے کہ اور طور پر صراحتاً حکم ہو کسی ایسے شخص کو

ترمیم بموجب دفعہ ۶ قانون نشان ۶ ۱۳۱۰ ف

(Translation)

person appointed in exercise of that power.

Substitution of functionaries.

13. In any Act, it shall be sufficient, for the purpose of indicating that a law relates to every person or persons for the time being exercising the powers in an office, to mention the designation of the officer at the time or generally exercising the said powers.

Successors.

14. The law which applies to any officer shall also apply to the successors of that officer and such of his deputies and subordinates as may be lawfully dicharging the duties of that officer.

PROVISIONS AS TO ORDERS AND RULES MADE UNDER ENACTMENTS.

Power to make rules, etc., includes power to add, vary or rescind them.

15. Where, by any Act, a power to make orders, rules or forms is conferrred, then, such power shall be exercised in accordance with the provisions of that Act, and the rules made shall be published in the jarida, and, on the publication, shall have the force of

جس کا تقرر اُس اختیار کے رو سے کیا گیا ہو معطل یا موقوف کرنے کا بھی اختیار ہوگا۔

عہدہ داروں کی جگہ دوسروں کا مامور ہونا۔

دفعہ ۱۳۔ کسی قانون میں اس امر کے اظہار کے واسطے کہ کسی قانون کا تعلق ہر ایسے شخص یا اشخاص سے ہے جو فی الوقت کسی عہدہ کے اختیارات عمل میں لاتے ہوں یہ امر کافی ہوگا کہ اُس عہدہ دار کے عہدہ کا نام جو اُس وقت یا عموماً اختیارات مذکور عمل میں لاتا یا عمل میں لایا کرتا ہو ذکر کیا جائے۔

جانشین۔

دفعہ ۱۴۔ جو قانون کسی عہدہ دار سے متعلق ہو وہ اُس عہدہ دار کے جانشینوں سے اور اس کے اُن نائبوں اور ماتحتوں سے بھی متعلق ہوگا جو جائز طور پر اُس عہدہ دار کا کام انجام دیتے ہوں۔

احکام نسبت اُن احکام اور قواعد کے جو از روئے قوانین مرتب کئے جائیں

قواعد وغیرہ مرتب کرنے کے اختیار میں اُن میں اضافہ یا تبدیل یا تنسیخ کرنے کا اختیار شامل ہے۔

دفعہ ۱۵۔ ہرگاہ کسی قانون کی رو سے احکام یا قواعد یا نمونجات کے مرتب کرنے کا اختیار عطا کیا گیا ہو تو وہ اختیار

(Translation)

law; and the aforesaid powers shall also include the power to add, to vary or rescind the orders, rules or forms made thereunder in such manner and subject to such restrictions and conditions as may be laid down in that Act.

Making and issuing of rules, etc., between passing and enforcement of enactments.

16. Where, by any Act, which is not to come into operation immediately on the passing thereof, a power is conferred to make rules or to issue orders with respect to the application of the relevant Act, or with respect to the appointment of any Judge or officer or with respect to the establishment of a Court or officer, or with respect to the person by whom or the time when, or the place where, or the manner in which, or the fees for which anything is to be done under the Act, then, that power may be exercised at any time after the passing of the Act; but rules, or orders so made and issued shall not take effect till the commencement of the Act.

بہ تبعیت اُس قانون کے استعمال کیا جائے گا۔ اور جو قواعد مرتب کئے جائیں وہ جریدہ میں طبع کئے جائیں گے اور بعد طبع حکم قانون رکھیں گے اور اختیار مذکور میں اُن احکام یا قواعد یا نمونہ جات میں جو اُس اختیار کی رو سے مرتب کئے گئے ہوں اُسی طریقہ سے اور انھیں قیود و شرائط کے ساتھ جن کا ذکر اُس قانون میں ہو اضافہ یا تبدل یا تنسیخ کا اختیار بھی شامل ہوگا۔

قواعد وغیرہ کا وضع کرکے جاری کرنا بین منظور ہونے اور نافذ ہونے قوانین کے۔

دفعہ ۱۶۔ ہرگاہ کسی ایسے قانون کی رو سے جس کا نفاذ عین بوقت منظوری نہ ہو قواعد کے مرتب کرنے کا یا متعلق قانون کے اطلاق کے یا کسی حاکم عدالت یا عہدہ دار کے تقرر کے یا عدالت یا عہدہ دار کے عملہ کے یا وراثہ اُس شخص کے جس کو یا اُس وقت کے جس میں یا اُس جگہ کے جہاں یا اُس طریقہ کے جس کے بموجب یا اُس فیس کے جس کے عوض کوئی کام حسب قانون مذکور کیا جانا چاہئے احکام جاری کرنے کا اختیار عطا کیا گیا ہو تو اختیار مذکور کسی وقت اور منظور ہونے قانون مذکور کے عمل میں لایا جا سکتا ہے لیکن جو قواعد یا احکام اس طرح مرتب اور جاری کئے جائیں وہ تا وقت نفاذ قانون مذکور نافذ نہ ہوں گے۔

(Translation)

Provisions to make rules, etc., after previous publication.

17. Where, by any Act, a power to make rules is given subject to the condition of the rules being made after previous publication, then, unless a contrary intention appears, the following provisions shall apply :—

(1) the authority having power to make the rules shall, before finally making them, publish a draft of the proposed rules in the Jarida ;

(2) there shall be published with the draft a notification for a date after which the draft will be taken into consideration ; and that date shall not be within one month from the date of publication of the notification ;

(3) the authority having power to make the rules, and where the rules are to be made with the sanction, approval or concurrance of another authority, that another authority also, shall consider any objections and opinions which may be received by the authority having power to make the rules from any person with respect to the draft before that date fixed ; but no person shall be allowed to make an objection to the effect that a certain objection of opinion has not been considered.

Construction of orders, etc., issued under enactments.

18. Where, by any Act, a power to issue orders, rules or forms is conferred, then expression in such orders, rules or forms shall, unless there is anything repugnant in the subject or con-

احکام متعلق مرتب کرنے قواعد وغیرہ کے بعد اس کے کہ وہ پیشتر شائع کئے جائیں -

دفعہ ۱۷ - ہرگاہ کسی قانون کی رو سے اختیار مرتب کرنے قواعد کا بمتابعت اُس شرط کے دیا جائے کہ وہ قواعد بعد مشتہری سابقہ مرتب کئے جائیں گے تو بجز اُس کے کہ اُس کے خلاف منشا ظاہر ہو احکام مندرجہ ذیل متعلق ہوں گے :-

(۱) - جس حاکم کو اختیار مرتب کرنے قواعد کا ہو وہ قبل اُن کے آخری طور پر مرتب کرنے کے ایک مسودہ قواعد مجوزہ کا جریدہ میں شائع کریگا

(۲) - مسودہ کے ساتھ ایک اعلان اُس تاریخ کا بھی شائع کیا جائے گا جس کے بعد مسودہ مذکور پر غور کیا جائے گا - اور وہ تاریخ تاریخ اشاعت اشتہار سے ایک ماہ سے کم فصل سے نہ ہوگی -

(۳) - جس حاکم کو قواعد مرتب کرنے کا اختیار ہو وہ اور جب قواعد منظوری یا پسندیا اتفاق کسی اور حاکم کے مرتب ہونے چاہئیں تو وہ دوسرا حاکم بھی اُن عذرات و آراء پر غور کرے گا جو اُس حاکم کے پاس جس کو اختیار مرتب کرنے قواعد کا ہو کسی شخص کے پاس سے نسبت مسودہ کے قبل اُس تاریخ مقررہ کے پہونچیں - لیکن کوئی شخص اس امر کے متعلق عذر کرنے کا مجاز نہ ہوگا کہ کسی عذر یا رائے پر غور نہیں کیا گیا -

تعبیر احکام وغیرہ کی جو قوانین کی رو سے جاری کئے جائیں -

دفعہ ۱۸ - ہرگاہ کسی قانون کے رو سے احکام

(Translation)

text, be taken to have the same meanings as in the Act.

Continuation of rules etc., issued under enactments repealed.

19. Where any Act is repealed and is enforced as a new Act with or without modification, then, unless it is otherwise expressly provided, any order, rule or form issued under the repealed Act shall, so far as it is not inconsistent with the provisions of the new Act, continue in force, and be deemed to have been issued thereunder, unless and until it is repealed by any order, rule, form or procedure issued under the new Act.

MISCELLANEOUS

Recovery of fines.

20. The provisions of the Hyderabad Penal Code and the Code of Criminal Procedure relating to fines shall apply to all fines imposed under any Act or rule, unless the Act or rule con-

یا قواعد یا نمونہ جات کے جاری کرنے کا اختیار عطا کیا گیا ہو تو اُن احکام یا قواعد یا نمونہ جات میں الفاظ کے بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اُس کے خلاف ہو وہی معنی لئے جائیں گے جو اُس قانون میں ہوں۔

ان قواعد وغیرہ کا قائم رہنا جو منسوخ شدہ قوانین کی رو سے جاری ہوئے ہوں۔

دفعہ ۱۹۔ ہرگاہ کوئی قانون منسوخ کیا جائے اور مع یا بلا ترمیم بطور قانون جدید نافذ کیا جائے تو بجز اُس کے کہ صراحتاً اور طور پر حکم ہو کوئی حکم یا قاعدہ یا نمونہ جو قانون منسوخ شدہ کی رو سے جاری ہو جہاں تک کہ وہ احکام قانون جدید کے متناقض نہ ہو نافذ رہے گا اور اُس کی رو سے جاری شدہ متصور ہوگا بشرطیکہ اور تا وقتیکہ وہ کسی ایسے حکم یا قاعدہ یا نمونہ یا ضابطہ سے منسوخ نہ ہو جائے جو از روئے قانون جدید جاری کیا جائے۔

متفرقات

جرمانوں کا وصول کیا جانا

دفعہ ۲۰۔ مجموعۂ تعزیرات ممالک محروسہ سرکار عالی اور مجموعۂ ضابطہ فوجداری کے جرمانہ کے متعلق احکام اُن تمام جرمانوں سے متعلق ہوں گے جو از روئے کسی قانون یا قاعدہ کے عائد کئے جائیں بجز اس کے کہ اُس قانون یا

(Translation)

tains an express provision to the contrary.

Provision as to offences punishable under two or more enactments.

21. Where an Act is an offence under two or more Acts, the offender shall be liable to be punished under any of those Acts; but shall not be liable to be punished separately under the two Acts for the same offence.

Citation of enactments.

22. (1) Where any Act is to be cited, it may be cited with its short title or its number and year.

(2) When a certain provision of an Act is cited, it may be cited by reference to the section and sub-section in which the provision is contained.

(3) Where any portion of an Act is cited, the citation shall, unless a contrary intention appears, be deemed to include the words in the beginning and end of that portion.

Appeal against orders of punishment.

23. Appeal against orders of punishment passed by the Court or departmentally shall unless it is otherwise provided, lie to the department immediately superior to the department imposing the punishment.

قاعدہ میں اُس کے خلاف صریح حکم ہو۔

احکام نسبت اُن جرائم کے جو دو یا زیادہ قوانین کے بموجب قابل سزا ہوں۔

دفعہ ۲۱۔ ہر گاہ کوئی فعل دو یا زیادہ قوانین کے بموجب جرم ہو تو مجرم کو اُن قوانین میں سے کسی کی رو سے سزا دی جا سکتی ہے لیکن ایک ہی جرم کی علت میں دو قوانین کی رو سے علیحدہ علیحدہ سزا نہیں دی جا سکتی۔

ذکر قوانین کا۔

دفعہ ۲۲۔ (۱)۔ ہر گاہ کسی قانون کا ذکر مقصود ہو تو اُس کے مختصر نام سے یا اُس کے نشان و سال سے اُس کا ذکر کیا جا سکے گا۔

(۲)۔ اگر کسی قانون کے کسی خاص حکم کا ذکر ہو تو وہ ذکر اُس دفعہ اور ضمن کے حوالہ سے کیا جا سکے گا جس میں وہ حکم منضبط ہو۔

(۳)۔ اگر کسی قانون کے کسی حصہ کا ذکر ہو تو بجز اس کے کہ منشا اُس کے خلاف ظاہر ہو اُس حصہ کے ابتدائی اور آخری الفاظ بھی داخل ذکر سمجھے جائینگے

احکام سزا کا مرافعہ۔

دفعہ ۲۳۔ جو احکام سزا عدالتانہ تجویز سے یا انتظامی طور پر صادر کئے جائیں تو بجز اُس کے کہ کوئی اور حکم اُس کے خلاف ہو ایسے احکام سزا کا مرافعہ اُس محکمہ میں ہوگا جو محکمہ مجوزہ کا عین بالا تر ہو۔

(Translation)

THE GOVERNMENT DEMANDS ACT.

NO. IV OF 1308 FASLI.

Sections.

1. Short title, local extent and commencement.

2. Particulars of demands recoverable by this Act.

3. Preparation of memorandum.

4. Copy of the memorandum to be sent to the defaulter.

5. Objection regarding memorandum.

6. Suit in a civil court for setting aside the memorandum or order.

7. Procedure for recovery of Government demands also applicable to Sarf-i-khas demands.

First Schedule.

Second Schedule.

قانون مطالبات سرکاری

نشان ۴ سنہ ۱۳۰۸ ف

۱ مختصر نام ۔ وسعت مقامی ۔ تاریخ نفاذ ۔

۲ تفصیل مطالبات جو اس قانون کی رو سے وصول کئے جا سکتے ہیں ۔

۳ یادداشت کا مرتب کیا جانا

۴ مثنیٰ یادداشت کا باقیدار کے پاس بھیجا جائے گا ۔

۵ عذرداری بنسبت یادداشت ۔

۶ عدالت دیوانی میں تنسیخ یادداشت یا حکم کا دعویٰ ۔

۷ مطالبات سرکاری کے وصول کرنیکا ضابطہ مطالبات صرفخاص سے بھی متعلق ہوگا ۔

ضمیمہ اول ۔

ضمیمہ دوم ۔

(Translation)

THE GOVERNMENT DEMANDS ACT.

No. IV OF 1308 F.

(Received the assent of the Madarul Moham on the 14th Ardebehisht, 1308 F.)

Whereas it is expedient to facilitate the recovery of certain Government demands; It is hereby enacted as follows :—

Short title, local extent and commencement.

1. This *Act may be called The Government Demands Act, and shall come into force in the whole of H.E.H. the Nizam's Dominions on the 1st Kurdad, 1308 Fasli. But nothing herein contained shall apply to the special orders issued before the passing of this Act, and to the recovery of land revenue and any sum in respect of which an express provision that it shall be recovered as land revenue is made in any law.

*Published in the Jarida dated 23rd Ardibehisht, 1308 F.

قانون مطالبات سرکاری

نشان (۴) ۱۳۰۸ف

(نواب مدارالمہام بہادر سرکار عالی نے بتاریخ ۱۴ ماہ اردی بہشت ۱۳۰۸ف منظور فرمایا)

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ بعض مطالبات سرکاری کے وصول کرنے میں سہولت ہو۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :-

مختصر نام۔ وسعت مقامی۔ تاریخ نفاذ۔

دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون مطالبات سرکاری" موسوم اور یکم خورداد ۱۳۰۸ف سے تمام ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا لیکن اسکی کوئی عبارت ان خاص احکام سے جو قبل منظوری قانون ہذا صادر ہوئے ہوں اور نیز زر مالگزاری کے اور کسی ایسی قسم کے وصول سے متعلق نہ ہوگی جس کی بابت صریح ہدایت کسی قانون میں ہو کہ وہ مثل زر مالگزاری کے وصول کی جائے۔

ے۔ مندرجہ جریدہ مورخہ ۲۳ اردی بہشت ۱۳۰۸ف

Particulars of demands recoverable by this Act.

2. In the following cases proceedings may be taken under this Act, unless there is any other law in force :—

(*a*) When there is any debt, or any sum recoverable from any person by the *[Government] under the express provision of any law, or any rule, or under an order issued as a rule before the passing of this Act;

(*b*) When there is any security money recoverable by the *[Government] from any lease-holder, contractor, purchaser at auction, or Government servant, or from his ; surety;

(*c*) When there is recoverable from any person any sum in respect of which such person has made an agreement with the *[Government] in writing that the *[Government] may recover it under the provisions of this Act;

Explanation.—In this section the word "debt" includes only the sum advanced as loan by the *[Government] to any person, or towards the payment of any person's debt with his consent before the passing of this Act.

Preparation of memorandum.

3. When there is recoverable from any person any sum of the nature mentioned in section 2, the Taluqdar of the District in

* As amended by Act No. III of 1308 F.

تفصیل مطالبات جو اس قانون کی رو سے وصول کئے جاسکتے ہیں۔

دفعہ ۲۔ مفصلۂ ذیل صورتوں میں اس قانون کی رو سے کارروائی کی جاسکتی ہے۔ بہ جز اس کے کہ کوئی اور قانون موجود ہو۔

(الف)۔ جب کسی شخص پر کوئی قرضہ یا کوئی رقم کسی قانون کے صریح حکم کی یا کسی قاعدہ یا ایسے حکم کی رو سے جو بہ طور قاعدہ قبل منظوری قانون ہذا جاری ہوا ہو بحق سرکار عالی واجب الوصول ہو۔

(ب)۔ جب کسی تعہد دار یا گتہ دار یا خریدار نیلام یا ملازم سرکاری یا اُن کے ضامن سے کوئی زر ضمانت بحق سرکار عالی واجب الوصول ہو۔

(ج)۔ جب کسی شخص سے کوئی ایسی رقم واجب الوصول ہو جس کی بابت اُس شخص نے تحریراً سرکار عالی سے یہ اقرار کیا ہو کہ سرکار عالی اس کو حسب احکام قانون ہذا وصول کر سکے گا۔

تشریح۔ اس دفعہ کے معنی میں لفظ قرضہ میں صرف وہ رقم داخل ہوگی جو سرکار عالی نے کسی شخص کو یا کسی شخص کی رضامندی سے اُسکے قرضہ کی ادائی کے واسطے قبل منظوری اس قانون کے بہ طور مبادلہ کے دی ہو۔

یادداشت کا مرتب کیا جانا۔

دفعہ ۳۔ جب کسی شخص سے کوئی رقم از اقسام متذکرہ دفعہ ۲ واجب الوصول

ے۔ ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن (۹) قانون نشان ۳ ۱۳۰۸ف

(Translation)

which such person resides or in which such sum is recoverable shall prepare a memorandum in the form set forth in the first Schedule specifying the reasons therefor and shall sign it and affix the office seal to it. Such memorandum shall be deemed to be a decree by a Court against that person in favour of the *[Government.] The Taluqdar may recover the demand mentioned in the memorandum in accordance with the procedure relating to the execution of decrees, and shall be deemed to be a court for the purposes of the recovery proceeding; and all provisions relating to the proceedings in the passing of decrees shall apply to such proceeding.

Copy of memorandum to be sent to defaulter.

4. (1) After a memorandum referred to in section 3 has been prepared a copy thereof shall, through a notice in the form set forth in the second Schedule, be sent to the person from whom the sum is recoverable. But such memorandum shall not be executed until two months from the date of service of the notice, or, if an objection has been filed, until such objection has been determined. But if the Taluqdar is satisfied by a statement on oath or evidence that such person intends to transfer or encumber his property with a view to prevent or delay the realization of the Government demand, he may, before the expiry of the prescribed period or the determination of the objection,

* As amended by Act No. III of 1308 F.

ہو تو اس ضلع کا تعلقدار جہاں وہ شخص رہتا ہو یا جہاں وہ رقم واجب الوصول ہو اسکی بابت بہ صراحت وجوہ ایک یادداشت حسب نمونہ ضمیمہ اول مرتب اور اس پر اپنی دستخط اور مہر محکمہ ثبت کرے گا اور وہ یادداشت اس شخص کے مقابلہ میں ایک عدالتی ڈکری بحق سرکار عالی متصور ہوگی اور تعلقدار مطالبہ مندرجہ یادداشت بہ پابندی ضابطہ متعلقہ اجرائے ڈکری وصول کر سکے گا اور کارروائی وصول کے واسطے عدالت متصور ہوگا اور کل احکام متعلق کارروائی اجرائے ڈکری کے ایسی کارروائی سے متعلق ہوں گے۔

مثنیٰ یادداشت کا باقی دار کے پاس بھیجا جائے گا۔

دفعہ ۴۔ (۱) یادداشت محولہ دفعہ ۳ کے مرتب ہونے پر اس کا مثنیٰ بہ ذریعہ اطلاع نامہ حسب نمونہ ضمیمہ دوم اس شخص کے پاس بھیجا جائے گا جس سے وہ رقم واجب الوصول ہو۔ لیکن اس یادداشت کی تعمیل تاریخ تعمیل اطلاع نامہ سے دو مہینہ تک اور اگر کوئی عذر پیش ہوا ہو تو اس کے تصفیہ تک نہ کی جائے گی۔ لیکن اگر تعلقدار کو کسی حلفی بیان یا شہادت سے اطمینان ہو کہ وہ شخص اس غرض سے کہ سرکاری مطالبہ وصول نہ ہو یا اس کے وصول میں تاخیر ہو اپنی جائداد کو منتقل یا زیر بار کرنا چاہتا ہے تو قبل از ختم مدت معینہ یا

* ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن (۹) قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

(*Translation*)

80. †[(1). If a Pattadar of a pote-number of any number tenders compromise the pote number shall be made over to such person from among the Pote-pattadars as may be entitled there to and if there is no such person or he does not take it then to him who pays the largest amount of land revenue and if he also does not take,

*Amended by Act No. III of 1355 Fasli.
†Amended by Act No. III of 1324 Fasli.

اقسام اراضی [سرکار عالی] سے قرار دیا گیا ہو اور ایک تختہ جس میں یہ قرار داد مندرج ہوگی آغاز پیمایش کے قبل ہر موضع کے منظر عام پر آویزان کیا جائے گا۔ یہ احکام اون نمبروں سے متعلق نہ ہوں گے۔ جو اس سے پہلے اوس سے کم رقبہ کے بن چکے ہوں یا اعلیٰ [عہدہ دار پیمایش] کے خاص حکم سے بنائے گئے ہوں یا جو بموجب احکام دفعہ ۲۵ زراعت کے علاوہ کسی اور کام میں لائے جانے کے لئے بحکم تعلقدار [ ] علٰحدہ محدود کرکے نمبر بنائے جائیں۔

جب کسی پوٹ نمبر کا پٹہ دار راضی نامہ دے تو وہ اوس نمبر کے پوٹ پٹہ داروں میں سے کسی کے سپرد کیا جا سکتا ہے۔

دفعہ ۸۰ [(۱) جب کسی نمبر کے پوٹ نمبر کا پٹہ دار راضی نامہ دے تو وہ پوٹ نمبر اس نمبر کے پوٹ پٹہ داروں کے منجملہ اوس شخص کے سپرد کیا جائے گا جو از روئے حقیت محق ہو اور اگر ایسا کوئی نہ ہو یا وہ نہ لے تو جو سب سے زیادہ مال گزاری دیتا ہو اور اگر وہ بھی نہ لے تو اسی طرح اس

۱ـ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ف
۲ـ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ف
۳ـ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۲۴ف

all the pote-pattadars of the same number shall in the same manner successively have the right.]

*[(2) If any Pote-pattadar or Shikmidar or any person in the Mahratwari districts does not take as is provided in sub-section (1), the land revenue of the said portion shall, unless the entire number is relinquished by them, be proportionately recovered from all the pote-pattadars.]

Settlement officer to make assessment.

81. Subject to rules made under section 172 the **[Survey officer] shall, with due regard to laws and subsisting rights, make the assessment on all lands within the local limits in respect of which an order may have been made under section 77. Provided the land is not wholly exempt from the land revenue; but nothing in this section shall be construed to prevent the **[Survey officer] from making or registering the assessments on land wholly exempt from land revenue or especially excepted under section 77

*Amended by Act No. III of 1324 Fasli.
**Amended by Act No. III of 1355 Fasli.

نمبر کے جملہ پوٹ پٹہ داروں کا حق یکے بعد دیگرے ہوگا]

[(۲) اگر اضلاع مرہٹواڑی میں کوئی پوٹ پٹہ دار یا شکمی دار یا کوئی شخص حسب ضمن (۱) نہ لے تو مالگزاری حصہ مذکور کی تمام پوٹ پٹہ داروں سے بحساب رسدی وصول کی جائے گی تاوقتیکہ وہ سالم نمبر کو چھوڑ نہ دیں]

[عہدہ دار پیمایش] تشخیص جمع کرے گا۔

دفعہ ۸۱۔ بپابندی قواعد جو مطابق دفعہ ۱۷۲ نافذ کئے جائیں۔ [عہدہ دار پیمایش] تمام اراضی پر جو اون حدود اراضی کے اندر ہو جن کے لئے بموجب دفعہ ۷۷ حکم صادر ہوا ہو بہ رعایت قوانین و حقوق موجودہ تشخیص جمع کرے گا بشرطیکہ اراضی مذکور کلاً رقم مالگزاری سے مستثنیٰ نہ ہو لیکن اس دفعہ کی کسی عبارت سے یہ نہ سمجھا جائے گا کہ [عہدہ دار پیمایش] کو اس بات کی ممانعت ہے کہ جو اراضی کلاً مالگزاری سے مستثنیٰ ہو یا حسب منشاء دفعہ ۷۷ خاص طور پر بندوبست

ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۲۴ ف

ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ ف

from settlement or from dividing into numbers all such land where the survey is being made.

Assessment of land revenue may be made directly of land or of means of irrigation.

82. Where assessment is to be made on the land which is used for agricultural purpose only, the aforesaid powers shall also include the power to make assessment either directly on the land or to fix a rate of tax for water according to the means of irrigation, provided that of tax has been fixed on such means of irrigation under section 53 or any other law or that land is assessed in some other manner approved by the *[Government.]

Assessments made in settlement shall not be recovered without sanction of Government.

83. The assessment made by the **[Survey officer] shall not be recovered without the sanction of the Government. The Government shall after proper modification, sanction such assessment for any fixed term which in the case of

*Amended by Act No. III of 1308 Fasli.
**Amended by Act No. III of 1355 Fasli.

سے مستثنیٰ کی گئی ہو اوس پر تشخیص جمع نہ کرے یا اوس کا داخلہ نہ لکھے یا جملہ اراضی کو جہاں پیمایش جاری ہے نمبروں میں تقسیم نہ کرے۔

تشخیص مالگزاری بالذات اراضی پر یا ذریعہ آبپاشی پر ہوگی۔

دفعہ ۸۲ ۔ جب تشخیص ایسی اراضی کی درپیش ہو جو صرف زراعت کے کام میں لائی جاتی ہو تو اختیارات مندرجہ ماسبق میں یہ اختیار بھی داخل ہے کہ بالذات اراضی پر جمع معین کی جائے یا پانی کے لئے ذرائع آبپاشی کے لحاظ سے کوئی شرح محصول مقرر کی جائے بشرطیکہ بموجب دفعہ ۵۳ یا کسی اور قانون کے اوس ذریعہ آبپاشی پر کوئی محصول قایم نہ ہو چکا ہو یا اوس اراضی کی کسی اور طور پر تشخیص کی جائے جس کو [سرکار عالی] نے منظور کیا ہو۔

جمع مشخصہ بندوبست بلا منظوری سرکار عالی وصول نہ کی جائے گی۔

دفعہ ۸۳ ۔ جمع مشخصہ [عہدہ دار پیمایش] بلا منظوری سرکار عالی واجب الوصول نہ ہوگی۔ سرکار عالی ایسی جمع بعد اصلاح مناسب کسی

۱ ترمیم بموجب قانون نشان ۳ ۱۳۰۸ ف
۲ " " " قانون نشان ۳ ۱۳۵۵ ف

the agricultural land shall not exceed thirty years.

Announcement of assessment how made.

84. When the assessment fixed by the settlement for the agricultural land is sanctioned by the *[Government] a **[Survey officer] not lower in rank than an **[Assistant Commissioner] or in his absence the Taluqdar either himself or through any **[Second Taluqdar] shall fix a date for the announcement of the assessment and at a reasonable time beforehand make proclamation and on such date shall publicly announce the assessment fixed on each number.

No person by being absent at the time of announcement shall be absolved from any liability to which he may be subject under the announcement of assessment.

When assessment fixed shall be levied.

85. In the agricultural year in which a settlement, whether original or subsequent, is announced under the last preceding section,

*Amended by Act No. III of 1308 Fasli.
**Amended by Act No. III of 1355 Fasli.

میعاد معین کے لئے منظور کرے گی جس کی مدت اراضی زراعتی کی صورت میں تیس سال سے زیادہ نہ ہوگی۔

جمع مشخصہ کا اعلان کس طرح ہوگا۔

دفعہ ۸۴۔ جب کسی اراضی زراعتی کی نسبت جمع مشخصہ بندوبست [سرکار عالی] سے منظور ہو جائے تو [عہدہ دار پیمائش] جسکا درجہ [مددگار ناظم] سے کم نہ ہو اور اگر وہ نہ ہو تو تعلقدار خود یا بذریعہ کسی دوم تعلقدار کے اعلان جمع کی تاریخ مقرر کرکے مدت مناسب کے قبل اشتہار دے گا اور تاریخ مذکور پر ہر ایک نمبر پر جمع معین کی گئی ہو اُس کا اعلان عام طور پر سے کرے گا۔

کوئی شخص اعلان کے وقت غیر حاضر ہونے سے کسی ایسی ذمہ داری سے جو اعلان جمع سے اوس پر عائد ہوتی ہو بری الذمہ نہ ہو سکے گا۔

جمع مشخصہ کا عمل کب سے ہوگا۔

دفعہ ۸۵۔ جس زراعتی سال میں کسی بندوبست کا خواہ وہ ابتدائی

۱۔ ترمیم بہ موجب ... قانون نشان ۳ ۱۳۰۸ ف
۲۔ ر ر ر نشان ۳ ۱۳۵۵ ف

assessment fixed shall not be levied but it shall be levied in the subsequent year as may be fixed in the announcement of assessment. Any person who does not agree with the assessment fixed may, before the commencement of that agricultural year, file a compromise under section 64.

Preparation of register.

86. [(1) The *[Survey officer] shall, at each settlement, prepare a separate register for each village showing the area and assessment of each number together with the name of the pattadar. This register and other records shall be prepared in accordance with the rules made by the Government by notification.

*(2) In non-khalsa areas the name of the Jagirdar shall not be shown as pattadar against any land which is not cultivated by him personally.

Explanation :—For the purposes of this sub-section "to cultivate personally" means to cultivate the land on one's own account.—

*Amended by Act No. III of 1355 Fasli.

ہو یا مابعد حسب دفعہ متذکرہ بالا اعلان کیا جائے تو اوس سال مشخصہ جمع کا عمل نہ ہوگا بلکہ اوس سال مابعد سے ہوگا۔ جس کا اعلان جمع میں تعین کیا جائے۔ جس شخص کو جمع مشخصہ منظور نہ ہو تو قبل آغاز اوس سال زراعتی کے بہ موجب دفعہ ۶۴ راضی نامہ داخل کر سکے گا۔

رجسٹر کی ترتیب۔ دفعہ ۸۶ [(۱)[1] عہدہ دار پیمائش ہر بندوبست میں ایک رجسٹر ہر موضع کی بابت علیحدہ رکھے گا جس میں رقبہ اور جمع ہر ایک نمبر کی مع نام پٹہ دار درج ہوگی یہ رجسٹر اور دیگر کاغذات بہ موجب اون قواعد کے مرتب کئے جائیں گے جو سرکار عالی بذریعہ اشتہار جاری کرے۔

(۲)[1] غیر خالصہ رقبہ جات میں جاگیر دار کا نام بہ حیثیت پٹہ دار کسی ایسی اراضی کے محاذی درج نہ کیا جائے گا جس کی وہ بذات خود کاشت نہ کرتا ہو۔

توضیح۔ ضمن ہذا کے اغراض کے لئے 'بذات خود کاشت' کرنے سے مراد اراضی کو:۔

[1] ترمیم بہ موجب قانون نمبر (۳) ۱۳۵۵ ف

(a) by one's own labour, or

(b) by the labour of any member of one's family, or

(c) by servants or hired labour under the personal supervision of one's own or of any member of one's family.

*(3) For determining pattadari rights in non-khalsa villages, the orders made by a Jagirdar or officer of a Jagir so authorised by the Government by a notification in the Jarida, and in other cases the orders made by a Taluqdar shall be final, provided they have been made under the rules made under this Act.]

87. *[The Commissionor of Survey Settlement or Commissioner of Land Records,] and on making over the settlement records to the Taluqdar, the Taluqdar may, at any time, correct or cause to be corrected any clerical error or errors admitted by the party concerned.

Settlement officer to correct clerical and other errors admitted by all parties and application for correction of name to be made within two years.

*Amended by Act No. III of 1355 Fasli.

(الف) اپنی ذاتی محنت سے ۔ یا

(ب) اپنے خاندان کے کسی رکن کی محنت سے ۔ یا

(ج) اپنی یا اپنے کسی رکن خاندان کی ذاتی نگرانی میں نوکروں یا اجرت یاب مزدوروں سے ۔

اپنی ذات کے لئے کاشت کرنا مراد ہے ۔

(۳) مواضعات غیر خالصہ میں حقوق پٹہ داری کے تعین کے بارے میں ایسے جاگیردار یا عہدہ دار جاگیر کے صادر کردہ احکام جنھیں سرکار عالی نے باشاعت جریدہ ایسا اختیار دیا ہو اور دیگر صورتوں میں تعلقدار کے صادر کردہ احکام قطعی ہوں گے ۔ بشرطیکہ وہ بموجب قواعد مرتبہ تحت قانون ہذا صادر ہوئے ہوں ۔]

دفعہ ۸۷ [ناظم پیمائش بندوبست یا ناظم لینڈ ریکارڈ] اور کاغذات بندوبست تعلقدار کے سپرد ہو جانے کے بعد تعلقدار کسی وقت سہو کتابت یا اون غلطیوں کی اصلاح کرے گا ۔ یا کرائے گا جن کو فریق متعلقہ نے تسلیم کیا ہو ۔

سہو ہائے کتابت اور غلطیاں مسلمہ کل فریق کی اصلاح عہدہ دار مہتمم بندوبست کریگا اور نام کی غلطی درست کرنے کی درخواست دو سال کے اندر پیش ہونی چاہئے ۔

ترمیم بموجب قانون نشان ۳ ۱۳۵۵ف

(Translation)

The aforesaid officer shall hear all applications made within two years after the introduction of the settlement, for the correction of any wrong entry of a pattadar's name in the register referred to in the preceding section and if satisfied about the error whether such error has been made through negligence, fraud, or collusion shall correct the same, notwithstanding that the party concerned does not admit the error, but no such application shall be entertained after two years, unless resonable cause is shown to the said officer for the delay, and in such case if any error is proved it shall not be corrected without obtaining the sanction of the *[Government.]

عہدہ دار متذکرۂ بالا اون تمام درخواستوں کی سماعت کرے گا جو اجرائے بندوبست سے دو سال کے اندر رجسٹر متذکرۂ دفعہ بالا میں پٹہ دار کے نام کے متعلق کسی غلط اندراج کی تصحیح کے لئے پیش ہوں اور جب غلطی کی نسبت اوس کا اطمینان ہو جائے تو خواہ وہ غلطی غفلت سے ہوئی ہو یا فریب یا سازش سے اس کی اصلاح کرے گا۔ گو فریق متعلقہ ایسی غلطی کو تسلیم نہ کرتا ہو لیکن دو سال کے بعد کسی ایسی درخواست کی سماعت نہ ہوسکے گی جب تک کہ وجہ معقول توقف کی عہدہ دار مذکور کو نہ بتائی جائے اور اگر ایسی صورت میں کوئی غلطی ثابت ہو تو اوس کی اصلاح بلا حصول منظوری [سرکار عالی][1] نہ کی جا سکے گی۔

Settlement records to be made over to Taluqdar who shall cause village records to be prepared.

**[88. (1) The Settlement register and other records prepared by the **[Survey officers] shall be made over to the Taluqdar, who shall cause village records to be prepared in accordance therewith.]

کاغذات بندوبست تعلقدار کے سپرد ہوں گے اور وہ کو اغذ دیہی مرتب کرائے گا۔

دفعہ ۸۸ - [(۱)[2] رجسٹر بندوبست اور دوسرے ایسے کاغذات [جو عہدہ داران پیمایش نے مرتب کئے ہوں تعلقدار کے سپرد ہوں گے۔ اور تعلقداروں کے لحاظ سے کو اغذ دیہی مرتب کرائے گا۔]

*Amended by Act No. III of 1308 Fasli.
**Amended by Act No. III of 1355 F.

[1] ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

[2] ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ف

(*Translation*)

*[(2) In case of non-khalsa villages the register and records referred to in sub-section (1) shall be given both to the Taluqdar and the Jagirdar and the Jagirdar or an officer appointed by the Jagirdar shall cause village records to be prepared in accordance with the said register and records.]

*[88-A. The expenses of survey and settlement of a non-khalsa village shall be a charge on the land of the village and such expenses shall be recovered as arrears of land revenue from the Jagirdar or the ryots or both under rules made under the Act.]

Recovery of Survey and Settlement expenses of non-khalsa villages.

89. The *[Survey officer] may, on the occasion of any subsequent settlement, subject to the provisions of section 79 and under the rules made in this behalf, break up and divide a number into two or more numbers and shall fix separate assessment for each such number and enter the area of each such number and the name of the occupant in the settlement register.

Division of numbers and fixing of pote-numbers on second settlement to be lawful.

*Amended by Act No. III of 1355 Fasli.

(۲) [مواضعات غیر خالصہ کی صورت میں رجسٹر و کاغذات متذکرہ ضمن (۱) تعلقدار اور جاگیردار ہر دو کو دیئے جائیں گے۔ اور جاگیردار یا کوئی عہدہ دار جس کا تقرر من جانب جاگیردار عمل میں آیا ہو متذکرہ صدر رجسٹر و کاغذات کے لحاظ سے کاغذات دیہی مرتب کرائے گا۔]

وصول اخراجات پیمایش بندوبست بابتہ مواضعات غیر خالصہ۔

دفعہ ۸۸ (الف) [موضع غیر خالصہ کے اخراجات پیمایش و بندوبست کا بار اس موضع کی اراضی پر ہوگا اور ایسے اخراجات قانون کے تحت مرتبہ قواعد کے بموجب جاگیردار یا رعایا یا ہر دو سے مثل بقایائے زر مال گزاری وصول کئے جائیں گے۔]

وقت بندوبست ثانی نمبروں کی تقسیم اور پوٹ نمبروں کا قائم کرنا جائز ہے۔

دفعہ ۸۹۔ کسی بندوبست مابعد کے وقت [عہدہ دار پیمایش] بہ پابندی احکام دفعہ ۷۹ اور بہ لحاظ اون قواعد کے جو اس بارے میں نافذ ہوں کسی نمبر کو توڑ کر دو یا دو سے زیادہ نمبروں میں تقسیم کر سکے گا اور ایسے ہر نمبر کی جمع علیحدہ علیحدہ

ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ف

*[89–A. Nothwithstanding anything contained in section 79 and section 89 or rules made thereunder, when any portion of cultivable land is permitted to be used under the provisions of sections 61 and 62 for non-agricultural purposes or when any portion of land is specially set apart under section 25 or when an assessment on any portion of the land is altered or levied under section 50, separate survey numbers may, subject to the rules made by the Government under this Act in this behalf, be made of such portion.

Division of Survey numbers into new Survey numbers.

*89–B. (1) Notwithstanding the provisions of section 89 the Government, at any time, may direct that survey-numbers be divided into so many pote-numbers as may be required in view of the rights acquired in land or for any other reason.

Division of Survey numbers into pote numbers.

*Amended by Act No. III of 1355 Fasli.

مشخص اور رجسٹر بندوبست میں ایسے ہر نمبر کا رقبہ اور قابض کا نام درج کرے گا۔

سروے نمبرات کی تقسیم جدید سروے نمبرات میں۔

دفعہ ۸۹-آ (الف)

باوجود اس کے کہ دفعہ ۷۹ اور ۸۹ یا اُن سے متعلق مرتبہ قواعد میں کوئی اور حکم ہو اگر اراضی قابل زراعت کے کسی حصہ کو دفعات ۶۱ و ۶۲ کے احکام کے تحت غیر زراعتی اغراض کے لئے استعمال کرنے کی اجازت دی گئی ہو یا اراضی کا کوئی حصہ دفعہ ۲۵ کے تحت خاص طور پر مختص کیا گیا ہو یا دفعہ ۵۰ کے تحت اراضی کے کسی حصہ پر دھارہ تبدیل یا عائد کیا گیا ہو تو بپابندی ان قواعد کے جو سرکار عالی اس خصوص میں تحت قانون ہذا مرتب کریں ایسے حصہ کے علحدہ سروے نمبرات بنائے جاسکیں گے۔

سروے نمبرات کی تقسیم پوٹ نمبرات میں۔

دفعہ ۸۹-(ب) (۱)

دفعہ ۸۹ کے احکام کے باوجود سرکار عالی کسی وقت حکم دے سکیں گے کہ سروے نمبرات کی تقسیم اس قدر پوٹ نمبرات میں کی جائے جو اراضی میں حاصل شدہ حقوق کی بناء پر یا کسی اور وجہ سے ضروری ہو۔

ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ف

(Translation)

*(2) The division of survey-numbers into pote-numbers and the assessment of the pote-numbers shall be made and from time to time revised under the rules made by the Government in this behalf under this Act :

Provided that the total amount of assessment of any survey-number or pote-number shall not be enhanced during the term of settlement for which such assessment has been fixed under sections 81 and 83, unless such assessment is declared liable to alteration under section 50.

(3) The area and the assessment fixed of such pote-numbers shall be entered into such records as the Government may prescribe in this behalf.]

CHAPTER VIII.

DISPUTE RELATING TO BOUNDARIES AND INSTALLATION AND MAINTENANCE OF BOUNDARY MARKS.

90. The Taluqdar[*] or the officer

*Amended by Act No. III of 1355 Fasli.

(۲) سروے نمبرات کی پوٹ نمبرات میں تقسیم اور پوٹ نمبرات پر تشخیص جمع اور وقتاً فوقتاً اس پر نظر ثانی ان قواعد کے مطابق عمل میں آئے گی۔ جو سرکار عالی اس خصوص میں تحت قانون ہذا مرتب کریں۔

مگر شرط یہ ہے کہ کسی سروے نمبر یا پوٹ نمبر کی جمع مشخصہ کی جملہ مقدار میں اس میعاد بندوبست کے اندر کوئی اضافہ نہ کیا جائے گا۔ جس کے لئے ایسی جمع دفعات ۸۱ و ۸۳ کے تحت معین کی گئی ہو بجز اس کے کہ ایسی جمع دفعہ ۵۰ کے تحت قابل تبدیلی قرار پائے۔

(۳) ایسے پوٹ نمبرات کا رقبہ اور جمع معینہ ایسے کاغذات میں درج کئے جائیں گے جو سرکار عالی اس خصوص میں مقرر کریں۔]

باب ہشتم

تنازعات حدود اور ان کے علامات کا نصب اور نگہداشت

قرار داد حدود دیہات

دفعہ ۹۰ ۔ تعلقدار[1] یا وہ

[1] ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ف

Determination of village boundaries.

appointed by the *[Government] for this work or if the village is under settlement the †[Commissioner of Survey Settlement or the Commissioner of Land Records] shall enquire into and fix the boundaries of villages and settle a dispute in respect thereof, if any,

When the Patels and Patwaris of any two or more adjoining villages and †[in the case of a non-khalsa village, the holders thereof] agree to any boundary and such agreement is not illegal, the officer determining the boundary shall take from them an agreement and shall then mark off the boundary; but no such boundary shall, without the sanction of the *[Government], be fixed by the fixation of which any agricultural land is included wholly or partly in a non-khalsa area.

Procedure when agreement is not produced or dispute remains unsettled.

91. In case the parties do not agree under the preceding section, the said officer shall, after necessary inquiry, make a plan showing the area of the land in dispute and the boundaries or marks, existing

*Amended by Act No. III of 1308 Fasli.

†Amended by Act No. III of 1355 Fasli.

عہدہ دار جس کو [سرکار عالی] نے اس کام کے لیے مقرر کیا ہو اور اگر موضع زیر بندوبست ہو تو [ناظم پیمایش بندوبست یا ناظم لینڈ ریکارڈز] حدود دیہات دریافت اور قایم اور اس کے متعلق اگر کوئی نزاع ہو تو اوس کا تصفیہ کرے گا۔

جب دو یا دو سے زیادہ دیہات متصلہ کے پٹیل و پٹواری آپس میں اور [دیہات غیر خالصہ کی صورت میں ان کے حقیت دار] کسی حد پر اتفاق کرلیں اور اتفاق ناجائز طور پر نہ ہوا ہو تو عہدہ دار قایم کنندہ سرحدات ان سے اقرار نامہ لے کر اس حد کا نشان قایم کرے گا۔ لیکن بلا منظوری [سرکار عالی] کوئی ایسی حد قایم نہ کی جاسکے گی جس کے قایم کرنے سے کوئی زراعتی زمین کلاً یا جزاً علاقہ غیر خالصہ میں شریک ہوتی ہو۔

طریقہ کارروائی جب اقرار نامہ پیش نہ ہو یا نزاع بلا تصفیہ رہ جائے۔

دفعہ ۹۱۔ جس صورت میں کہ بہ موجب دفعہ بالا فریقین میں اتفاق نہ ہو تو عہدہ دار مذکور ضروری تحقیقات کے بعد ایک

[1] ترمیم بہ موجب قانون نشان ۳ ۱۳۰۸ف

[2] " " " " " قانون ۳ ۱۳۵۵ف

or which may be stated, in different colours and on completion of the inquiry, make an award; but if a non-khalsa village is involved in the dispute and the said officer is not a Taluqdar[*] Taluqdar shall be informed of the date of hearing, so that he may appoint any one to plead on behalf of the †[Government] and in no case an award by which any khalsa land passes to a non-khalsa area shall take effect without the sanction of the †[Government.]

Determination of field boundaries

92. If, at the time of a survey, the boundary of a field is pointed out by the holder and it is undisputed and its correctness is also affirmed by the Patel and Patwari of the village the boundary shall be marked. If the boundary of a field is disputed or the landholder is not present or does not point out the same,

*Amended by Act No. III of 1355 Fasli.
†Amended by Act No. III of 1308 Fasli.

نقشہ مرتب کرے گا جس میں نزاعی زمین کا رقبہ
معہ اون حدود یا علامات کے جو موجود ہوں یا
بیان کئے جائیں مختلف رنگوں میں دکھایا جائے گا
اور تکمیل تحقیقات کے بعد فیصلہ صادر کرے گا
لیکن جب نزاع کسی موضع غیر خالصہ کے ساتھ ہو
اور وہ عہدہ دار تعلقدار نہ ہو تو تاریخ پیشی سے
تعلقدار کو اطلاع دی جائے گی تاکہ تعلقدار
کسی کو من جانب [سرکار عالی] پیروی کے لئے
مقرر کرے۔ اور کسی حالت میں کوئی ایسا فیصلہ بلا
منظوری [سرکار عالی] نافذ نہ ہوسکے گا جس سے
کوئی اراضی خالصہ علاقہ غیر خالصہ میں جاتی ہو۔

کھیتوں کے حدود کا قرار داد

دفعہ ۹۲۔ اگر پیمائش
کے وقت کسی کھیت کے حدود کی نشان دہی قابض
نے کی ہو اور اون کی نسبت کوئی نزاع نہ ہو اور
گاؤں کے پٹیل و پٹواری نے بھی اون کی صحت
تسلیم کرلی ہو تو وہ حدود قائم کردیئے جائیں گے
اگر کسی کھیت کے حدود کی نسبت نزاع ہو یا قابض
اراضی حاضر نہ ہو یا نشان دہی نہ کرے تو [عہدہ دار
پیمائش] اور اگر بندوبست کا کام جاری نہ ہو

ف ۱۳۵۵ ترمیم موجب قانون نشان ۳
ف ۱۳۰۸ قانون ۳ 〃 〃 〃 〃

the *[Survey officer] and when settlement operation is not proceeding, *[the Taluqdar in case the land is of a khalsa area and the officer empowered under section 172 in case the land is of a non-khalsa area] shall fix the boundary according to the entries in village records, and according to occupation if, adverse to the entries in village records, it is established that the occupation extends over a year and no legal action has been taken in connection therewith.

Settlement of boundary disputes by arbitration.

93. If the parties agree to refer the boundary-dispute to arbitration and make an application to that effect in writing, the competent officer shall refer the case to arbitration for settlement; and to the dispute shall apply all provisions of arbitration relating to civil suits and the powers vested in a Court by virtue of such provisions shall vest in Taluqdar or the *[Commissioner of Survey Settlement or the Commissioner of Land Records.]

Construction or repair of boundary marks of numbers and villages.

94. In area under settlement the *[Commissioner of Survey Settlement or the Commissioner of Land Records] or other officer so authorised by him may cause to be constructed or repaired

*Amended by Act No. III of 1355 Fasli.

[اراضی علاقہ خالصہ کی ہونے کی صورت میں تعلقدار اور اور اراضی غیر خالصہ علاقہ کی ہونے کی صورت میں وہ عہدہ دار جس کو دفعہ ۱۷۲ کے تحت اختیار دیا گیا ہو] تعلقدار مطابق داخلہ دفتر دیہی اور اگر بخلاف اندراجات دفتر دیہی قبضہ ایک سال سے زاید کا ثابت ہو اور اوس کی نسبت کوئی قانونی کارروائی نہ کی گئی ہو تو بہ موجب قبضہ حدود قایم کرے گا۔

تصفیہ تنازع حدود بذریعہ ثالثی۔

دفعہ ۹۳۔ اگر فریقین حدود کی نزاع رضامندی سے ثالثی کے سپرد کرنا چاہیں اور اوس کی درخواست تحریری پیش کریں تو عہدہ دار مجاز بغرض تصفیہ اوس مقدمہ کو ثالثی کے سپرد کرے گا۔ اور جو نزاع سپرد ثالثی کی جائے اوس سے تمام احکام ثالثی بابت مقدمات دیوانی متعلق ہوں گے اور جو اختیارات اون احکام کی رو سے عدالت کو حاصل ہیں۔ وہ تعلقدار یا [ناظم پیمایش بندوبست یا ناظم لینڈ ریکارڈز] کو حاصل ہوں گے۔

حدود نمبر و مواضع کا قیام یا ترمیم۔

دفعہ ۹۴۔ علاقہ زیر بندوبست میں [ناظم پیمایش بندوبست یا ناظم لینڈ ریکارڈز] یا دیگر عہدہ دار جس

ترمیم بہ موجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ف

(Translation)

marks of village boundary and of the boundaries of unoccupied numbers and the officers concerned, *[and in the case of non-khalsa villages the jagirdar or the officers appointed by him] shall supervise them. As regards the unoccupied number the *[Survey officer] shall, by a notification affixed at a conspicuous place adjoining to the Chavdi or numbers, require the land holders to construct or repair the boundary marks of their numbers in accordance with the directions contained in the notification within a fixed period which shall not be less than one month. If the requisition is not complied with, the *[Survey officer] *[in Khalsa villages] shall cause the marks to be fixed or repaired and cause expenses thereof to be recovered from Pattadars as arrears of land revenue *[and in non-khalsa villages shall include such expenses in the cost of survey and settlement referred to in section 88-A.

Dimensions and form etc., of boundaries to be determined with sanction of Chief Revenue Authority.

95. The dimensions and form of boundary-marks of villages and numbers and the material of which they shall be made, shall be determined with the sanction of the Government according to local conditions, climate, durability

*Amended by Act No. III of 1355 Fasli.

کو اوس نے ایسا اختیار دیا ہو حدود موضع اور حدود نمبر غیر مقبوضہ کے علامات قایم یا ترمیم کرا سکے گا اور عہدہ داران متعلقہ [اور مواضعات غیر خالصہ کی صورت میں جاگیر دار یا وہ عہدہ دار جو اوس کی جانب سے مقرر کئے گئے ہوں] اون کی نگہداشت کریں گے۔ نمبر مقبوضہ کی نسبت [عہدہ دار پیمایش] بذریعہ اشتہار جو چاوڑی یا نمبر کے متصل منظر عام پر چسپاں کیا جائیگا قابضان اراضی کو حکم دے گا کہ بموجب ہدایات مندرجہ اشتہار اپنے نمبروں کے علامات حدود اندرون میعاد معینہ جو ایک مہینے سے کم نہ ہوگی قایم یا ترمیم کریں۔ اگر اندرون میعاد اوس حکم کی تعمیل نہ ہو تو مواضعات خالصہ میں [وہ عہدہ دار پیمایش] اون علامات کا قیام و ترمیم خود کرائے گا۔ اور اس کا خرچہ مثل بقایا مالگزاری پٹہ داروں سے وصول کرائے گا [اور مواضعات غیر خالصہ میں ایسے خرچہ کو اخراجات پیمایش و بندوبست متذکرہ دفعہ ۸۸ (الف) میں شریک کریگا]

حدود کی جسامت و شکل وغیرہ کا تعین بہ منظوری اعلیٰ محکمہ مال ہوگا۔

دفعہ ۹۵۔ مواضع اور نمبروں کے علامات حدود کس جسامت اور شکل کے ہوں گے اور کس شئے کے بنائے جائیں گے۔ اوس کا قرارداد بہ لحاظ حالات

ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ف

and cheapness of materials.

Taluqdar to have charge of boundary marks after introduction of settlement.

96. When settlement is introduced into a district, the Taluqdar shall be in charge of boundary-marks. The Taluqdar may, for their preservation and maintenance, excercise all the powers as are vested in a Settlement officer under section 94.

Responsibility for preservation of boundary marks.

97. *[(1) Every land-holder shall maintain the boundary marks of the land occupied by him in original condition and if he fails in it and does not carry out necessary repairs in spite of orders of the village and Taluqa officers, the Revenue officers, not lower in rank to a *[ ] Tahsildar, shall cause the necessary repairs to be carried out and recover the charges thereof from the pattadar as an arrear of land revenue.

*(2) In non-khalsa villages if a land holder fails to maintain and repair the boundary marks of his holding, the Jagirdar or the officer appointed by

*Amended by Act No. III of 1355 Fasli.

مقامی و آب و ہوا و پائیداری و ارزانی اشیاء
بہ منظوری [سرکار عالی] کیا جائے گا۔

بعد نفاذ بندوبست علامات حدود کی نگرانی تعلقدار کے ذمہ ہوگی۔

دفعہ ۹۶۔ جب کسی ضلع میں بندوبست نافذ ہو جائے تو علامات حدود کی نگرانی تعلقدار کے ذمہ ہوگی۔ تعلقدار اُن کی حفاظت و نگہداشت کے متعلق وہ تمام اختیارات عمل میں لاسکے گا جو بموجب دفعہ ۹۴ عہدہ دار بندوبست کو حاصل ہیں۔

علامات حدود کی حفاظت کی ذمہ داری۔

دفعہ ۹۷۔ (۱) ہر ایک قابض اراضی کو لازم ہوگا کہ اپنی اراضی مقبوضہ کے علامات حدود کو اصلی حالت پر قایم رکھے اور اگر وہ اس میں قاصر رہے اور باوجود ہدایت عہدہ داران دیہی و تعلقہ ضروری مرمت نہ کرے تو حکام مال جن کا درجہ [ ] تحصیلدار سے کم نہ ہو خود ضروری مرمت کرا کے اور اوس کا خرچہ مثل بقایائے مالگزاری پٹہ دار سے وصول کریں گے۔

(۲) مواضعات غیر خالصہ میں اگر کوئی قابض اراضی اپنی اراضی مقبوضہ کی علامات حدود کو قایم رکھنے اور اُن کی مرمت کرنے میں قاصر رہے تو جاگیر دار یا

ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ ف

him shall cause the necessary repairs to be carried out and shall recover the charges so incurred from the pattadar as jagir land revenue.]

Penalty for damaging etc., boundary marks.

98. Any person convicted, after a summary trial, before a *[ ] Taluqdar or Second Taluqdar, or *[Survey officer] or Tahsildar, of wilfully erasing, removing or damaging boundary-marks, shall be liable to a penalty which may extend to four times the cost of repair or fixation of each mark so erased, removed or damaged and such mark shall be repaired or fixed from such amount.

Fixing of limits of village sites.

99. The Taluqdar or the *[Survey officer] may, subject to rules and safeguarding the subsisting rights of land holders, determine the limits of a village site.

£ Amended by Act No. III of 1308 Fasli.

اوس کی جانب سے مقرر کردہ عہدہ دار ضروری مرمت کرائے گا اور اس طرح عائد شدہ خرچہ پٹہ داروں سے اس طریقہ کے مطابق وصول کرے گا جس طریقہ پر کہ جاگیر کا زر مال گزاری وصول کیا جاتا ہے۔]

علامات حدود کو ضرر پہونچانے وغیرہ کی سزا۔

دفعہ ۹۸۔ جس شخص پر تحقیقات سرسری [ ] تعلقدار یا دوم تعلقدار یا [عہدہ دار پیمائش] تحصیلدار کے سامنے ثابت ہو کہ اوس نے عمداً علامات حدود کو مٹایا۔ ہٹایا یا ضرر پہونچایا ہے تو وہ مستوجب تاوان ہوگا جس کی مقدار ہر مٹائے یا ہٹائے یا ضرر پہونچائے ہوئے علامات کی ترمیم یا قیام کے خرچ سے چہار چند تک ہو سکے گی۔ اور اس رقم سے علامات مذکور کی ترمیم یا قیام کرا دیا جائے گا۔

گاؤں ٹھان کے حدود کا تعین۔

دفعہ ۹۹۔ تعلقدار یا [عہدہ دار پیمائش] بہ پابندی قواعد و بہ تحفظ حقوق موجودہ بعض اراضی کسی آبادی کے گاؤں ٹھان (مقام آبادی) کے حدود کا تعین کر سکے گا۔

ف۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۸۹ف

(*Translation*)

No land revenue to be levied in certain cases on lands within village site.

100. No land revenue for purposes of this Act shall in the following cases be levied on lands situated within a village site and not used for purposes of agriculture :-

(a) where a person or his legal representative upto the date of commencement of this Act, has held any land without payment of land revenue and has not made an agreement with the *[Government] to pay it in future ;

(b) where a competent officer has made an order or granted a Sanad in respect of right of occupancy exempting any land from land revenue without fixing any period. In other cases also no land revenue shall be levied on a land within a village site without the sanction of the *[Government.]

Procedure on occupying without permission land situate in village site.

101. If, after the commencement of this Act, any person, without the written permission of the officer, occupies any land situated in a village site which has not been set apart for agriculture the Taluqdar may recover the compensation for occupancy right of such land or fix a land revenue on the land or order both for recovery of compensation and levy

*Amended by Act No. III of 1380 F.

بعض صورتوں میں اراضی گاؤں ٹھان پر کوئی محصول قائم نہ ہوسکے گا۔

دفعہ ۱۰۰ ۔ صورت ہائے ذیل میں باغراض قانون ہذا کوئی محصول ایسی اراضیات پر جو کسی گاؤں ٹھان (مقام آبادی) کے اندر واقع ہوں اور زراعت کے کام میں نہ لائی جاتی ہوں قائم نہ ہوسکیگا

(الف) جب کوئی شخص کسی اراضی پر تاریخ نفاذ قانون ہذا تک بلا ادائے محصول قابض رہا ہو اور جس نے آیندہ محصول ادا کرنے کا معاہدہ [سرکار عالی] سے نہ کیا ہو یا جو ایسے قابض کا قائم مقام قانونی ہو۔

(ب) جب کسی اراضی کی نسبت کسی عہدہ دار مجاز نے بلا تعین میعاد معافی محصول حق مقابضت کے لئے کوئی حکم یا سند عطا کی ہو۔ اور صورتوں میں بھی گاؤں ٹھان (مقام آبادی) کے اندر کسی اراضی پر کوئی محصول بلا منظوری [سرکار عالی] نہ لیا جائیگا۔

اراضی موقوعہ گاؤں ٹھان پر بلا اجازت قبضہ کی صورت میں کاروائی۔

دفعہ ۱۰۱ ۔ اگر نفاذ قانون ہذا کے بعد کوئی شخص بلا اجازت تحریری حاکم مجاز کسی ایسی اراضی موقوعہ گاؤں ٹھان پر جو زراعت کے لئے مخصوص نہ کی گئی ہو قابض ہو جائے تو تعلقدار ایسی اراضی کے حق مقابضت کا معاوضہ اس سے وصول کرسکے گا

ترمیم ۔ موجب قانون نمبر ۳ ۱۳۸۰ف

of land revenue; and if it is proved that the land was held dishonestly or through mischief he may recover penalty to the extent of double the compensation for occupancy right.

And if any building has been constructed on it and the Government purposes or the public benefit is theredy encroached upon if that building is not demolished and not more than one year has elapsed from the date of completion of construction the Taluqdar may, after recording his reasons, order the person who has constructed the building to demolish it and remove the materials thereof within a fixed period which shall not be less than six months. If he does not comply within the period the Taluqdar may sieze the building.

Suit not to be instituted in Civil Court after one year from order of Taluqdar.

102. No suit against the order of the Taluqdar made under section 101 shall be instituted in any Civil Court after one year from the date of the order.

یا اُس اراضی پر محصول قایم کرسکے گا یا وصول معاوضہ وقیام محصول دونوں کا حکم دے سکے گا۔ اور اگر کسی بدنیتی یا شرارت سے قبضہ کرنا ثابت ہو تو معاوضہ حق مقابضت سے دوچند مقدار تک تاوان لے سکے گا۔

اور اگر اوس پر کوئی تعمیر ہوگئی ہو اور بلا اوس تعمیر کے انہدام کے اغراض سرکاری یا رفاہ عام میں خلل واقع ہوتا ہو اور ختم تعمیر سے ایک سال سے زیادہ زمانہ نہ گذرا ہو تو تعلقدار بہ تحریر وجوہ تعمیر کنندہ کو بہ تعین میعاد جو چھ مہینے سے کم نہ ہوگی حکم دے سکے گا کہ مکان توڑ کر اُس کا ملبہ اُٹھالیا جائے۔ اگر وہ میعاد کے اندر تعمیل نہ کرے تو تعلقدار اُس تعمیر کو ضبط کرسکے گا۔

تعلقدار کے حکم سے ایک سال بعد عدالت دیوانی میں نالش نہ ہوسکے گی۔

دفعہ ۱۰۲ کسی عدالت دیوانی میں کوئی دعوی تعلقدار کے اوس حکم کی نسبت تاریخ حکم سے ایک سال کے بعد دائر نہ ہوسکے گا۔ جو حسب دفعہ (۱۰۱) صادر ہوا ہو۔

CHAPTER IX.

REALIZATION OF LAND REVENUE AND OTHER GOVERNMENT DEMANDS.

Responsibility for payment of land revenue.

103. The person primarily liable for payment of land revenue for khalsa land, shall be the pattadar of such land, and for non-khalsa land the superior holder thereof.

And when he fails to pay the land revenue, the land revenue may be recovered from the Shikmidar, or co-sharer of the superior holder or inferior holder or person in actual occupation of the land, but the amount which he may have paid to the pattadar or superior holder at the time of instalment or thereafter shall not be recovered from him, and the amount so recovered shall be refunded from that pattadar or superior holder.

PRIORITY OF *[GOVERNMENT] CLAIM FOR LAND REVENUE.

*[Government] demand to have priority over all claims.

104. The demand on any land, for its land revenue shall have priority over other demands whether in respect of debts or mortgage or based on a decree of or attachment by a Court, and if the title to any land on which such Government demand is due is transferred, such land or its transferer shall not be discharged from such demand. If the demand for land revenue which cannot be recovered from the title to or

*Amended by Act No. III of 1308 F.

باب نہم

وصول رقم مالگزاری و دیگر مطالبات سرکار عالی۔

زر مالگزاری کی ادائی کی ذمہ داری کس پر ہوگی۔ دفعہ ۱۰۳۔ ادائی زر مال گزاری کا سب سے پہلا ذمہ دار اراضی خالصہ کے لئے اُس اراضی کا پٹہ دار اور اراضی غیر خالصہ کے لئے اُس کا اعلیٰ حق دار ہوگا۔

اور جب وہ ادائی مال گزاری میں قاصر رہے تو مال گزاری شکمی دار یا شریک اعلیٰ حق دار یا قابض تحت یا اُس شخص سے جو فی الواقع اراضی پر قابض ہو وصول کی جاسکے گی لیکن جو رقم اُس نے پٹہ دار یا اعلیٰ حق دار کو قسط پر یا اُس کے بعد ادا کر دی ہو وہ اُس سے وصول نہ کی جائے گی۔ اور جو رقم اس طرح وصول کی گئی ہو وہ اُس پٹہ دار یا اعلیٰ حقدار سے مجرا مل سکے گی۔

تقدم دعاوی [سرکار عالی] باتہ رقم مالگزاری۔

تمام دعاوی کے مقابلہ میں مطالبہ [سرکار عالی] مقدم ہے

دفعہ ۱۰۴۔ کسی اراضی پر اُس کے متعلق مالگزاری کا مطالبہ دوسرے مطالبات پر خواہ وہ قرضہ ہوں یا رہن یا ڈگری یا قرقی عدالت پر مبنی ہوں مقدم ہوگا۔ اور اگر کسی اراضی کی حقیت جس پر ایسا مطالبہ سرکاری واجب الادا ہو منتقل کی جائے تو وہ اراضی اور اس

ترمیم بہ موجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ ف

existing produce of that land is due from a person, the liability for the payment of the land revenue shall have precedence over debt or decree of a Court also on his property other than the land on which the demand is due; provided that such property before it is forfeited for recovery of the said demand, is not sold or mortgaged or given as a gift or otherwise transferred or hypothecated or attached.

Produce of land to be deemed as hypothecated for payment of land revenue.

105. The produce of land for every year shall be deemed to have been hypothecated for land revenue due for that year.

PRECAUTIONARY MEASURES FOR SECURING LAND REVENUE.

Produce disposed of by sale etc., may be withheld till payment of land revenue.

106. When the produce of any land is wholly or partly sold, mortgaged, or otherwise disposed of, whether by order of a Court or other competent department or with the desire of the land holder, the Taluqdar may prevent such produce being removed until the land revenue for the current year has been paid, though the date for the prescribed instalment has yet not arrived. But in no case shall a produce or a portion of the produce, which

کا منتقل کنندہ اُس مطالبہ سے سبکدوش نہ ہوسکیگا۔ جس شخص کے ذمہ ایسا مطالبہ مالگزاری ہو جو اُس اراضی کی حقیت یا پیداوار موجودہ سے وصول نہ ہوسکتا ہو تو سوائے اراضی زیر مطالبہ کے اُس کی دوسری جائداد پر بھی ادائے مطالبہ مالگزاری کی ذمہ داری بہ مقابلہ قرضہ یا ڈگری عدالت مقدم ہوگی بشرطیکہ وہ جائداد قبل اس کے کہ وصول مطالبہ مذکور میں ضبط ہو بیع یا رہن یا ہبہ یا اور طرح پر منتقل یا مکفول یا فرق نہ ہو چکی ہو۔

ادائی مالگزاری میں پیداوار اراضی مکفول متصور ہوگی۔

دفعہ ۱۰۵ - ہر سال کی پیداوار اراضی اُس سال کی مالگزاری وصول طلب کے بابت مکفول متصور ہوگی۔

تدابیر احتیاطی در باب حفظ رقوم مالگزاری۔

جو پیداوار بذریعہ فروخت وغیرہ منتقل کی گئی ہو اُس کو تا ادائی مالگزاری روکنا جائز ہے۔

دفعہ ۱۰۶ - جب کسی اراضی کی پیداوار کلاً یا جزاً فروخت یا رہن یا اور کسی طور پر منتقل کی جائے خواہ وہ عدالت یا اور کسی محکمہ مجاز کے حکم سے ہو یا قابض اراضی کی خواہش سے تو تعلقدار تا ادائی رقم مالگزاری سنہ رواں پیداوار مذکور کے اُٹھائے جانے کو روک سکے گا گو تاریخ

has been sold, mortgaged or disposed of, be detained on account of land revenue of a period exceeding one year.

قسط معینہ پہونچی بھی نہ ہو لیکن کسی صورت میں پیداوار یا جزو پیداوار اراضی جو فروخت یا رہن یا منتقل کی گئی ہو ایک سال سے زیادہ مدت کی رقم مالگزاری کے لئے نہ روکی جا سکے گی۔

Power of Taluqdar when apprehended that revenue shall not be recoverable.

107. If the Taluqdar has reason to believe that any land holder is a defaulter or it is apprehended that land revenue shall not be recoverable on any land in case the crop is reaped or the produce is sold,—

دفعہ ۱۰۷۔ اگر تعلقدار کو اس امر کے باور کرنے کی وجہ ہو کہ کوئی قابض اراضی نادہند ہے یا اس امر کا اندیشہ ہے کہ بصورت کٹ جانے فصل یا فروخت ہونے پیداوار کے کسی قطعہ اراضی کی رقم مالگزاری وصول نہ ہو سکے گی تو تعلقدار مذکور۔

وصول رقم میں اندیشہ ہو تو تعلقدار کا اختیار۔

(a) he may require that the standing crop of the land liable to payment of land revenue shall not be reaped without a notice to himself or to the officer appointed by him for this work. Such notice shall be given in writing and returned with acknowledgment receipt and if the crop has been reaped,

(الف) یہ حکم دے سکے گا کہ اس قطعہ اراضی کی فصل استادہ جس کی بابت رقم مالگزاری واجب الادا ہو بلا اطلاع اس کے یا اس عہدہ دار کے جس کو وہ اس کام کے لئے مقرر کرے نہ کاٹی جائے یہ اطلاع بذریعہ تحریر دی جائے گی جو بعد دستخط اطلاع یابی واپس ہوگی اور اگر فصل کٹ چکی ہو تو۔

(b) he may direct that such crop shall not be removed from the land on which it has been reaped, or from the place where it may have been stored, without the written permission of the Taluqdar or of other officer as aforesaid,

(ب) یہ حکم صادر کر سکے گا کہ ایسی فصل کو اس اراضی سے جہاں سے وہ کاٹی گئی ہو یا اس مقام سے جہاں ذخیرہ کی گئی ہو بغیر اجازت تحریری تعلقدار یا عہدہ دار دیگر مذکورہ بالا اٹھائی نہ جائے۔

(c) he may appoint a watchman, fixing his pay, to watch that the standing crop is not unlawfully reaped or removed without permission. The pay of such watchman shall not exceed five rupees per month, and may be realised as an arrear of land revenue from the land holders; but if the produce could be watched through the village officers a paid watchman shall not be appointed.

(ج) اس بات کی نگرانی کے لیئے کہ فصل استادہ ناجائز طور پر کاٹی نہ جائے اور بلا اجازت اُٹھائی نہ جائے بقرار داد ماہوار کسی محافظ کو مقرر کرسکے گا ایسے محافظ کی تنخواہ (۵) ماہانہ سے زیادہ نہ ہوسکے گی اور مثل بقایاء مالگزاری قابضین اراضی سے وصول کی جاسکیگی لیکن اگر پیداوار کی حفاظت ذریعۂ ملازمان دیہی ممکن ہو تو تنخواہ دار محافظ کا تقرر نہ ہوگا۔

108. Orders provided in clauses (a) and (b) of the preceding section may be issued generally to all the co-occupants or land holders or individually to any particular holder.

Issue of orders provided for in section 107 and penalty for contravention thereof.

دفعہ ۱۰۸۔ احکام مندرجہ ضمن (الف و ب) دفعہ بالا مجموعی طور پر خواہ جملہ شرکاء یا قابضان اراضی کے نام یا منفرداً کسی خاص قابض کے نام جاری ہوسکے گی۔

احکام متذکرۂ دفعہ (۱۰۷) کی اجرائی اور اُن کی خلاف ورزی کی سزاء۔

If the orders be made generally to all land holders they shall be issued by proclamation to be made by beat of drum and a copy thereof shall be affixed at some conspicuous place in the village Chavdi. If the said orders be made individually they shall be issued separately to each holder concerned. Any person who contravenes the orders so issued or abets such contravention shall be liable, on conviction after a summary enquiry before the Taluqdar, to a fine not exceeding double the amount of the land revenue on the

اگر احکام مشترکاً جملہ قابضان اراضی کے نام صادر کیئے جائیں تو اُن کا اجراء بذریعۂ منادی ہوگا اور اُن کی ایک نقل چاوڑی موضع کے کسی منظر عام پر چسپاں کی جائے گی اگر احکام بالا منفرداً صادر کیئے جائیں تو اُن کا اجراء ہر ایک قابض اراضی متعلقہ کے نام علیحدہ علیحدہ ہوگا اگر کوئی شخص ایسے اجرائشدہ احکام کی خلاف ورزی کرے یا ایسی خلاف ورزی میں اعانت کرے تو تعلقدار کے پاس سرسری دریافت میں جرم ثابت ہونے کے بعد مستوجب سزاء جرمانہ ہوگا جس

land in respect of produce of which the offence is committed.

Reaping or removal of produce of land not to be prohibited for such long period as to damage produce.

109. The Taluqdar shall not defer the reaping of the crop and its removal so as to damage the produce of the land and if the land revenue has not been paid within two months from the date of attachment or within such lesser time as the Taluqdar may fix in special cases, he shall either release the produce and adopt other measures to realise the land revenue under the provisions of this Chapter or sell such portion of the attached produce under the provisions of this Chapter relating to sale of movable property for the recovery of revenue the price of which will be sufficient for payment of revenue..

Attachment of village or part of village for land revenue.

110. If the holding consists of an entire village or of a part of a village and the Taluqdar has reason to believe that owing to a dispute among the sharers or for any other reason its land

تعداد اس اراضی کے محاصل کے دو چند سے زیادہ نہ ہوسکے گی جس کی پیداوار کے متعلق یہ جرم وقوع میں آیا ہو ۔

پیداوار اراضی کو کاٹنے یا اٹھالے جانے کی ممانعت اس قدر طویل مدت تک نہ کی جائیگی جس سے مال خراب ہو ۔

دفعہ ۱۰۹ ۔ تعلقدار اتنی مدت تک پیداوار اراضی کو کاٹنے اور اٹھالے جانے سے نہ روک سکے گا جس سے مال خراب ہوجائے اور اگر تاریخ قرقی سے دو مہینے کے اندر یا دو مہینے سے کم اس مدت کے اندر جو تعلقدار خاص صورتوں میں مقرر کرے رقم مالگزاری ادا نہ ہو تو تعلقدار خواہ مال کو واگزاشت کر کے حسب احکام مندرجہ باب ہذا دوسری تدابیر وصول رقم مالگزاری عمل میں لائے گا خواہ اوس مال مقروقہ میں سے اس قدر مال جس کی قیمت ادائے مالگزاری کے لئے کافی ہو بموجب ان احکام کے ہراج کرے گا جو مال منقولہ کے ہراج کے لئے بغرض وصول مال گوارد باب ہذا میں درج ہیں ۔

رقم مالگزاری کے لئے موضع یا جزو موضع کی ضبطی ۔

دفعہ ۱۱۰ ۔ جب اراضی مقبوضہ سالم یا جزو موضع ہو اور تعلقدار کو اس امر کے باور کرنے کی وجہ ہو کہ بوجہ تنازع باہمی حصہ داران یا کسی اور وجہ سے ۔

revenue will not be recoverable in the prescribed instalments, he may temporarily attach the village or part of the village and take it under his own management or entrust it to an officer or agent appointed by him for that work.

The provisions of section 125 shall also apply to any village or part of a village which has been temporarily attached under this section and the income of the village or part of the village in surplus after allowing the costs of attachment and management of the land, and the payment of the land revenue and of the cost of survey and settlement, if made under section 77 shall be kept in deposit for eventual payment to the person entitled to the same, or subject to the orders of the Subedar, shall be paid by the Taluqdar to the person entitled to the same.

Precautionary measures to be suspended on security being furnished.

111. The precautionary measures provided for in sections 106 to 110 shall be suspended or relinquished if the person responsible for the payment of land revenue shall pay the entire costs of attachment and management of the land up to the time of relinquishment and shall furnish reliable security to the effect that the land revenue shall be paid on the fixed date or in the prescribed instalments, as the case may be.

اُس کی مال گزاری اقساط معینہ پر وصول نہ ہوسکے گی تو تعلقدار اُس موضع یا جزو موضع کو عارضی طور پر ضبط کرسکے گا اور اس کا اہتمام خود اپنے ہاتھ میں لے سکے گا یا اُس عہدہ دار یا کارندے کے سپرد کرسکے گا جس کو اُس نے اس کام کے لئے مقرر کیا ہو۔

احکام محکومہ دفعہ ۱۲۵ کسی ایسے موضع یا جزو موضع سے بھی متعلق ہوں گے جو حسب دفعہ ہذا عارضی طور پر ضبط کیا گیا ہو اور جو رقم آمدنی موضع یا جزو موضع سے بعد منہائی خرچہ قرقی و انتظام اراضی و ادائی رقم مالگزاری و خرچہ پیمائش و بندوبست بشرطیکہ حسب دفعہ ۷۷ ہو فاضل رہے آخر میں شخص مستحق کو ملنے کے لئے بطور امانت جمع رہے گی یا بپابندی احکام صوبہ دار تعلقدار شخص مستحق کو ادا کرے گا۔

ضمانت دینے کی صورت میں تدابیر احتیاطی موقوف رہیں گی۔

دفعہ ۱۱۱ ۔ تدابیر احتیاطی محکومہ دفعات ۱۰۶ بغایت (۱۱۰) اس وقت موقوف یا ترک ہوسکیں گی جبکہ شخص ذمہ دار ادائی مالگزاری جملہ خرچہ قرقی و انتظام اراضی تاوقت واگزاشت ادا کردے اور ضمانت معتبر اس امر کی داخل کرے کہ تاریخ یا اقساط معینہ پر جیسی کہ صورت ہو رقم مالگزاری ادا کرے گا۔

MODE OF INSTALMENTS OF LAND REVENUE.

Government to determine date and instalments for recovery of amount.

112. (1) Land revenue, except under the circumstances mentioned in sections 106 to 110, shall be payable in such instalments and on such dates and at such places, and to such persons as may be determined by order of the Government for this purpose.

(2) No officer shall recover any instalment before the prescribed date.

طریقہ اقساط مالگزاری۔

وصول رقم کی تاریخ اور اقساط کو سرکار عالی معین کریں گے۔

دفعہ ۱۱۲۔ (۱) رقم مالگزاری سوائے صورت ہائے متذکرۂ دفعات ۱۰۶ الی ۱۱۰ بابت اُن اقساط اور تاریخوں اور مقامات میں اور اُن اشخاص کو ادا کی جائے گی جو بحکم سرکار عالی اس غرض کے لئے مقرر ہوں۔

(۲)۔ کوئی عہدہ دار کوئی قسط تاریخ معینہ کے قبل وصول نہ کر سکے گا۔

DEFAULTERS.

Arrears and defaulter.

113. An amount of land revenue not paid as above shall be called an arrear of land revenue and the persons from whom the arrear is due under section 103 or any other section shall be called defaulters.

باقی داران۔

باقی اور باقی دار۔

دفعہ ۱۱۳۔ رقم مالگزاری جو حسب متذکرۂ صدر ادا نہ کی جائے باقی مالگزاری کہلائے گی اور وہ اشخاص جن کے ذمہ باقی حسب دفعہ ۱۰۳ یا اور کسی دفعہ کے واجب الادا ہو باقی دار کہے جائیں گے۔

Liability incurred in case of non-payment of arrears.

114. If any instalment be not fully paid even after the expiry of the prescribed time, the Taluqdar may adopt measures to recover both the entire amount of land revenue due by the defaulter for the current year and the

ذمہ داری جو عدم ادائے باقی کی صورت میں پیدا ہوگی۔

دفعہ ۱۱۴۔ جب باوجود انقضائے وقت معینہ کوئی قسط پورے طور پر ادا نہ کی جائے تو تعلقدار سالم رقم مالگزاری بابتہ سال رواں جو باقی دار

interest or penalty as may be recovered according to a scale fixed by the *[Government;] but if he is satisfied that the arrear of land revenue is only due to poverty he may remit the penalty or interest and refund the same if already recovered.

Certified account to be conclusive evidence as to arrears.

115. An account, certified by Peshkar or any other Taluqa officer, higher in rank than a Peshkar, shall be conclusive evidence of the existence of the arrear its amount, or of the person by whom it is due. On receipt of such certified account, the Taluqdar of one district shall proceed to recover the arrear of land revenue of another district under the provisions of this Chapter as if the arrear is of his own district.

RECOVERY OF ARREARS OF LAND REVENUE.

Measures for recovery.

116. An arrear of land revenue may be recovered by the following measures and as far as possible, the measures shall be employ-

*Amended by Act No. III of 1308 Fasli.

کے ذمہ واجب الادا ہو اور نیز اُس قدر سود یا تاوان جو بموجب شرح معینہ [سرکار عالی] وصول کیا جا سکتا ہو دونوں کے وصول کے لئے تدابیر عمل میں لا سکے گا۔ لیکن جب اُس کو اطمینان ہو جائے کہ وجہ بقایا محض ناداری ہے تو وہ جرمانہ یا سود معاف اور اگر وصول ہو چکا ہو تو مسترد کر سکے گا۔

حساب مصدقہ باقی کی بابتہ ثبوت قطعی ہوگا۔

دفعہ ۱۱۵۔ رقم بقایا کے وجود یا تعداد یا اس امر کی بابتہ کہ وہ بقایا کس شخص کے ذمہ ہے حساب مصدقہ پیشکار یا دیگر عہدہ دار تعلقہ جس کا درجہ پیشکار سے زیادہ ہو ثبوت قطعی ہوگا ایسا حساب مصدقہ پہونچنے پر ایک ضلع کا تعلقدار دوسرے ضلع کی بقایائے مالگزاری کے وصول میں حسب احکام مندرجہ باب ہذا اُسی طرح کارروائی کرے گا کہ گویا وہ باقی اُسی کے ضلع کی ہے۔

وصول باقیات مال گزاری۔

تدابیر وصول۔

دفعہ ۱۱۶۔ بقایاء مالگزاری تدابیر مفصلہ ذیل سے وصول کی جا سکے گی اور حتی الامکان

[سرکار عالی] ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

ed in the order mentioned below :—

(a) by issuing a notice to the defaulter under section 118 ;

(b) by distraint and sale of the defaulter's movable property under section 119 ;

(c) by distraint and sale of the defaulter's immovable property under section 120 ;

(d) by arrest and detention of the defaulter under section 122 ;

(e) by forfeiture of the right of occupancy in respect of which the arrear is due under section 124 ;

(f) by temporary attachment of a non-khalsa village or part of such village in respect of which the arrear is due under section 125.

Measures specified applicable to arrears due both for previous years and current year.

117. The measures specified above may be employed for the recovery of arrear, both of previous years and of the current year, but the preference provided in section 105 shall apply only to arrears for the current year, and the preference provided in sec-

تدابیر مذکورہ ادنیٰ سلسلہ سے کام میں لائی جائیں گی جو ذیل میں درج ہیں:—

8. The persons or the Government servants in charge of public roads, pleasure grounds, plantations canals, pipes, reservoirs, embankments and the like and also officers of police may, under section 7, seize any cattle doing damage to or spoiling the aforesaid places or found straying thereon without a keeper and send them forthwith to the concerned pound.

ملازمین سرکاری جانور گرفتار کر سکتے ہیں۔

دفعہ ۸ - جن اشخاص یا ملازمین سرکاری کے ذمہ شارع عام - سیرگاہ - درختوں کے پودے پانی کی نہر - نل - حوض اور پشتہ وغیرہ کا اہتمام ہو وہ اور ملازمین کوتوالی مجاز ہیں کہ کوئی جانور جو مقامات مذکورہ کو نقصان پہونچاتا ہوا یا خراب کرتا ہوا یا ایسے مقامات پر بلا کسی محافظ کے چھٹا ہوا پایا جائے تو حسب دفعہ ۷ گرفتار کر کے بلا توقف

(Translation)

Explanation—Nothing herein contained shall apply to cattle allowed to go astray in accordance with some religious observance.

داخل کٹھگر متعلقہ کریں۔

مستثنیٰ :۔ دفعہ ہذا کا کوئی مضمون ایسے جانوروں سے متعلق نہ ہوگا جو مذہبی اعتقاد کی بنا پر چھوڑے جاتے ہیں۔

Entry of cattle in register and diary.

9. When cattle are admitted to a pound under sections 7 and 8, the police patel shall make an entry of the fact in the pound registers giving the seizer a receipt therefor and shall make adequate arrangements for their safe custody and maintenance.

جانور کا رجسٹر اور روزنامچہ میں اندراج۔

دفعہ ۹۔ جب جانور حسب منشاء دفعات ۷ و ۸ داخل کٹھگر ہو تو کوتوالی پٹیل پر لازم ہوگا کہ اُس کے داخل ہونے کا اندراج رجسٹرات متعلقہ کٹھگر میں کر کے گرفتار کنندہ کو رسید دے اور جانور کی حفاظت اور پانی و چارہ مقررہ کے دینے کا کافی انتظام رکھے۔

Rates of fines.

*[10. Fines in regard to the cattle mentioned in the foregoing sections, shall be levied at the following rates, namely :–

Name of cattle.	Amount of fine per head
1) Elephant and its young.	Fifteen rupees.
2) Camel and its young.	Seven rupees eight annas.
3) Horse and its young.	Three rupees.
4) He–buffalo, she–buffalo and its young.	Two rupees eight annas.
5) Bullock, cow and the young of cow.	Two rupees.

*Substituted by Act No. XXXIV of 1950.

6) Pony, gelding or mule.	*[Two rupees.]
7) Ass, pig and their young.	*[one rupee eight annas.]
8) Goat, sheep, ram and their young.	One rupee.

Provided that when from the report of the District Magistrate the Government are convinced that in any particular area cattle are allowed to go at large by their owners with intent to cause damage to the crops, the Government may by notification in the Jarida direct that for such areas the rates of fine laid down in this section shall be doubled. Government may also, at any time by notification in the Jarida, modify or cancel the said notification.]

*Amended by Act No. XIX of 1956.

(*Translation*)

Release of cattle from pound.

11. When the owner of the impounded cattle or his agent appears before the police patel or the pound-keeper and claims such cattle within five days from the date of their seizure, he shall, after satisfying himself as regards his claims to ownership of the cattle and having recovered the fine and fodder charges (if any) from him, deliver the cattle to the claimant after obtaining a receipt from him. A receipt for fine and fodder charges shall be granted to the owner of the cattle or his agent. In case the fine is not paid or the owner fails to appear before him, within the said period of five days, the police patel shall write off the cattle from the register and send them with a report to the Magistrate concerned.

Explanation—The report shall state the date of seizure, the name of the seizer, the kind, description and number of cattle and their approximate value together with other material particulars.

کٹھگر سے مویشی کا اخراج - دفعہ ۱۱ - گرفتاری سے پانچ یوم کے اندر مالک مویشی یا اُس کا کارندہ حاضر ہو کر کوتوالی پٹیل یا محافظ کٹھگر سے جانور گرفتار شدہ کا طالب ہو تو کوتوالی پٹیل یا محافظ کٹھگر جانور مطلوبہ کے مالک ہونے کا اطمینان کر کے اور زرجرمانہ اور مصارف خوراک (اگر کچھ ہوئے ہوں) وصول کرنے کے بعد جانور باخذ رسید حوالہ کرے گا اور زرجرمانہ و خوراک کی رسید مالک مویشی یا اُس کے کارندہ کو دی جائے گی۔ اور بہ صورت زرجرمانہ وغیرہ ادا نہ کرنے کے یا پانچ یوم تک مالک جانور حاضر نہ ہونے کی حالت میں کوتوالی پٹیل جانور کو رجسٹر سے خارج کر کے معہ رپورٹ ناظم فوجداری متعلقہ کے پاس بھیج دے گا۔

توضیح - رپورٹ میں تاریخ گرفتاری نام گرفتار کنندہ قسم مویشی - جملہ مویشی تعداد اس اور قیمت تخمینی اور دیگر ضروری امور لکھے جائیں گے۔

(Translation)

Impounding of cattle by order of Magistrate and issue of notice of sale by auction.

12. (1) When the cattle are delivered in the office of the Magistrate concerned with a report, he shall direct that—

(a) a file of the case be opened and the report registered;

(b) the cattle be admitted to the pound after being identified;

(c) notice allowing ten day's time be issued,

(d) after issue of the notice the file be put up on.....(the date to be fixed).

(2) The concerned pound-keeper shall, in persuance of a Magistrate's order, the concerned pound-keeper shall admit the cattle to the pound and arrange for their maintenance and feeding and watering in the manner referred to in the foregoing sections, and where fodder charges are required, he shall submit a report to the Magistrate, and obtain his sanction therefor and maintain regular accounts.

بہ حکم ناظم فوجداری جانور کا کٹھگر میں داخل ہونا اور مشتہر بہ نیلام ہونا۔

دفعہ ۱۲۔ (۱) جب جانور بذریعہ رپورٹ ناظم فوجداری متعلقہ کے دفتر میں پہونچے تو ناظم فوجداری حسب ذیل احکام صادر کرے گا۔

(الف) بہ ترتیب مثل رپورٹ درج رجسٹر کی جائے۔

(ب) جانور بعد تطبیق حلیہ داخل کٹھگر کیا جائے۔

(ج) اشتہار میعادی (۱۰) یوم جاری ہو۔

(د) بعد اجرائی اشتہار مثل بتاریخ (جو مقرر کی جائے گی) پیش ہو۔

(۲) بہ تعمیل حکم ناظم فوجداری محافظ کٹھگر متعلقہ جانور کو داخل کٹھگر کرکے اُسی طرح نگرانی اور پانی و چارہ کے انتظام کا ذمہ دار رہے گا۔ جیسا کہ اوپر کی دفعات میں ذکر کیا گیا ہے اور مصارف خوراک کی ضرورت

(Translation)

(3) On the same day, if possible, or on the next day, a notice of sale by auction in the language of the Court and in the local vernacular shall be issued in quadruplicate of which the original shall be posted at a conspicuous place in the Court, the second copy in the nearest police station or out-post and the third copy shall be displayed at the pound wherein the cattle were impounded after seizure, with a proclamation by beat of drum and the fourth copy along with report of compliance shall be kept in the file.

The notice shall state the following particulars :—

(i) the serial number,
(ii) the kind of cattle,
(iii) the number of cattle,
(iv) the description,
(v) the place where seized,
(vi) the place of sale of cattle,
(vii) the date of sale,
(viii) the conditions of sale,

ہونے پر محافظ کٹھگر رپورٹ پیش کرکے ناظم فوجداری سے منظوری حاصل کرے گا اور حساب باقاعدہ رکھے گا۔

(۳) - اگر ممکن ہو تو اسی روز یا دوسرے روز اشتہار بہ زبان عدالت و مقامی نیلام جاری کیا جائے گا جس کے چار پرت ہوں گے۔ پرت اول منظر عام عدالت پر - پرت دوم قریب ترین تھانہ یا چوکی کوتوالی پر پرت سوم اُس کٹھگر پر جہاں جانور بعد گرفتاری داخل ہوا بہ آواز دہل چسپاں کیا جائے گا۔ اور پرت چہارم تعمیل کیفیت کے ساتھ شریک مثل رہے گا۔

اشتہار میں ابواب ذیل درج ہونگے :-
(۱) نشان شمار - (۲) قسم مویشی (۳) تعداد راس - (۴) حلیہ - (۵) مقام جہاں مویشی گرفتار ہو (۶) وہ مقام جہاں مویشی نیلام ہوگا - (۷) تاریخ نیلام (۸) شرائط نیلام -

(*Translation*)

(4) If within the period mentioned in the notice, the owner of the cattle or his agent, appears before the Magistrate to claim the cattle, the Magistrate shall summarily satisfy himself as to the ownership of the cattle, and the claimant's ownership having been proved, make an order for payment of the amount specified in section 10 together with fodder charges (if any), and on payment of the necessary charges the cattle shall be delivered to the owner and a receipt issued for the amount realised.

Where the claimant fails to appear, the cattle shall be sold by auction on the date notified and the sale proceeds shall, after deducting the expenses necessarily incurred on the cattle, be held in deposit for three months.

Owner of cattle may apply for postponement of auction.

13. When a claimant of the seized cattle appears and the investigation of his claim is not completed before the date notified for auction, the claimant may apply to the Magistrate for postponement of auction, whereupon the Magistrate shall

(۴)۔ اگر مالک مویشی یا کارندہ دوران میعاد اشتہار میں حاضر ہو کر دعویدار مویشی کا ہو تو ناظم فوجداری ملکیت کا اطمینان سرسری طور پر کرے گا۔ اور دعویدار کی ملکیت ثابت ہونے پر رقم مصرحہ دفعہ (۱۰) اور مصارف خوراک (اگر کچھ ہوں) کے داخل کرنے کا حکم دے گا اور بعد ادخال مصارف لازمی مویشی مالک کے حوالہ کیا جائے گا اور رقم وصول شدہ کی رسید دی جائے گی۔

بہ صورت عدم حاضری دعویدار تاریخ مقررہ پر مویشی نیلام کیا جائے گا۔ اور بعد وضع اخراجات لازمی بقیہ زر ثمن تین ماہ تک بہ مد امانت جمع رہے گا۔

مالک مویشی التوائے نیلام کی درخواست کر سکتا ہے۔

دفعہ ۱۳۔ اگر جانور گرفتار شدہ کی نسبت دعویدار رجوع ہو اور تاریخ مشتہرہ نیلام تک دعوی کی تکمیل تحقیقات کی حد تک نہ پہونچے تو دعویدار کو حق ہوگا کہ ناظم

(*Translation*)

direct that from the date on which the auction is postponed, the necessary charges incurred on the cattle claimed shall be paid by the claimant and the cattle shall be delivered to him on his executing a bond. Where no application is made for postponement of auction, the cattle shall be sold by auction and if the owner's claim is established, he shall be entitled to receive such amount from the sale proceeds, as may remain after deducting the amount specified in section 10 and the fodder-charges incurred.

Mode of sale by auction.

14. The sale of cattle by auction shall be conducted in the manner prescribed by the Hyderabad Code of Civil Procedure.

Crediting of amounts to appropriate heads of account.

15. The amounts realised under the provisions of this Act, shall be credited to appropriate heads of account; for example fodder charges shall be shown under the head, cattle fodder charges and fine under the

فوجداری سے درخواست التوا نیلام کی کرے ناظم فوجداری تاریخ التوا سے مصارف جانور مدعوہ کا باربہ ذمہ دعویدار عائد کرکے مصارف لازمی کے داخل کرنے کا حکم دے گا۔ اور جانور دعویدار کے حوالے باخذ مچلکہ کیا جائے گا۔ اور بصورت نہ پیش ہونے درخواست التوا جانور نیلام کر دیا جائے گا اور دعویٰ ثابت ہونے پر بعد وضع رقم مصرحہ دفعہ (۱۰) اور مصارف خوراک بقیہ زرثمن مالک جانور پاسکے گا۔

طریقہ نیلام - دفعہ ۱۴ - جانور کا نیلام اسی طریقہ سے ہوگا جیسا ضابطہ دیوانی سرکار عالی میں محکوم ہے۔

رقم کا مدات متعلقہ میں جمع ہونا - دفعہ ۱۵ - بموجب دفعات مصرحہ قانون ہذا رقم وصول ہونے کے بعد ہر مد کی رقم مد متعلقہ میں جمع کی جائے گی۔ مثلاً مد خوراک جانوران

(*Translation*)

head, fines. In case where cattle are sold by auction, the amount of sale-proceeds remaining after deducting the expenses, shall be held in deposit for three months and shall be paid to the rightful claimant on his making application within the period; otherwise after expiry of the said period shall be deposited to the credit of the Government.

Explanation :—The amount realised under sub-section (5) of section 6 shall be deposited to the credit of the *[Government.]

Constructing pounds from amount of fine.

16. The District Magistrate may after obtaining sanction under section 26, construct and repair the village and taluq pounds utilizing the amounts realised under section 10.

*Amended by Act No. III of 1308 F.

کی مدخوراک جانوران میں اور مدجرمانہ کی مدجرمانہ میں جانوران کے نیلام ہونے کی صورت میں بعد وضعات اخراجات مذکور اگر کچھ رقم بچے گی وہ بمدامانت تین ماہ تک جمع رہے گی جو شخص محق کو اندرون میعاد درخواست پیش ہونے پر دی جائے گی ورنہ بعد انقضائے میعاد مذکور بحق [سرکار عالی] جمع کی جائے گی۔

توضیح۔ جو رقم حسب دفعہ ۶ ضمن ۵ وصول ہوگی وہ بحق سرکار عالی جمع کی جائے گی۔

رقم جرمانہ کی آمدنی سے کٹھگر کی تعمیر۔

دفعہ ۱۶۔ اُن رقوم سے جو حسب دفعہ ۱۰ وصول ہوں ناظم فوجداری ضلع بہ حصول منظوری حسب دفعہ ۲۶ مواضعات و تعلقہ کے کٹھگر کی تعمیر و ترمیم کرا سکتا ہے۔

* ترمیم بہ موجب قانون نشان ۳ ۱۳۰۸ف

CHAPTER IV.

Filing Of Complaints.

Complaint.

17. (1) Any person whose cattle have been seized and impounded under this Act, may at any time within ten days from the date of seizure, lodge a complaint in person or by an agent or by any authorised person, acquainted with the facts of the case. The complaint shall state the following particulars :—

(i) the name of the complainanant with father's name, residence, and occupation and age ;

(ii) the name of the seizer with father's name, residence, occupation and age ;

(iii) the kinds of cattle and their number ;

(iv) the description of cattle ;

(v) the date of seizure ;

(vi) the place of seizure specifying the pound wherein the cattle were impounded after seizure ;

فصل چہارم

متعلق ارجاع نالش۔

استغاثہ۔ دفعہ ۱۷۔ (۱) ہر شخص جس کے مویشی حسب قانون ہذا گرفتار ہو کر بند کئے گئے ہوں تاریخ گرفتاری سے دس یوم کے اندر کسی وقت استغاثہ اصالتاً یا بذریعہ کارندہ یا شخص مجاز کے جو حالات مقدمہ سے واقف ہو پیش کرنے کا مجاز ہوگا۔ استغاثہ میں امور ذیل کا اندراج ہوگا:—

(۱)۔ نام مدعی بہ صراحت ولدیت وسکونت وپیشہ وعمر۔

(۲)۔ نام گرفتار کنندہ بقید ولدیت وسکونت وپیشہ وعمر۔

(۳) قسم مویشی مع تعداد راس۔

(۴)۔ حلیہ مویشی۔

(۵)۔ تاریخ گرفتاری۔

(۶)۔ مقام گرفتاری بہ صراحت کٹھگر جس میں بعد گرفتاری جانور داخل ہوا۔

(*Translation*)

(vii) the grounds on which ownership is claimed ;

(viii) request.

(2) Where a complaint is not made in writing, the Magistrate may record the complainant's statement on oath which, among other things, may also specify the particulars required to be mentioned in the complaint.

18. (1) If after recording the statement of the complainant on oath, the Magistrate has reason to believe that his cattle have been seized, he shall, after summoning the person complained against, make a summary enquiry into the case, and if the seizure is proved to be unlawful, shall award to the complainant compensation not exceeding fifty rupees for the loss or damage caused by the seizure and detention of his cattle. The Magistrate shall also charge the seizer with so much of expenses and fine as have been or may have been charged to the owner of the cattle.

Enquiry and finding.

(۷) وجوہ ادعاء ملکیت ۔

(۸) استدعاء ۔

(۲) استغاثہ تحریری پیش نہ ہونے کی صورت میں جائز ہے کہ ناظم فوجداری بیان حلفی مستغیث کا قلم بند کرے جس میں علاوہ اور امور کے اُن امور کی بھی صراحت کی جاسکے گی جن کا ذکر استغاثہ میں ہونا چاہئے۔

تحقیقات و تجویز ۔ دفعہ ۱۸ ۔ (۱) مستغیث کا بیان حلفی قلم بند کرنے کے بعد ناظم فوجداری کو باور کرنے کی وجہ ہو کہ گرفتاری جانور کی عمل میں آئی ہے تو ناظم فوجداری کو لازم ہے کہ مدعی علیہ کو طلب کرکے مقدمہ کی تحقیقات بہ بطور سرسری کرے اور گرفتاری خلاف قانون ثابت ہونے پر ناظم فوجداری کو اختیار ہوگا کہ مستغیث کو اُس نقصان یا ہرجہ کی بابت جو جانور کی گرفتاری اور بند رکھنے کے سبب ہوا ہے ہرجہ دلائے جس کی تعداد پچاس روپیہ سے زائد نہ ہو۔

(Translation)

ناظم فوجداری کو یہ بھی لازم ہے کہ اُس قدر مصارف و جرمانہ کا بار بذمہ گرفتار کنندہ عائد کرے جو بذمہ مالک مویشی عائد ہوئے ہوں یا عائد ہو سکتے ہیں۔

Explanation—Where the charges for release of any cattle have been paid by the owner, they shall be refunded to him by recovery from the seizer; otherwise they shall be recovered from the seizer and credited to appropriate heads of account.

توضیح - جانور کے چھڑانے کے اخراجات اگر مالک جانور نے ادا کر دیئے ہیں تو ایسے تمام مصارف مالک جانور کو گرفتار کنندہ سے دلائے جائینگے بہ صورت ادا نہ کرنے کے گرفتار کنندہ سے وصول کر کے مدات متعلقہ میں جمع کئے جائیں گے۔

(2) If the cattle have not been released from the pound, the Magistrate shall direct their release.

(۲) - جانور کٹھگر سے اگر نہ چھوڑا گیا ہو تو اُس کے چھوڑنے کا حکم دیا جائے گا۔

Mode of recovery of fine.

19. The damages or fines to be imposed under this Act on the person complained against, shall be recovered in the manner prescribed for recovery of fines in the Hyderabad Code of Criminal Procedure.

طریقہ وصول جرمانہ۔ دفعہ ۱۹ - جو ہرجہ یا جرمانہ حسب قانون ہذا مدعی علیہ پر عائد کیا جائے گا اُس کے وصول کرنے

(Translation)

Provisions of this Act not to prevent action in Court.

20. If damage is caused to any person's property from trespass by cattle, nothing shall prevent such aggrieved person from taking action in a Civil or Criminal Court.

CHAPTER V.

Penalties.

Taluq Magistrate may award punishment.

21. A Taluq Magistrate may, on conviction, inflict punishment on the following persons :—

کا وہی طریقہ اختیار کیا جائے گا
جو جرمانہ فوجداری کے لئے ضابطہ
فوجداری سرکار عالی میں مقرر ہے

احکام قانون ہذا مانع نالش نہیں ہیں۔

دفعہ ۲۰۔ اگر کسی شخص کی جائداد
کو جانور چکاری کے سبب نقصان پہنچے
تو کوئی امر اس کے مانع نہ ہوگا کہ
شخص متضرر عدالت فوجداری یا
عدالت دیوانی میں چارہ کار اختیار
کرے۔

فصل پنجم

احکام سزا۔

ناظم فوجداری تعلقہ سزا تجویز کرسکتا ہے۔

دفعہ ۲۱۔ ناظم
فوجداری تعلقہ
مجاز ہے کہ جرم ثابت ہونے پر حسب
ذیل اشخاص کے متعلق سزا تجویز کرے۔

(1) any person who, in contravention of this Act, forcibly obstructs the seizure of cattle or after seizure forcibly rescues them before or after their admission to the pound, he shall be punished with imprisonment which may extend to one month or with fine which may extend to one hundred rupees or with both ;

(2) any person who, being in charge of the register of pound, fails to make entries of income and expenditure therein or fails to issue a receipt to the person entitled to it or does any other thing contrary to the purposes of this Act, which is not specifically mentioned herein, he shall be liable to fine which may extend to two rupees ;

(۱) - جو شخص گرفتاری جانور میں خلاف قانون ہذا بالجبر مزاحمت کرے یا بعد گرفتاری کٹھگر میں داخل ہونے سے قبل یا بعد جانور کو بالجبر چھڑا لے تو اُس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد ایک مہینہ تک ہو سکے گی۔ یا جرمانہ کی جس کی تعداد (۱۰۰) تک ہو سکے گی یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔

(۲) - ہر شخص جس کے ذمہ رجسٹرات متعلقہ کٹھگر ہوں رجسٹرات مذکور میں ابواب آمدنی و خرچ کا اندراج نہ کرے یا شخص مستحق کو رسید نہ دے یا اور کوئی عمل خلاف اغراض قانون ہذا کرے جس کا ذکر صراحتاً اس قانون میں نہیں کیا گیا تو وہ مستوجب سزائے جرمانہ ہوگا جس کی تعداد دو روپیہ تک ہو سکے گی۔

(3) any police patel, pound-keeper or an official, who being entrusted with the performance of the duties under this Act, acts dishonestly, negligently or carelessly or commits criminal breach of trust, he shall be punished with fine which may extend to fifty rupees or shall be removed from service. The fine so imposed may be recovered by deduction from his salary or wages.

(4) Officers of police, or other officers concerned or pound-keepers, shall not, directly or through any person, purchase any cattle at an auction. Every such offender shall on conviction, be punished with fine not exceeding fifty rupees.

22. The provisions of this Act

(۳) ۔ کوتوالی پٹیل یا محافظ یا عہدہ دار جس کے ذمہ قانون ہذا کے فرائض ہوں خلاف قانون بدنیتی یا غفلت یا بے احتیاطی عمل میں لائے یا خیانت مجرمانہ کا مرتکب ہو تو وہ مستوجب سزائے جرمانہ ہوگا جس کی تعداد پچاس روپیہ تک ہو سکے گی یا خدمت سے علیحدہ کر دیا جائے گا یہ جرمانہ تنخواہ یا حق المحنت سے وضع ہو کر وصول ہو سکتا ہے۔

(۴) ۔ ملازمین کوتوالی یا عہدہ داران متعلقہ یا محافظ کٹھگر مجاز نہ ہوں گے کہ کسی جانور کو نیلام میں بذات خود خریدیں یا کسی دوسرے شخص کے ذریعہ سے خریدیں ہر ایسے ملزم پر جرم ثابت ہونے پر جرمانہ کیا جا سکے گا جس کی تعداد پچاس روپیہ سے زیادہ نہ ہوگی۔

دفعہ ۲۲ ۔ اگر افعال مذکورہ

قانون نافذہ کے مطابق افعال کا جرم قرار پانا۔

Acts to constitute offence, under law in force.

shall not have effect in the case of acts mentioned in this Act which constitute an offence under any other law for the time being in force.

Order of Magistrate shall be final.

23. No appeal shall lie against an order of a Magistrate passed under this Act.

CHAPTER VI.

GENERAL PROVISIONS.

Power to appoint officers to supervise pounds.

24. The Government may appoint one or more supervising officers for the supervision of pounds.

Exemption from payment of court-fees.

25. All applications made under this Act shall be exempt from payment of court-fees.

قانون ہذا کسی اور قانون نافذہ کے مطابق جرم قرار دئے جا سکتے ہوں اس پر قانون ہذا کا کوئی اثر نہ ہوگا۔

ناظم فوجداری کا حکم قطعی ہوگا۔

دفعہ ۲۳۔ ناظم فوجداری کے حکم کا جو حسب قانون ہذا صادر ہوا ہو مرافعہ نہ ہو سکے گا۔

فصل ششم

عام احکام۔

عہدہ داران نگران کٹھگر کے تقرر کا اختیار۔

دفعہ ۲۴۔ سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ کٹھگر کی نگرانی کے لئے ایک یا زیادہ عہدہ داران نگران مقرر کرے۔

رسوم عدالت سے استثناء۔

دفعہ ۲۵۔ قانون ہذا کے بموجب جس قدر درخواستیں پیش ہوں گی وہ بلا اخذ رسوم عدالت

پیش ہوسکیں گی۔

Powers.

26. (1) On the report of a taluq Magistrate, the District Magistrate may sanction to the extent of twenty five rupees towards expenditure to be incurred for the construction and repairs of pounds from the head of fines and the Sessions Court upto fifty rupees and the High Court upto one hundred and fifty rupees.

اختیارات۔ دفعہ ۲۶۔ (۱) تعمیر و ترمیم کٹھگر کے واسطے ناظم فوجداری تعلقہ کی رپورٹ پر وصول شدہ زر جرمانہ کی گنجایش سے ناظم فوجداری ضلع (صہ) تک اور صدر عدالت (صہ) تک اور عدالت العالیہ (ماصہ) تک اخراجات کی اجازت دے سکتی ہے۔

(2) When the amount of fine accumulates, the High Court may sanction the appointment of a pound-keeper or attendant on a suitable salary.

(۲) جرمانہ کی رقم جمع ہونے کی صورت میں بہ مشاہرہ مناسب عدالت العالیہ کسی محافظ یا خدمتی کٹھگر کے تقرر کی منظوری دے سکتی ہے۔

(3) The High Court and the Court of Session may call for and inspect any file and issue necessary instructions.

(۳) عدالت العالیہ اور عدالت سشن کو اختیار ہوگا کہ کسی مثل کو طلب کر کے ملاحظہ فرمائے اور حکم مناسب صادر کرے۔

(4) The High Court may, whenever necessary, depute any officer or

(۴)۔ عدالت العالیہ مجاز ہوگی کہ بہ صورت

clerk in a village or taluq. in order to inquire into any important matters and make necessary arrangements and may pass suitable orders.

ضرورت کسی عہدہ دار یا اہلکار کو موضع یا تعلقہ میں ضروری امور کی تحقیقات و انتظام کے لئے روانہ کرے اور مناسب احکام صادر کرے۔

High Court may make rules.

27. The High Court may make rules for the purposes of this Act. Such rules shall *inter alia* relate to the following matters :—

عدالت العالیہ قواعد مرتب کرے گی۔

دفعہ ۲۷۔ مجلس عالیہ عدالت قانون ہذا کی اغراض کے لئے قواعد مرتب کر سکے گی ایسے قواعد منجملہ اور امور کے حسب ذیل امور کے متعلق ہوں گے۔

(1) the circumstances in which and the conditions subject to which unauthorised jagirdars shall exercise the right of establishing Kondwadas and enjoy the income accruing therefrom ;

(۱)۔ جاگیر داران غیر مقتدر کو قیام کونڈواڑہ کی جو اجازت اور اس کی آمدنی سے مستفید ہونے کا جو حق ہے وہ کن صورتوں میں اور کن شرائط کے ساتھ استعمال کیا جا سکے گا۔

(2) the forms of registers and statements and their amendment and cancellation ;

(۲)۔ رجسٹرات اور تختہ جات

(3) the interrogatories for the inspection of offices of police patels ;

(4) rules relating to supervision of pounds.

کے نمونہ جات اور ان کی ترمیم و تنسیخ

(۳)۔ سوالات تفتیش دفتر کوتوالی پٹیلان۔

(۴)۔ قواعد نگرانی گھٹگر۔

THE HYDERABAD COTTON CULTIVATION AND TRANSPORT ACT.

No. VI of 1337 Fasli.

Sections.

Preamble.

1. Short title, extent and commencement.

2. Definitions.

3. Power to issue notification regarding import of cotton into protected area.

4. Refusal to carry cotton for which licence is not obtained.

5. Procedure on arrival of cotton at notified station.

قانون متعلقہ کاشت و حمل و نقل پنبہ ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۶) ۱۳۳۷ف

دفعہ ۔

۔ تمہید ۔

۱ مختصر نام و وسعت مقامی اور تاریخ نفاذ ۔

۲ تعریفات ۔

۳ رقبہ محفوظ میں روئی کی درآمد کے متعلق اعلان جاری کرنے کا اقتدار ۔

۴ ایسی روئی کے لے جانے کے متعلق انکار جس کی نسبت اجازت نامہ حاصل نہ کیا گیا ہو ۔

۵ مشتہرہ اسٹیشن پر روئی پہونچنے پر کارروائی ۔

(*Translation*)

6. Growing of cotton of special kind in protected area.

7. Penalties.

8. Power to make rules.

9. Protection for acts done under this Act.

۶ محفوظ رقبہ میں خاص قسم کی روئی کی کاشت۔

۷ تعزیرات۔

۸ قواعد مرتب کرنے کا اختیار۔

۹ ان افعال کی بابت حفاظت جو تحت قانون ہذا انجام دیئے گئے ہوں۔

THE HYDERABAD COTTON CULTIVATION AND TRANSPORT ACT.

No. VI of 1337 Fasli.

(Received the assent of H.E.H. the Nizam on 10th Bahman, 1338 Fasli.)

Preamble.

WHEREAS it is expedient for the purpose of maintaining the quality and reputation of the cotton grown in certain parts of H.E.H. the Nizam's Dominions to impose restrictions regarding cultivation and transport of cotton and control of import thereof; It is hereby enacted as follows:—

Short title, extent and

1. This Act may be called "The Hyderabad Cotton Cultivation And Transport

قانون

متعلقہ کاشت و حمل و نقل پنبہ

ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۶) ۱۳۳۷ ف

(پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم سے بتاریخ ۱۰ بہمن ۱۳۳۸ ف منظور ہوا)

تمہید — ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ ممالک محروسہ سرکار عالی کے بعض حصص میں جو روئی پیدا ہوتی ہے اس کی صفت و شہرت کو قائم رکھنے کی غرض سے روئی کی کاشت و نقل و حمل کے متعلق اور اس کی درآمد کی نگرانی کی نسبت قیود عائد کی جائیں لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :-

مختصر نام و وسعت مقامی اور تاریخ نفاذ — ۱ فصل پنجم

(*Translation*)

commencement.

Act" and it shall come into force in the whole of H.E.H. the Nizam's Dominions from the *date of its publition in the Jarida.

2. Unless there is anything repugnant in the subject or context.

Definitions.

(a) "certified copy" in relation to a licence, means a copy certified by the licensing authority in the manner specified in section 62 of the Hyderabad Evidence Act No. II of 1313 Fasli;

(b) "cotton" means every kind of raw cotton, that is to say, ginned and unginned cotton, cotton waste and cotton seed;

(c) "cotton waste" means droppings, strippings, fly and other

*Published in the Jarida dated 30th Isfandar, 1331 F.

قانون متعلقہ کاشت حمل ونقل پنبہ نشان ۶ ۱۳۳۷ف

قانون بنام "قانون متعلقہ کاشت وحمل ونقل پنبہ ممالک محروسہ سرکار عالی" موسوم ہوسکے گا اور تاریخ اشاعت جریدہ سے کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔

تعریفات۔ | دفعہ ۲۔ بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو

(الف) "نقل مصدقہ" سے اجازت نامہ کے متعلق مراد وہ نقل ہے جس کی تصدیق عہدہ دار عطا کنندہ اجازت نامہ نے اسی طریقہ سے کی ہو جس کی صراحت قانون شہادت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۲ بابتہ ۱۳۱۳ف کی دفعہ ۶۲ میں ہے۔

(ب) "روئی" سے ہر قسم کی خام روئی مراد ہے یعنے اوٹی ہوئی وغیر اوٹی ہوئی روئی۔ بے مصرف روئی (Cotton Waste) وغیرہ

(ج) (Cotton Waste) بے مصرف روئی

۵۔ جریدہ اعلامیہ مؤرخہ ۱۹ اسفندار ۱۳۳۱ف میں شائع ہوا۔

waste products of every kind which come out in a textile-mill while cleaning the cotton other than yarn waste;

(d) "licence" means a licence granted under this Act;

(e) "notified station" means a railway station specified in the notification issued under section 3;

(f) "prescribed" means prescribed in accordance with rules made under this Act;

(g) "protected area" means an area into which the import of cotton or of any special kind of cotton has been prohibited by a notification under section 3.

سے مراد بجز بے مصرف سوت کے ہر قسم کے ذرے ریزے و باریک ریشے و دیگر بے مصرف اشیاء ہیں جو پارچہ بافی کی گرنی میں روئی کے صاف کرتے وقت خارج ہوتے ہیں۔

(د) "اجازت نامہ" سے وہ اجازت نامہ مراد ہے جو تحت قانون ہذا عطا کیا گیا ہو۔

(ہ) "مشتہرہ اسٹیشن" سے وہ ریلوے اسٹیشن مراد ہے جس کی صراحت اُس اعلان میں کی گئی ہو جو تحت دفعہ ۳ جاری کیا جائے۔

(و) "مقررہ" سے قواعد تحت قانون ہذا کے مطابق مقرر کیا ہوا مراد ہے۔

(ز) "رقبہ محفوظہ" سے وہ رقبہ مراد ہے جس میں بذریعہ اعلان تحت دفعہ ۳ روئی یا کسی خاص قسم کی روئی کی درآمد ممنوع قرار دی گئی ہو۔

(*Translation*)

Power to issue notification regarding import of cotton into protected area.

3. (1) The Government may, for the purpose of maintianing the quality and reputation of the cotton produce of any area of H. E. H. the Nizam's Dominions, by notification, prohibit the import of cotton or of any special kind of cotton into that area, unless such import is made under a licence and in accordance with the conditions laid down in a licence:

Provided that the said notification shall not be deemed to prohibit the import into protected area of cotton to the extent of five seers.

(2) Any such notification may also prohibit the delivery to or the taking of delivery by any person, at any railway station specified in the notification situated in the protected area, of

قانون متعلقہ کاشت وحمل ونقل پنبہ نشان ۱۳۳۷ف

رقبہ محفوظہ میں روئی کی درآمد کے متعلق اعلان جاری کرنے کا اقتدار

دفعہ ۳۔ (۱) سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ ممالک محروسہ سرکار عالی کے کسی رقبہ کی پیداوار روئی کی صفت وشہرت قائم رکھنے کی غرض سے بذریعہ اعلان اس رقبہ میں روئی یا کسی خاص قسم کی روئی کی جس کی اعلان میں صراحت کی گئی ہو درآمد کی ممانعت کرے بجز اس کے کہ ایسی درآمد تحت اجازت نامہ اور بمتابعت شرائط مندرجہ اجازت نامہ ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ اعلان مذکور سے رقبہ محفوظہ میں پانچ سیر تک روئی کی درآمد کی ممانعت متصور نہ ہوگی۔

(۲) کسی ایسے اعلان سے یہ بھی ممانعت کی جاسکتی ہے کہ کسی ریلوے اسٹیشن پر جس کی اعلان میں صراحت ہو اور جو رقبہ محفوظہ میں واقع ہو ایسی روئی کسی شخص کے حوالہ کی جائے یا کوئی شخص ایسی روئی لے جس کی درآمد اس رقبہ میں ممنوع ہے

any cotton, the import of which into that area is prohibited when such cotton has been consigned from a railway station not situated in that area, unless such person holds a licence for the import of the cotton into that area.

قانون متعلقہ کاشت حمل و نقل پنبہ نشان ۶ سنہ ۱۳۳۷ ف
اور جو روئی اس ریلوے اسٹیشن سے روانہ
کی گئی ہو جو اس رقبہ میں واقع نہ ہو تاوقتیکہ
اس رقبہ میں اس روئی کی درآمد کے متعلق
ایسے شخص کے پاس اجازت نامہ نہ ہو۔

Refusal to carry cotton for which licence is not obtained.

4. (1) Notwithstanding anything contained in the Hyderabad Railway Act No. III of 1334F., or any other law for the time being in force, a station master or railway servant responsible for the despatching of consignment or parcel at a station may refuse to carry or to receive for carriage at, or allow to be carried on the railway from that station any such cotton to a station notified under this Act or a law in force in British India or in any native State, being cotton of a kind of which the delivery at such notified station has been prohibited, unless both the

دفعہ ۴۔ ایسی روئی کے لے جانے کے متعلق انکار جس کی نسبت اجازت نامہ حاصل نہ کیا گیا ہو۔

(۱) کسی امر مندرجہ قانون
ریلوے ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۳)
بابتہ سنہ ۱۳۳۴ ف یا کسی دوسرے قانون
نافذ الوقت کے باوجود کوئی اسٹیشن ماسٹر یا
ملازم ریلوے جو کسی اسٹیشن پر سامان یا پارسل
بھیجنے کا ذمہ دار ہو کسی ایسی روئی کو
کہ اس اسٹیشن سے کسی ایسے اسٹیشن پر جو
حسب قانون ہذا یا برٹش انڈیا یا کسی دیسی ریاست کے
نافذہ قانون کی رو سے مشتہر کیا گیا ہو ارسال
کرنے یا ارسال کرنے کے لئے لینے یا وہاں
سے ریل گاڑی میں لے جانے کی اجازت
دینے سے انکار کر سکتا ہے جو روئی اس قسم
کی ہو جس کی حوالگی ایسے مشتہرہ اسٹیشن پر ممنوع

(*Translation*)

stations are in the same protected area, or unless the consignor produces a certified copy of a licence for the import of the cotton into the protected area in which such notified station is situated.

(2) Every certified copy of a licence so produced shall be attached to the invoice or waybill, as the case may be, and shall be sent along with consignment to its destination and shall there be dealt with in the prescribed manner.

(3) Where under any law in force in British India or any native State the import, into any area, of ginned or unginned cotton, cotton waste ar cotton seed has been prohibited, the Government may, by notification, declare, subject to reasonable

ہے تاوقتیکہ دونوں اسٹیشن اس رقبۂ محفوظہ میں نہ ہوں یا تاوقتیکہ ارسال کنندہ رقبۂ محفوظہ میں جس میں ایسا مشتہرہ اسٹیشن واقع ہو روئی کی درآمد کے لئے اجازت نامہ کی مصدقہ نقل پیش نہ کرے۔

(۲) ہر مصدقہ نقل اجازت نامہ جو اس طرح پیش کی جائے بیجک (Invoice) یا بلٹی (Way bill) کے ساتھ جیسی کہ صورت ہو منسلک کی جائے گی اور سامان کے ساتھ اُس مقام پر جہاں سامان بھیجا جارہا ہو روانہ کی جائے گی اور وہاں مقررہ طریقہ پر اس کی نسبت کارروائی کی جائے گی۔

(۳) جب برٹش انڈیا یا کسی دیسی ریاست کے کسی قانون نافذہ کے تحت اوٹی ہوئی روئی یا غیر اوٹی ہوئی روئی یا بے مصرف روئی یا بنولہ کی درآمد کسی رقبہ میں ممنوع کی گئی ہو تو سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ بذریعہ اعلان مناسب

conditions, that cotton of that area may be imported, by road or rail into any protected area in H. E. H. the Nizam's Dominions.

قانون متعلقہ کاشت وحمل ونقل پنبہ نشان ۶ سنہ ۱۳۳۷ ف
شرائط کے ساتھ یہ قرار دے کہ اس رقبہ
کی روئی سڑک یا ریل کے ذریعہ سے ممالک
محروسہ سرکار عالی کے کسی رقبۂ محفوظہ میں
درآمد کی جاسکتی ہے۔

Procedure on arrival of cotton at notified station.

5. *[(1) Where cotton, the import of which into any protected area has been prohibited, arrives at a notified station in any such protected area, the station master of that station or other railway servant responsible for receiving or delivering to the consignee of goods or parcel, as the case may be, shall, unless the notified station and the railway station from which the cotton has been consigned are situated in the same protected area, refuse to deliver the cotton, until he is satisfied that the consignee holds a licence for the import of the cotton into the protected area in which such notified station is situated; and, if he is not so satisfied,

مشتہرہ اسٹیشن پر روئی پہونچنے پر کارروائی۔

دفعہ ۵۔ [(۱) جب روئی
جس کی درآمد کسی رقبۂ محفوظہ میں ممنوع قرار
دی گئی ہو کسی ایسے رقبۂ محفوظہ کے مشتہرہ
اسٹیشن پر پہونچے تو اس اسٹیشن کا اسٹیشن ماسٹر
یا دوسرا ملازم ریلوے جو سامان یا پارسل
(جیسی کہ صورت ہو) وصول کرنے یا اس کو
ایسے شخص کے حوالہ کئے جانے کا ذمہ دار ہو
جس کے نام وہ بھیجا گیا ہے روئی حوالہ کرنے
سے انکار کرے گا۔ بجز اس صورت کے کہ
مشتہرہ اسٹیشن اور وہ ریلوے اسٹیشن جہاں سے
روئی روانہ کی گئی ہے اسی رقبۂ محفوظہ میں
واقع ہوں تاوقتیکہ اس کو اس امر کا اطمینان

*Substituted by Act No. III of 1339 F.

* ترمیم بموجب قانون نشان (۳) سنہ ۱۳۳۹ ف۔

(*Translation*)

or if within fourteen days the consignee or some person on his behalf does not appear to take delivery of the consignment shall return the cotton to the station from which it was consigned, together with an intimation that there has been a refusal to take the cotton or cotton has not been taken, as the case may be]

نہ ہو جائے کہ رقبۂ محفوظہ میں جس میں ایسا مشتہرہ اسٹیشن واقع ہے روئی کی درآمد کی نسبت مرسل الیہ کے پاس اجازت نامہ ہے اور اگر وہ ایسا مطمئن نہ ہو یا اگر اندرون (۱۴) یوم مرسل الیہ یا اس کی جانب سے کوئی شخص سامان لینے کے لئے حاضر نہ ہو تو وہ اس اطلاع کے ساتھ کہ روئی کے لینے سے انکار کیا گیا یا روئی نہیں لی گئی (جیسی کہ صورت ہو) روئی کو اس اسٹیشن پر واپس کر دیگا جہاں سے وہ روانہ کی گئی تھی۔]

(2) station master or other railway servant on receipt of cotton under sub-section (1) together with the intimation from a railway station specified in a notification under sub-section (3) of section 4, shall issue to the consignor a notice stating that the cotton has been so returned and requiring the consignor to pay any terminal charge or other charges due in respect of the carriage of the cotton to and from the station to which it was

(۲)۔ دفعہ ۴ ضمن ۳ کے تحت اعلان میں جس ریلوے اسٹیشن کی صراحت کی گئی ہے وہاں سے اطلاع مذکور کے ساتھ یا تحت ضمن (۱) روئی کے وصول ہونے پر اسٹیشن ماسٹر یا دوسرا ملازم ریلوے مرسل کے نام بدیں صراحت نوٹس جاری کرے گا کہ روئی اس طرح واپس ہوئی ہے اور مرسل کو چاہئے کہ روئی کے لے جانے اور اس اسٹیشن سے جہاں سے روئی روانہ کی گئی تھی واپس آنے کی بابت

consigned, and such charges shall be deemed to be due from the consignor for the purposes of section 25 of the Hyderabad Railway Act No. III of 1334 Fasli.

قانون متعلقہ کاشت وحمل ونقل پنبہ نشان ۶ سنہ ۱۳۳۷ف
محصول منزل یا دیگر اخراجات واجب الوصول ادا
کرے اور قانون ریلوے ممالک محروسہ سرکار عالی
نشان (۳) بابتہ سنہ ۱۳۳۴ف کی دفعہ ۲۵ کی
اغراض کے لئے ایسے اخراجات مرسل سے
واجب الادا متصور ہوں گے۔

Growing of cotton of special kind in protected area.

6. (1) The Government may, by notification, direct that cotton of a prescribed kind shall be grown in any area regarding which a notification under section 3 has been issued.

محفوظہ رقبہ میں خاص قسم کی روئی کی کاشت۔

دفعہ ۶۔ (۱) سرکار عالی بذریعہ
اعلان حکم دے سکے گی کہ کسی رقبہ میں جس کے متعلق
دفعہ ۳ کے تحت اعلان جاری ہو چکا ہو مقررہ
قسم کی روئی کی کاشت کی جائے۔

(2) If after issuing the notification under sub-section (1) regarding any area, a person grows any other type of cotton, he shall, on complaint made with the approval of the Director of Agriculture Hyderabad, and upon conviction, be liable to be punished by a Magistrate of the First Class with fine which may extend to fifty rupees and the cotton grown shall be liable to forfeiture.

(۲) حسب منشاء (۱) کسی رقبہ کے متعلق اعلان
شائع ہونے کے بعد اگر کوئی شخص کسی دوسری
قسم کی روئی کی کاشت کرے تو ایسے استغاثہ پر
جو بعد منظوری ناظم محکمہ زراعت سرکار عالی پیش ہوا
ہو ناظم فوجداری درجہ اول اس کو جرم ثابت
ہونے پر جرمانہ کی سزا دے سکیگا جس کی تعداد پچاس
روپیہ تک ہو سکے گی اور جو روئی پیدا ہو وہ متوجب
ضبطی ہو گی۔

(*Translation*)

(3) In every village situated in such area, the Government shall, before the season of sowing, supply seed of the prescribed kind *[at a rate which shall not be higher than the market rate and which shall be approved for each year by the Secretary to Government in the Rural Reconstruction Department or by any other officer authorised by the Government in this behalf.]

7. Any person who, in contravention of the provisions of this Act or rules or any notification made thereunder, knowingly takes delivery of cotton at a notified station or imports or attempts to import, any cotton into a protected area, and any station master or other railway servant who, in contravention of the provisions of sub-section (1) of section 5, without reasonable excuses, the burden of proving

Penalties.

*Substituted by Regulation No. XLII of 1358 F.

(۳) - ہر موضع میں جو ایسے رقبہ میں واقع ہو تخم ریزی کے موسم کے قبل سرکار عالی مقررہ قسم کی روئی کے تخم کی سربراہی

*[at a rate which shall not be higher than the market rate and which shall be approved for each year by the Secretary to Government in the Rural Reconstruction Department or by any other officer authorised by the Government in this behalf.]

تعزیرات - دفعہ ۷ - کوئی شخص جو قانون ہذا کے احکام یا اس کے تحت مرتبہ قواعد یا کسی اعلان کے خلاف جان بوجھ کر مشتہرہ اسٹیشن پر مرسلہ روئی کو وصول کرے یا رقبہ محفوظہ میں کوئی روئی درآمد کرے یا درآمد کرنے کا اقدام کرے اور کوئی اسٹیشن ماسٹر یا دوسرا ملازم ریلوے جو بلا وجوہ معقول جس کا بار ثبوت اس کے ذمہ ہوگا دفعہ ۵ ضمن (۱) کے احکام کے خلاف روئی مرسل الیہ یا دوسرے

*Substituted by Regulation No. XLII of 1358 F.

which shall lie upon him, delivers cotton to a consignee or other person, shall be liable to a fine which may extend to one thousand rupees and if the offence has been committed after the previous conviction, to imprisonment which may extend to three months, or to a fine which may extend to five thousand rupees, or to both,

قانون متعلقہ کاشت وحمل ونقل پنبہ نشان ۱۳۳۷ف
شخص کے حوالہ کرے تو وہ مستوجب جرمانہ ہوگا۔
جس کی تعداد ایک ہزار روپیہ تک ہوسکے گی اور
اگر جرم کا ارتکاب بعد سزا یابی سابقہ ہو تو اس
کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد تین
ماہ تک ہوسکے گی یا جرمانہ کی سزا دی
جائے گی جس کی تعداد پانچ ہزار روپیہ تک
ہوسکے گی یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔

Power to make rules.

8. (1) The Government may, by notification, make rules for the following matters:—

دفعہ ۸ — قواعد مرتب کرنے کا اختیار۔
(۱) سرکار عالی بذریعہ اعلان مندرجہ ذیل
امور کے متعلق قواعد مرتب کرسکے گی:۔

(a) the prevention of the import into a protected area of cotton the import of which has been prohibited under section 3 unless it has been brought under the conditions of a licence granted.

(الف)۔ رقبہ محفوظہ میں ایسی روئی کی
درآمد کے انسداد کے متعلق جس کی درآمد کی
ممانعت تحت دفعہ ۳ کی گئی ہو بجز اس کے کہ وہ
اس اجازت نامہ کی شرائط کے تحت لائی گئی ہو
جو عطا کیا گیا ہو۔

(b) the conditions to be contained in licences and the authorities by which they may be granted;

(ب)۔ اجازت نامہ جات میں کونسی شرائط
درج کی جائیں گی اور حکام جو ان کے عطا کرنے
کے مجاز ہوں گے۔

(*Translation*)

(c) the manner in which licences and certified copies thereof shall be dealt with after the delivery of the cotton to which they relate.

(2) Such rules may specify that contravention thereof or of the conditions of a licence, not punishable by this Act, shall be punishable with fine which may extend to five hundred rupees.

Protection for acts done under this Act.

9. No suit or other legal proceeding shall be instituted against any person in respect of any act which is in good faith done or intended to be done under this Act.

(ج) اجازت نامہ جات اور ان کی مصدقہ نقول کے متعلق اس روئی کے حوالہ کرنے کے بعد جس سے ان کا تعلق ہے کس طرح عمل کیا جائے گا۔

(۲) ایسے قواعد میں اس امر کی صراحت ہو سکے گی کہ ان کی یا اجازت نامہ کی شرائط کی خلاف ورزی پر ہوئے قانون ہذا قابل سزا نہ ہو تو اس کی بابت جرمانہ کی سزا دی جا سکے گی جس کی تعداد پانسو روپیہ تک ہو سکے گی۔

دفعہ ۹ — ان افعال کی بابت حفاظت جو تحت قانون ہذا انجام دیئے گئے ہوں۔

کسی شخص کے مقابلہ میں کسی ایسے فعل کی بابت جو نیک نیتی سے تحت قانون ہذا کیا گیا ہو یا کرنا مقصود ہو کوئی مقدمہ رجوع نہ کیا جا سکے گا اور نہ کوئی قانونی کارروائی کی جا سکے گی۔

THE ANCIENT MONUMENTS PRESERVATION ACT

No. VIII of 1337 Fasli.

Sections.

Preamble.

CHAPTER I.

PRELIMINARY.

1. Short title, commencement and extent.

2. Definitions.

CHAPTER II.

POWERS OF GOVERNMENT REGARDING PRESERVATION OF ANCIENT MONUMENTS.

3. Protected ancient monuments.

قانون حفاظت آثار قدیمہ

نشان (۸) بابتہ ۱۳۳۷ف

دفعہ۔

تمہید۔

باب اول

مراتب ابتدائی

مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔

۲ تعریفات۔

باب دوم

آثار قدیمہ کے تحفظ کے متعلق سرکار عالی کے اختیارات۔

۳ قدیم آثار محفوظہ۔

(Translation)

4. Acquisition of rights in or appointment of guardian of ancient monuments.

5. Agreements relating to ancient monuments.

6. Where owner is disabled or no person is owner.

7. Enforcement of agreement.

8. Agreement executed by owner to be binding on certain purchasers and successors of owner.

9. Application of endowment to repair ancient monuments.

10. Power of Government to purchase ancient monuments.

11. Protection of particular ancient monuments.

12. Contributions.

13. Sanctity of places of worship.

14. Relinquishment by Government of right in monuments.

۴ آثار قدیمہ کے متعلق حقوق حاصل کرنا یا آثار قدیمہ کا محافظ مقرر کیا جانا۔

۵ اقرار نامہ جات متعلقہ آثار قدیمہ۔

۶ مالک جب ناقابل ہو یا کوئی شخص مالک نہ ہو۔

۷ اقرار نامہ کی تعمیل۔

۸ قائم مقاموں پر قابل پابندی ہوگا۔

۹ آثار قدیمہ کی مرمت کے لئے جائداد موقوفہ کا استعمال۔

۱۰ سرکار عالی کا اختیار آثار قدیمہ خریدنے کے متعلق۔

۱۱ مخصوص آثار قدیمہ کی حفاظت۔

۱۲ چندہ۔

۱۳ معابد کی تحریم۔

۱۴ آثار قدیمہ کے حق سے سرکار عالی

کی دست برداری۔

15. Permission to public for access to protected monuments.

۱۵۔ آثار محفوظ میں عامہ خلائق کو آمد و رفت کی اجازت۔

16. Penalties.

۱۶ تعزیرات۔

17. Government may control traffic in and transfer of antiquitie.

۱۷ سرکار عالی آثار قدیمہ کی خرید و فروخت اور منتقلی محدود کر سکے گی۔

18. Power of Government in respect of specimens of sculpture and bas-relief etc.

۱۸ سنگ تراشی و منبت کاری کے نمونوں وغیرہ کے متعلق سرکار عالی کا اختیار۔

19. Government may purchase specimens of sculpture and bas-reliefs etc.

۱۹ سنگ تراشی کے نمونوں اور منبت اشیاء وغیرہ کو سرکار عالی خرید سکے گی۔

کھدائی

20. Power of Government in respect of supervision over excavation.

۲۰ سرکار عالی کا اختیار کھدائی کی نگرانی کے متعلق۔

متفرق

21. Manner of assessment of market-value or compensation.

۲۱ قیمت بازار یا معاوضہ کی تشخیص کا طریقہ۔

22. Jurisdiction.

۲۲ اختیار سماعت۔

23. Power to make rules.

۲۳ قواعد مرتب کرنے کا اختیار۔

24. Protection to government servants acting under this Act.

۲۴ سرکاری ملازمین جو تحت قانون ہذا کام کریں ان کی حفاظت۔

(Translation)

THE ANCIENT MONUMENTS PRESERVATION ACT

No. VIII of 1337 Fasli.

(Received the assent of H.E.H. the Nizam on 25th Isfandar 1338 F.)

Preamble.

Whereas it is expedient to provide for the preservation of ancient monuments, for traffic in antiquities, for excavation of old relics and for the protection and acquisition of certain ancient structures and historical, artistic or ancient objects; It is hereby enacted as follows:-

CHAPTER I

PRELIMINARY

Short title, commence-

1. This Act may be called the Ancient Monuments Preservation Act, and it

قانون

حفاظت آثار قدیمہ

نشان ۸ سنہ ۱۳۳۷ ف

(پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۲۵ اسفندار سنہ ۱۳۳۸ ف منظور ہوا۔)

تمہید۔ ہرگاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ یادگارہائے سلف کے تحفظ۔ اشیاء قدیمہ کی درآمد و برآمد۔ آثار عتیقہ کی کھدائی اور بعض قدیم عمارات اور تاریخی صنعتی یا دیرینہ اشیاء کی حفاظت و حصول کے لئے قانون مدون کیا جائے لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:-

باب اول

مراتب ابتدائی

مختصر نام۔ تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔ ۱ دفعہ یہ

(Translation)

ment and extent. shall come into force in the whole of H.E.H. the Nizam's Dominions from the date of its publication in the Jarida,*

2. Unless there is anything repugnant in the subject or

finitions. context.

(1) "ancient monument" means every structure, erection, monument, tumulus, place of interment, cave, stone engravings, rock-sculpture and specimens of engravings on ancient walls, inscriptions, monoliths and utensils and wares of pre-historic age which bear historical, archaeological or artistic character and includes—

(a) the site of an ancient monument ; and

(b) such portions of its surroundings as may be required for fen-

*Published in the Jarida dated 10th Farwardi 1338 F.

قانون حفاظت آثار قدیمہ نشان ۱۳۳۷ف

قانون بنام "قانون حفاظت آثار قدیمہ" موسوم ہو سکے گا۔ اور کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں تاریخ اشاعت جریدہ سے نافذ ہوگا۔

تعریفات۔ دفعہ ۲۔ بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو۔

(۱)۔ "آثار قدیمہ" سے مراد ہر عمارت۔ تعمیر۔ یادگار۔ قبہ۔ مدفن۔ غار۔ حجری۔ نقوش۔ سنگ تراشی اور قدیم دیواروں کی نقاشی کے نمونے۔ کتبے۔ پتھر کے ایک ڈال کی تراشی ہوئی یادگاریں اور زمانہ قبل تاریخ کے ظروف اور ساز و سامان جن میں تاریخی۔ اثری یا صنعتی خصوصیت ہو اور اس میں شامل ہوں گے۔

(الف)۔ ہر قدیم آثار کا موقع۔ اور

(ب)۔ اس کی نواح کے وہ حصص جن کی

*جریدہ اعلامیہ مورخہ ۱۰ فروردی ۱۳۳۸ف میں شائع ہوا۔

(*Translation*)

cing or protecting or for access for the purpose of inspection to such ancient monuments;

(2) "antiquities" also include the movable objects which the Government may in view of their historical or archaeological character declare to protect against removal. destruction or damage;

(3) "Director" means the Director of Archaeology, H.E.H. the Nizam's Government or an officer appointed by the Government to perform the duties of the Director;

(4) "preservation" and "protection" include fencing, covering in, repairing, restoring and cleansing of protected ancient monuments and all matters which may be necessary for the purpose of preservation or for securing convenient access thereto;

اُن قدیم آثار کے محصور یا محفوظ کرنے کے لئے یا جن میں سے اُن آثار میں بغرض معائنہ آمد و رفت رکھنے کی ضرورت ہو۔

(۲)۔ "اشیاء قدیمہ" میں وہ منقولہ اشیاء بھی داخل ہوں گی جن کو سرکار عالی تاریخی یا اثری خصوصیات کے لحاظ سے منتقلی۔ بربادی یا مضرت سے محفوظ رکھنے کے قابل قرار دے۔

(۳)۔ "ناظم" سے مراد ناظم آثار قدیمہ سرکار عالی یا وہ عہدہ دار ہوگا جس کو سرکار عالی ناظم کے فرائض انجام دینے کے لئے مقرر کرے۔

(۴)۔ "تحفظ" اور "حفاظت" میں شامل ہیں:-

قدیم آثار محفوظہ کو محصور کرنا مسقف کرنا اور ان کی ترمیم۔ درستی اور صفائی اور وہ تمام امور جو ان کو محفوظ حالت میں رکھنے اور ان میں سہولت آمد و رفت رکھنے کے لئے ضروری ہوں۔

(Translation)

(5) "land" includes every kind of land, revenue paying land, a gift and a transferable land, whether it be subject to encumbrances or not;

(6) "holder" includes a joint-holder, authorised for management on behalf of himself and other joint holders, and a manager and trustee and their—successors in title;

Provided that nothing in this Act shall be deemed to extend the powers which may lawfully be exercised by such manager or trustee.

CHAPTER II

POWERS OF GOVERNMENT REGARDING PRESERVATION OF ANCIENT MONUMENTS.

Protected ancient monuments.

3.(1) The Government may, by notification, declare an ancient monument to be a protected monument.

(2) A copy of the notification published under sub-section (1) shall

(۵) "اراضی" میں ہر قسم کی اراضی محاصلی وعطیہ وقابل انتقال شامل ہوگی خواہ اس پر کسی قسم کا بار ہو یا نہ ہو۔

(۵) "قابض" میں قابض مشترکہ جو اپنے اور دیگر شرکاء کے جانب سے انتظام کا مجاز ہو اور منتظم اور امین اور ان کے قائم مقامان حقیت داخل ہوں گے۔

مگر شرط یہ ہے کہ قانون ہذا کے کسی مضمون سے ان اختیارات سے تجاوز نہ کیا جا سکے گا جو ایسا منتظم یا امین بطور جائز استعمال کر سکتا ہے۔

باب دوم

آثار قدیمہ کے تحفظ کے متعلق سرکار عالی کے اختیارات۔

قدیم آثار محفوظہ۔ دفعہ ۳ (۱) سرکار عالی ذریعہ اعلان کسی قدیم آثار کو قابل تحفظ قرار دے سکے گی۔

(۲)۔ اعلان جو تحت ضمن (۱) شائع ہو۔ اس کی ایک نقل آثار متعلقہ کے قریب

(Translation)

be affixed at a conspicuous place near the monument, together with a notice that objections to the notification will be taken into consideration within one month from the date of notification.

(3) On the expiry of the period of one month the Government may after considering the objections, if submitted, cancel the notification.

4. A notification published under this section shall, unless it is cancelled, be conclusive evidence of the fact that the monument to which it relates, is an ancient monument under this Act.

Acquisition of rights in or appointment of guardian of ancient monument.

4. (1) The Taluqdar may, with the sanction of the *[Government] in the Archaeological Department purchase any protected ancient monument or acquire the right of possession thereof.

*Amended by Act No. III of 1308 Fasli.

کسی نمایاں مقام پر چسپاں کی جائے گی اور اس امر کی اطلاع دی جائے گی کہ تاریخ اعلان سے ایک ماہ کے اندر اعذار متعلقہ اعلان پر غور کیا جائے گا ۔

(۳) ۔ ایک ماہ کی مدت کے اختتام پر سرکار عالی اعذار پر اگر پیش ہوں غور کرنے کے بعد اعلان کو منسوخ کر سکے گی ۔

(۴) ۔ اس دفعہ کے تحت جو اعلان شائع ہوگا جب تک کہ اس کی تنسیخ نہ کی جائے اس امر کی قطعی شہادت ہوگا کہ آثار متعلقہ تحت قانون ہذا آثار قدیمہ ہے ۔

آثار قدیمہ کے متعلق حقوق حاصل کرنا یا آثار قدیمہ کا محافظ مقرر کیا جانا ۔

دفعہ ۴ ۔

(۱) تعلقدار بہ حصول منظوری [سرکار عالی] بصیغۂ آثار قدیمہ کسی محفوظ آثار قدیمہ کو خرید سکے گا یا

ے ۔ ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ ف

(2) The Taluqdar may with the sanction of the *[Government] in the archaeological Department accept a gift or bequest of any protected ancient monument.

(3) The owner of any protected ancient monument may, by written instrument, constitute the Director of Archaeology, the guardian of the monument and the Director may, with the sanction of the *[Government,] accept such right.

(4) When the Director has accepted the right of guardianship of an ancient monument under sub-section (3), the owner or the holder shall, except as otherwise provided in this Act, have the same estate, rights, interests and title regarding the monument as if the Director had not been constituted the guardian thereof.

(5) When the Director has accepted the guardianship of a monument under sub-section (3) the pro-

*Amended by Act No. III of 1308 F.

یا اس کے حق متعلقیت کو حاصل کر سکے گا۔

(۲)۔ تعلقدار بحصول منظوری [سرکار عالی] بصیغہ آثار قدیمہ کسی محفوظ آثار قدیمہ کے ہبہ یا وصیت کو قبول کر سکے گا۔

(۳) کسی محفوظ آثار قدیمہ کا مالک بذریعہ تحریر ناظم آثار قدیمہ کو آثار متعلقہ کا محافظ مقرر کر سکتا ہے اور ناظم آثار قدیمہ بحصول منظوری [سرکار عالی] ایسے حق کو قبول کر سکتا ہے۔

(۴) جب ناظم آثار قدیمہ نے کسی آثار قدیمہ کے حق حفاظت کو حسب ضمن (۳) قبول کر لیا ہو تو مالک یا قابض کو بجز اس کے کہ اس کے خلاف قانون ہذا میں کوئی حکم ہو آثار متعلقہ کی نسبت وہی ملکیت حقوق مرافق اور حقیت حاصل ہوگی جو اس صورت میں ہوتی جب کہ ناظم آثار قدیمہ محافظ مقرر نہ ہوتا۔

(۵) جب ناظم آثار قدیمہ نے تحت ضمن (۳)

*ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ ف

(*Translation*)

visions of this Act relating to agreements mentioned in section 5 shall also apply to the instrument executed under sub-section (3).

(6) Where a protected ancient monument is without an owner, the Director shall be its guardian.

Agreements relating to ancient monument.

5.(1) The Taluqdar may, with the sanction of the *[Government] in the Archaeological Department, enter into an agreement with the owner of an ancient monument for preservation thereof.

(2) An agreement drawn up under this section may provide for the following matters:—

(a) the protection of ancient monument;

(b) the custody of an ancient monument and the duties of the person who may be appointed for custody thereof;

*Amended by Act No. III of 1308 F.

کسی آثار قدیمہ کی محافظت قبول کی ہو تو قانون ہذا کے احکام متعلق اقرارنامہ جات مندرجہ دفعہ (۵) اُس دستاویز سے بھی متعلق ہوں گے جس کی تکمیل تحت ضمن (۳) کی گئی ہو۔

(۶) جب کسی محفوظ آثار قدیمہ کا مالک نہ ہو تو ناظم آثار قدیمہ اس کا محافظ ہوگا۔

دفعہ ۵۔ اقرارنامہ جات متعلقہ آثار قدیمہ۔

(۱) تعلقدار بمنظوری [سرکار عالی] بہ صیغہ آثار قدیمہ کسی آثار قدیمہ کے مالک سے اس کے تحفظ کے لئے اقرارنامہ کرسکے گا۔

(۲)۔ اس دفعہ کے تحت جو اقرارنامہ مرتب ہوگا اس میں حسب ذیل امور کی صراحت ہوسکے گی:۔

(الف)۔ آثار قدیمہ کی حفاظت۔

(ب)۔ آثار قدیمہ کی نگرانی اور اس شخص کے فرائض جو نگرانی کے واسطے مقرر

* ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ف

(c) the restriction over owner's right to destroy, remove or deface the ancient monument or to build on or near the site of the monument;

(d) facility of access to any section of the public or to persons appointed by the owner or to the Taluqdar and the establishment of Archaeological Department for inspection or preservation of ancient monument;

(e) the notice to be given to the Government in case the owner desires to sell the land on which the monument is situated and the right to be reserved to the Government to purchase such land, wholly or partly, at its market value;

(f) the defraying of any expenses incurred by the owner or by the Government in connection with the preservation of the ancient monument;

(g) the rights of the Government in respect of ancient monument,

(ج)۔ آثار قدیمہ کے انہدام انتقال۔ تبدیل ہیئت یا اُن پر یا اُن کی متصلہ اراضی پر جدید تعمیر کرنے کے لئے مالک کے متعلق قیود قائم کرنا۔

(د)۔ آثار قدیمہ کے معائنہ اور تحفظ کے واسطے عامہ خلائق کو یا عامہ خلائق کے کسی طبقہ کو یا ایسے اشخاص کو جنھیں مالک نے مقرر کیا ہے یا تعلقدار اور عملہ سررشتہ آثار قدیمہ کو آمد و رفت میں سہولت دینا۔

(ھ)۔ مالک اگر اس اراضی کو جس پر آثار قدیمہ واقع ہے فروخت کرنا چاہے تو سرکار عالی کو اس کی اطلاع دینا اور ایسی اراضی کے کل یا جزو کی خرید کے متعلق قیمت بازار کے لحاظ سے سرکار عالی کے حق کا تحفظ۔

(و)۔ آثار قدیمہ کے تحفظ کے متعلق جو مصارف کہ منجانب سرکار عالی یا منجانب مالک عائد ہوں ان کی ادائی کی سبیل۔

(ز)۔ تحفظ کے اخراجات جب

(*Translation*)

when the expenses for preservation are defrayed by the Government;

(h) the appointment of authority to decide the dispute regarding the agreement;

(i) any matter regarding the agreement which is a proper subject of agreement between the owner and the Government.

(3) The Taluqdar may on behalf of the Government enter into an agreement under this section, but it shall not be executed unless the Government in the Archaeological Department has accepted the agreement.

(4) The terms of an agreement under this section may be altered from time to time with the sanction of the Government and the consent of the owner.

(5) The Taluqdar may with the sanction of the Government in the Archaeological Department terminate the agreement executed under this section by giving six months' notice to the owner.

(6) The terms of the agreement executed under this section shall also be binding on the person claiming to be owner of the monument to which it relates through or in relation to the person who has executed the agreemant.

منجانب سرکار عالی ادا ہوں تو اس آثار قدیمہ کے متعلق سرکار عالی کے حقوق۔

(ح) ۔ اقرار نامہ کے متعلق جو نزاع ہو اس کے تصفیہ کے لئے حاکم مقتدر کا تقرر۔

(ط) ۔ اقرار نامہ کے متعلق کوئی اور امر جس کے بارے میں مالک اور سرکار عالی کے مابین اقرار نامہ ہونا مناسب ہو۔

(۳) ۔ اس دفعہ کے تحت تعلقدار منجانب سرکار عالی اقرار نامہ کر سکے گا۔ لیکن اس کی تکمیل نہ ہوگی۔ جب تک کہ سرکار عالی بصیغہ آثار قدیمہ اقرار نامہ کو منظور نہ کرے۔

(۴) ۔ دفعہ ہذا کے تحت اقرار نامہ کی شرائط وقتاً فوقتاً بمنظوری سرکار عالی اور برضامندی مالک تبدیل ہو سکیں گی۔

(۵) ۔ دفعہ ہذا کے تحت جو اقرار نامہ تکمیل پائے اس کو تعلقدار بمنظوری سرکار عالی بصیغہ آثار قدیمہ مالک کو چھ مہینے کی تحریری اطلاع دے کر فسخ کر سکیگا۔

(۶) ۔ دفعہ ہذا کے تحت جو اقرار نامہ تکمیل پائے اس کو مالک تعلقدار کو چھ مہینے کی تحریری اطلاع دے کر فسخ کر سکیگا۔

(*Translation*)

(7) The rights acquired by the Government by virtue of an agreement in respect of expenses on protecting a monument shall not cease on the termination of the agreement under this section.

Where owner is disabled or no person is owner.

6.(1) If the owner is unable by reason of minority or any other disability to excercise the powers vested in him under section 5, the preson legally authorised to act on his behalf may exercise them on behalf of the owner.

(۷)۔ اقرار نامہ جو تحت دفعہ ہذا تکمیل پائے اس کی شرائط کی پابندی ایسے شخص پر بھی ہوگی جو آثار قدیمہ متعلقہ کی ملکیت کا دعویدار ہو۔ جب کہ وہ اس شخص کے توسط یا تعلق سے دعویدار ہو جس نے اقرار نامہ کی تکمیل کی ہو۔

(۸)۔ کسی آثار قدیمہ کے تحفظ کے واسطے سرکار عالی کو اخراجات کے متعلق جو حقوق اقرار نامہ کی رو سے حاصل ہو چکے ہوں وہ اقرار نامہ کے تحت دفعہ ہذا فسخ ہونے سے زائل نہ ہوں گے۔

مالک جب ناقابل ہو یا کوئی شخص مالک نہ ہو۔

دفعہ ۶۔ (۱) اگر مالک نابالغی یا کسی اور ناقابلیت کی وجہ سے ایسے اختیارات کو جو تحت دفعہ (۵) اسے حاصل ہیں استعمال نہ کر سکتا ہو تو مالک کی جانب سے ایسا شخص استعمال نہ کر سکتا ہو تو مالک کی جانب سے ایسا شخص استعمال کر سکے گا جو قانوناً اس کی طرف سے عمل کرنے کا مجاز ہو۔

(Translation)

(2) Where a protected ancient monument or any part thereof is used on particular occasions for religious worship or observances, the person authorised under this section to execute an agreement relating to the ancient monument on behalf of the owner, may execute the agreement only in case he is of the same religion as the owner.

Enforcement of agreement.

7. (1) If the Taluqdar reasonably apprehends that the owner of an ancient monument intends to destroy, remove, deface or imperil the monument or to build anew on or near the site thereof in contravention of the terms of an agreement for preservation under section 5, the Taluqdar may direct that the terms of the agreement shall not be contravened.

(2) If any owner or his successor who is bound by an agreement to

(۲) جب کوئی محفوظہ آثار قدیمہ یا اس کا کوئی جزو خاص اوقات میں مذہبی پرستش یا مراسم کے واسطے استعمال ہوتا ہو تو وہ شخص جو دفعہ ہذا کے تحت منجانب مالک آثار قدیمہ کے متعلق اقرار نامہ کی تکمیل کا مجاز ہو صرف اس صورت میں اقرار نامہ کی تکمیل کر سکے گا جب کہ وہ مالک کا ہم مذہب ہو۔

اقرار نامہ کی تعمیل۔ دفعہ ۷۔ (۱) اگر تعلقدار کو بوجہ معقول احتمال ہو کہ کسی آثار قدیمہ کا مالک یا قابض اس اقرار نامہ کی شرائط کے خلاف جو آثار متعلقہ کے تحفظ کے واسطے زیر دفعہ (۵) تکمیل پایا ہے اس آثار کو منہدم کرنے یا ہٹانے یا اس کی ہیئت بدلنے یا اس کو مضرت کے خطرہ میں ڈالنے یا اس پر یا اس کے موقع کے قریب جدید تعمیر کا ارادہ رکھتا ہو تو تعلقدار یہ حکم دے سکے گا کہ اقرار نامہ کے شرائط کی خلاف ورزی نہ کی جائے۔

(۲) اگر کوئی مالک یا اس کا قائم مقام

(*Translation*)

preserve an ancient monument under section 5, refuses to do so which is in the opinion of the Taluqdar necessary to the preservation of an ancient monument or does not act within such reasonable time as may be fixed by the Taluqdar, the latter may, with the permission of the Director appoint any other person to do so and until the expenses or such portion thereof as are required to be paid by the owner, under the agreement, are recovered, the owner shall not exercise the right of ownership in relation to the monument.

(3) A person aggrieved by an order made under this section, may appeal to the Director who may cancel or modify the order and his decision shall be final.

Agreement executed by owner to be binding on

8. If any person purchases, at an auction towards settlement of arrears of land revenue or under the Public Demands Act, an estate

جو حسب اقرار نامہ کسی آثار قدیمہ کے تحفظ کے لئے تحت دفعہ ۵ پابند ہے ایسے کام سے انکار کرے جو آثار قدیمہ کے تحفظ کے لئے تعلقدار کی رائے میں ضروری ہے یا ایسے کام کو اس مناسب مدت کے اندر جو تعلقدار نے مقرر کی ہو انجام نہ دے تو تعلقدار اس کام کے لئے کسی دوسرے شخص کو منظوری ناظم آثار قدیمہ مقرر کر سکے گا اور جب تک وہ اخراجات یا اُن کا جزو جو اقرار نامہ کی رو سے مالک کو ادا کرنے لازم ہیں وصول نہ ہو جائیں مالک اُس آثار کے متعلق حق ملکیت استعمال نہ کر سکے گا۔

(۳) شخص ناراض ایسے حکم کا جو تحت دفعہ ہذا صادر ہوا ناظم آثار قدیمہ کے پاس مرافعہ کر سکے گا اور وہ تعلقدار کے حکم کو منسوخ یا ترمیم کر سکے گا اور اس کا فیصلہ قطعی ہوگا۔

مالک نے جو اقرار نامہ کیا ہو وہ بعض مشتریوں اور مالک کے قائم مقاموں پر قابل پابندی ہوگا

دفعہ ۸

اگر کوئی شخص زر مالگزاری کے تقاضا یا قانون

(*Translation*)

certain purchasers and successors of owner.

or a tenure thereof in which is situated an ancient monument and in respect of which an agreement was entered into for the time being by the owner whether it was executed under section 4 or section 5, he and the persons having claims to monument through the owner who executed the agreement shall be bound by the terms of the agreement.

مطالبات سرکاری کے تحت کسی نیلام میں ایسی اراضی یا اس کے متعلق کسی حق کو خریدے جس میں آثار قدیمہ واقع ہے اور جس کے متعلق مالک فی الوقت اقرار نامہ کر چکا ہو خواہ اس کی حسب دفعہ ۴ تکمیل ہوئی ہو یا وہ حسب دفعہ ۵ مکمل ہوا ہو تو وہ شخص اقرار نامہ کی شرائط کا پابند رہے گا۔ اور نیز وہ اشخاص بھی پابند رہیں گے جو بتعلق اس مالک کے جس نے اقرار نامہ کی تکمیل کی ہے آثار متعلقہ کے دعویدار ہوں۔

Application of endowment to repair ancient monument.

9. (1) If any owner or his representative competent to enter into an agreement under section 5 for the preservation of an ancient monument, refuses to accept the offer of Taluqdar or otherwise fails to enter into such agreement and if any endowment has been created for the purpose of keeping such monument in repair, or for purposes other than this, the Taluqdar may institute a suit in the District Court

آثار قدیمہ کی مرمت کے لئے جائداد موقوفہ کا استعمال۔

دفعہ ۹۔ (۱) اگر کوئی مالک یا اس کا قائم مقام جو کسی محفوظ آثار قدیمہ کی حفاظت کے متعلق تحت دفعہ ۵ اقرار نامہ کرنے کا مجاز ہے تعلقدار کے ایجاب پر اس کے قبول کرنے سے انکار کرے یا کسی اور طرح اقرار نامہ کی تکمیل سے قاصر رہے اور اگر اس آثار کو درست حالت میں رکھنے کی غرض سے یا اس غرض کے علاوہ دوسری اغراض کے لئے کوئی وقف قائم ہو چکا ہو تو تعلقدار عدالت نظامت

(Translation)

and if the cost of repairing the monument does not exceed one thousand rupees, may make an application to the said Court for the application of such endowment or any part thereof.

(2) On application being made under sub-section (1), the Nazim of the District Civil Court may summon the owner or any other person whose evidence appears to him necessary, and after recording his evidence may pass an order for the proper application of the endowment or of any part thereof, and such order may be executed as if it were the decree of a Civil Court.

Power of Government to purchase ancient monument.

10. (1) If the Government has reason to believe that a protected monument is in danger of being destroyed, injured or due to lack of repairs, being allowed to fall into decay the Government may acquire it under the provisions of the Land Acquisition Act No. IX of 1309 Fasli.

ضلع میں دعویٰ رجوع کر سکے گا اور جب آثار متعلقہ کی مرمت کے اخراجات ایک ہزار روپیہ سے زائد نہ ہوں تو وہ عدالت مذکور میں اس وقف یا اس کے کسی جزو کے استعمال کے لئے درخواست پیش کر سکے گا۔

(۲)۔ ناظم عدالت دیوانی ضلع تحت ضمن (۱) درخواست پیش ہونے پر مالک یا کسی اور شخص کو جس کی شہادت وہ ضروری خیال کرے طلب کر سکے گا اور اس کی شہادت قلمبند کر کے جائداد موقوفہ یا اس سے کسی جزو کے مناسب استعمال کے متعلق حکم دے سکے گا اور ایسے حکم کی تعمیل مثل عدالت دیوانی کی ڈگری کے ہو سکے گی۔

سرکار عالی کا اختیار آثار قدیمہ خریدنے کے متعلق۔

دفعہ ۱۰ (۱) اگر سرکار عالی کو یہ باور کرنے کی وجہ ہو کہ کسی محفوظ آثار قدیمہ کے انہدام یا اس کو مضرت پہونچنے یا مرمت نہ ہونے کی وجہ سے اس کے خراب ہونے کا اندیشہ ہے تو سرکار عالی اس آثار قدیمہ

(Translation)

(2) The powers vested under sub-section (1) shall not be exercised in the following cases :—

(a) Where an ancient monument or any part thereof is used during prescribed hours for religious worship; or

(b) Where an agreement has been executed under section 5 in respect of an ancient monument and it is in force at that time.

(3) Only in a case other than the cases referred to in sub-section (2) the powers under the Land Acquisition Act may be exercised where the owner or his representative has failed, within such reasonable period, as the Taluqdar may fix in this behalf, to

قانون حفاظت آثار قدیمہ نشان ۱۳۳۷ف
کو تحت قانون حصول اراضی نشان ۹ ۱۳۰۹ف
حاصل کر سکے گی۔

(۲)۔ جو اختیارات تحت ضمن (۱) حاصل
ہیں وہ مفصلہ ذیل صورتوں میں استعمال نہ ہو
سکیں گے:۔

(الف)۔ جبکہ آثار قدیمہ یا اُس کا
کوئی جزو مقررہ اوقات میں مذہبی پرستش کے
لئے استعمال ہوتا ہو یا

(ب)۔ جبکہ آثار قدیمہ کے متعلق تحت
دفعہ ۵ کوئی اقرارنامہ تکمیل پا چکا ہو اور وہ
اس وقت نافذ ہو۔

(۳)۔ ان صورتوں کے علاوہ جن کا ضمن
(۲) میں ذکر ہے قانون حصول اراضی کے
تحت اختیارات صرف اس صورت میں استعمال
کئے جا سکیں گے جب کہ مالک یا اس کا قائم
مقام اس مناسب مدت میں جو تعلقدار نے
اقرارنامہ کی تکمیل کے واسطے مقرر کی ہو اس
کی تکمیل سے قاصر رہا ہو یا اس اقرارنامہ کو

(*Translation*)

execute the agreement or has terminated or given notice to the Taluqdar of his intention to terminate the agreement executed under section 5.

Protection of particular ancient monument.

11. (1) The Director shall protect such monuments in respect of which the Government has acquired any right mentioned in section 5 or section 10.

(2) Where the Director has accepted the guardianship of an ancient monument under section 4, he may for the purpose of maintaining such monument, have access to the ancient monument at all reasonable times, by himself and by his subordinates and labourers or workmen, for the purpose of inspecting and repairing the ancient monument, and may also collect such materials as may be necessary for the preservation thereof.

Contributions.

12. The Director may receive voluntary contributions towards the cost of maintaining a protected

قانون حفاظت آثار قدیمہ نشان ۸ ۱۳۳۷ف ۔

جو تحت دفعہ ۵ مکمل ہوا ہو اس نے فسخ کر دیا ہو یا اس کے فسخ کرنے کے ارادہ کی تعلقدار کو اطلاع دی ہو ۔

مخصوص آثار قدیمہ کی حفاظت ۔ | دفعہ ۱۱ ۔ (۱) ناظم آثار قدیمہ ایسے آثار کی حفاظت کرے گا جن کے متعلق سرکار عالی نے کسی ایسے حق کو جس کی صراحت دفعہ ۵ یا دفعہ ۱۰ میں درج ہے حاصل کر لیا ہو ۔

(۲) ۔ جب کہ ناظم آثار قدیمہ نے تحت دفعہ ۴ کسی آثار قدیمہ کی محافظت کو قبول کیا ہو تو اس کے تحفظ کے لئے مناسب اوقات میں وہ خود اور اس کے ماتحتین اور مزدور یا کاریگر آثار قدیمہ کے معائنہ اور مرمت کے واسطے داخل ہو سکیں گے اور ایسے سامان کو بھی وہاں جمع کر سکیں گے جس کی ضرورت آثار قدیمہ کے تحفظ کے لئے ہو ۔

چندہ ۔ | دفعہ ۱۲ ۔ کسی محفوظ آثار کی نگہداشت کے اخراجات کے لئے ناظم آثار قدیمہ ایسے چندے جو بخوشی دیئے

(Translation)

monumet and may give orders as to the management and application of such contributions :

Provided that no contributions received under this section shall be applied to any purpose other than the purpose for which they were contributed.

Sanctity of places of worship.

13. (1) No place of worship or religious place protected by the Government under this Act shall be used for any purpose inconsistent with the purpose it was established for. But at the places of worship where no worship or prayer is offered permission shall not be granted for prayer or worship therein without consulting the Religious Affairs Depatrment.

(2) Where the Taluqdar has, under section 4, purchased or acquired the right of possession of any protected monument, or has accepted a gift or bequest thereof, or the Director has,

جائیں قبول کر سکے گا اور ایسے چندوں کے انتظام اور صرف کے متعلق احکام صادر کر سکے گا لیکن شرط یہ ہے کہ جو چندے اس دفعہ کے تحت وصول ہوں وہ اس غرض کے سوائے جس کے لئے وہ دیئے گئے ہیں اور طور پر استعمال نہ کئے جائیں گے ۔

معابد کی تحریم ۔ دفعہ ۱۳ ۔ (۱) کوئی عبادت گاہ یا مذہبی مقام جس کی حفاظت سرکار عالی تحت قانون ہذا کرتی ہو اس غرض کے مغائر جس کے لئے وہ قائم کیا گیا ہے استعمال نہ ہو سکے گا لیکن جن معابد میں عبادت یا پرستش نہ ہوتی ہو ان میں عبادت یا پرستش کی اجازت بغیر مشورہ سررشتہ امور مذہبی نہ دی جائے گی ۔

(۲) ۔ جب کہ تعلقدار نے زیر دفعہ ۴ کسی محفوظ آثار کو خرید لیا ہو یا اس کے حق مقابضت کو حاصل کر لیا ہو یا اس آثار کے ہبہ یا وصیت کو

(Translation)

under the said section, accepted the guardianship thereof, and such ancient monument, or any part thereof, is in the prescribed hours used for religious worship or prayer by any community, the Taluqder may make the following provision for the protection of such ancient monument, or any part thereof, from desecration —

(a) he may prohibit the entry in the ancient monument or any part thereof of such person who is not entitled to so enter by the belief of the community by which the monument or part thereof is used for the religious purposes :

Provided that entry may be permitted subject to special conditions and with the concurrence of the persons in religious charge of the monument ;

قبول کر لیا ہو یا ناظم آثار قدیمہ نے تحت دفعہ مذکور آثار متعلقہ کی حق حفاظت کو قبول کر لیا ہو اور وہ آثار قدیمہ یا اس کا کوئی جزو اوقات مقررہ میں کسی فرقہ کی مذہبی پرستش یا عبادت کے لئے استعمال ہوتا ہو تو تعلقدار ایسے آثار قدیمہ یا اس کے کسی جزو کو بے حرمتی سے بچانے کے لئے حسب ذیل انتظام کر سکے گا:۔

(الف)۔ آثار قدیمہ یا اس کے کسی جزو میں ایسے شخص کے داخل ہونے کی ممانعت کر سکے گا جس کو اس فرقہ کے اعتقاد کے لحاظ سے جو آثار متعلقہ یا اس کے کسی جزو کو مذہبی اغراض کے واسطے استعمال کرتا ہے۔ داخل ہونے کا حق حاصل نہ ہو۔ مگر شرط یہ ہے کہ ان اشخاص کی رضامندی سے جو اس آثار کے مذہبی حیثیت سے محافظ ہوں خاص شرائط کی پابندی کے ساتھ داخل ہونے کی اجازت دی جا سکے گی۔

(*Translation*)

(b) and he may take such other action as he thinks proper.

14. With the sanction of the Governmet, the Director may —

Relinquishment by Government of right in monument.

(a) where right in respect of any ancient monument under this Act has been acquired by the Government by virtue of sale, gift or will, or any other manner, relinquish the right and in such case the right shall accrue to the person who would have been entiled thereto, if there had been no right of Government in respect of the monument ; or

(b) relinquish the guardianship which he has accepted under this Act.

15. (1) Subject to such rules as may after previous publication be made by the Government, the public

Permission to public for access to

(ب) ۔ اور کوئی ایسی کارروائی کر سکے گا جو وہ مناسب خیال کرے ۔

دفعہ ۱۴ ۔ ناظم آثار قدیمہ سرکار عالی کی منظوری سے

آثار قدیمہ کے حق سے سرکار عالی کی دست برداری ۔

(الف) ۔ جبکہ سرکار عالی نے کسی آثار قدیمہ کے حق کو تحت قانون ہذا بیع یا ہبہ یا وصیت یا اور طریقہ سے حاصل کیا ہو تو وہ اس حق سے دست بردار ہو سکے گا اور ایسی صورت میں وہ حق اس شخص کو حاصل ہو جائے گا جو آثار متعلقہ پر سرکار عالی کو حق حاصل نہ ہونے کی صورت میں اس کا مستحق ہوتا ۔ یا

(ب) ۔ وہ حق محافظت سے دستبردار ہو سکے گا جو اس نے تحت قانون ہذا قبول کیا ہو ۔

دفعہ ۱۵ ۔ (۱) پبلک کو آثار محفوظ میں عامہ خلائق کو آمد و رفت کی اجازت ۔

(*Translation*)

protected monuments.

shall have a right of access to any monument maintained by the Government under this Act.

(2) Rules made under sub-section (1) may specify that a breach of any of them shall be punishable with fine which may extend to twenty rupees.

Penalties.

16. Any person other than the owner who destroys, removes, damages, defaces or imperils a protected monument, and any owner who destroys, removes, damages, defaces or imperils a monument maintained by the Government under this Act, or in respect of which an agreement has been executed by the owner under

ایسے قواعد کے جو بعد اشاعت سابقہ سرکار عالی مرتب کرے عامہ خلائق کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی ایسے آثار میں داخل ہو سکے جس کی سرکار عالی تحت قانون ہذا نگہداشت کرتی ہو۔

(۲)۔ جو قواعد تحت ضمن (۱) مرتب کئے جائیں اس میں اس امر کی صراحت کی جاسکے گی کہ ان کی خلاف ورزی کی بابت جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی تعداد بیس روپیہ تک ہو سکے گی۔

تعزیرات۔ دفعہ ۱۶۔

سوائے مالک کے کوئی شخص جو کسی آثار محفوظ کو منہدم کرے یا منتقل کرے یا مضرت پہونچائے یا اس کی ہیئت بدلے یا اس کو مضرت کے خطرہ میں ڈالے اور کوئی مالک جو کسی ایسے آثار قدیمہ کو جس کی سرکار عالی تحت قانون ہذا نگہداشت کرتی ہو یا جس کے

(*Translation*)

section 5, and any owner or holder who contravenes an order made under sub-section (1) of section 7, shall be punishable with fine which may extend to five thousand rupees, or with imprisonment which may extend to three months or with both.

Government may control traffic in and transfer of antiquities.

17. (1) If the Government apprehends that antiquities are being sold or removed to the detriment of H.E.H. the Nizam's Dominions or of the neighbouring countries, it may, by notification, order that any antiquities or any particular class of antiquities shall not be brought into H.E.H. the Nizam's Dominions or that they shall not be taken out of H.E.H. the Nizam's Dominions or that they shall not be removed from one place to another or may lay down such conditions as may be complied with in effecting their removal.

(2) Any person who contravenes the notification mentioned in

قانون حفاظت آثار قدیمہ نشان ۱۳۳۷ ف۔

متعلق تحت دفعہ ۵ مالک نے اقرار نامہ کی تکمیل کی ہو اور کوئی مالک یا قابض جو کسی ایسے حکم کی خلاف ورزی کرے جو تحت دفعہ ۷ ضمن (۱) دیا گیا ہو تو جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی تعداد ۵ ہزار روپیہ تک ہو سکے گی یا اس کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین ماہ تک ہوسکیگی یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔

دفعہ ۱۷ سرکار عالی آثار قدیمہ کی خرید و فروخت اور منتقلی محدود کر سکے گی۔

(۱)۔ اگر سرکار عالی کو یہ اندیشہ ہو کہ آثار قدیمہ کے بیع یا منتقلی سے ممالک محروسہ سرکار عالی یا قرب و جوار کے ممالک کو نقصان پہونچ رہا ہے تو سرکار عالی بذریعہ اعلان حکم دے سکیگی کہ آثار قدیمہ یا کسی خاص قسم کے آثار قدیمہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں درآمد نہ کئے جائیں یا وہ ممالک محروسہ سرکار عالی سے برآمد نہ کئے جائیں یا ایک مقام سے دوسرے مقام پر منتقل نہ کئے جائیں یا ایسی شرائط قائم کر سکے گی جن کی پابندی کے ساتھ ان کی منتقلی عمل میں آسکے گی۔

(۲)۔ کوئی شخص جو اعلان مندرجہ ضمن (۱)

(*Translation*)

sub-section (1) and brings in or takes out or removes or attempts to bring into or removes such antiquities shall be punished with fine which may extend to five hundred rupees.

(3) Antiquities in respect of which an offence referred to in sub-section (2) has been committed shall be liable to confiscation.

(4) Customs Officer or a Police Officer not below the rank of Sub-Inspector, empowered by the Government in this behalf, may search any vessel, vehicle or any other conveyance and may open any package or box if he has reason to believe that it contains such goods in respect of which an offence referred to in sub-section (2) has been comitted.

قانون حفاظت آثار قدیمہ نشان مدت ۱۳۳۷ف۔

کی خلاف ورزی کرے اور ایسے آثار قدیمہ درآمد یا برآمد یا منتقل کرے یا اس کا اقدام کرے اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی تعداد پانسو روپیہ تک ہو سکے گی۔

(۳)۔ آثار قدیمہ جن کے متعلق جرم مندرجہ ضمن (۲) کا ارتکاب ہوا ہو مستوجب ضبطی ہوں گے۔

(۴)۔ کوئی عہدہ دار کسٹم یا ایسا عہدہ دار کوتوالی جس کا درجہ امین سے کم نہ ہو اور جسے سرکار عالی نے اس بارہ میں اختیار عطا کیا ہو مجاز ہوگا کہ کسی ظرف۔ گاڑی۔ یا کسی اور سواری کی تلاش کرے اور کسی گٹھڑی یا صندوق کو کھولے جب کہ اس کو یہ یاد کرنے کی وجہ ہو کہ اس میں ایسا مال ہے جس کے متعلق جرم مندرجہ ضمن (۲) کا ارتکاب ہوا ہے۔

(*Translation*)

(5) When a person complains that the power mentioned in sub-section (4) has been vexatiously or improperly exercised, he may submit his complaint to the Director, and the Government may pass, suitable order and shall award to the complainant such compensation as it thinks just.

(۵) جب کسی شخص کو یہ شکایت ہو کہ اختیار مندرجہ ضمن (۴) وقت کرنے کی غرض سے یا نامناسب طریقہ سے استعمال کیا گیا ہے تو وہ اپنی شکایت ناظم آثار قدیمہ کے پاس پیش کر سکے گا۔ اور سرکار عالی حکم مناسب صادر کر سکے گی اور مستغیث کو ایسا معاوضہ دے گی جو وہ مناسب خیال کرے۔

Protection of specimens of sculpture, bas-relief, inscription and like object.

سنگ تراشی اور منبت کاری کے نمونوں اور کتبات اور اسی قسم کی اشیاء کی حفاظت۔

Power of Government in respect of specimens of sculpture and bas-relief etc.

18. (1) When the Government is of the opinion that the specimens of sculptures and bas-reliefs, images, inscriptions and other like objects ought not to be moved from the place where they are, without

دفعہ ۱۸۔ سنگ تراشی و منبت کاری کے نمونوں وغیرہ کے متعلق سرکار عالی کا اختیار۔ (۱)۔ جب سرکار عالی کی رائے ہو کہ سنگ تراشی اور منبت کاری کے نمونے۔ مورتیں کتبے اور اسی قسم کی دوسری اشیاء بلا اجازت سرکار عالی

ف۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) سنہ ۱۳۳۸ ف

(*Translation*)

the sanction of the *[Government,] it may, by notification, direct that such objects or any particular class of objects shall not be moved without the written premission of the Taluqdar.

(2) When a person applies for the permission mentioned in sub-section (1) he shall specify the object or objects which he proposes to move, and shall furnish, in regard to them, such information as the Taluqdar may require from him.

(3) When the Taluqdar rejects the application, an appeal may lie to the Director and the decision of the Director shall be final.

(4) Any person who moves any object in contravention of a notification mentioned in sub-section (1), shall

*Amended by Act No. III of 1308 F.

اس مقام سے جہاں وہ موجود ہیں منتقل نہ کی جانی چاہئیں تو وہ بذریعہ اعلان یہ حکم دے سکے گی کہ ایسی اشیاء یا کسی خاص قسم کی اشیاء تعلقدار کی تحریری اجازت کے بغیر منتقل نہ کی جائیں۔

(۲) اجازت مندرجہ ضمن (۱) کے حصول کے لئے جب کوئی شخص درخواست پیش کرے تو وہ اس امر کی صراحت کرے گا کہ وہ کس شئے یا اشیاء کو منتقل کرنا چاہتا ہے۔ اور ان کے متعلق وہ ایسی اطلاع دے گا جو تعلقدار اس سے طلب کرے۔

(۳) جب تعلقدار درخواست نامنظور کرے تو اس کی ناراضی سے ناظم آثار قدیمہ کے پاس مرافعہ ہو سکے گا اور ناظم آثار قدیمہ کا حکم قطعی ہوگا۔

(۴) جو شخص اعلان مندرجہ ضمن (۱) کی خلاف ورزی کر کے کسی شئے کو منتقل کرے

(Translation)

be punishable with fine which may extend to five hundred rupees.

(5) When [the owner of any property in respect of which a notification has been issued under sub-section (1) proves to the satisfaction of the Government that he has suffered loss or damage by reason of the inclusion of his property in the notification, the Government shall —

(a) exempt such property from the notification ; or

(b) purchase such property, if it be movable, at its market-value; or

(c) pay compensation for the loss or damage, if the property be immovable.

وہ جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی تعداد پانسو روپیہ تک ہو سکے گی۔

(۵) جب کسی جائداد کا مالک جس کے متعلق حسب ضمن (۱) اعلان جاری کیا گیا ہو سرکار عالی کے اطمینان کے موافق ثابت کرے کہ اس کی جائداد کے اعلان میں شریک کئے جانے کی وجہ سے اس کو نقصان یا ہرجہ ہوا ہے تو سرکار عالی

(الف)۔ ایسی جائداد کو اعلان سے خارج کرے گی۔ یا

(ب)۔ اس جائداد کو اگر وہ منقولہ ہو تو اس کی قیمت بازار کے لحاظ سے خریدے گی۔ یا

(ج)۔ اگر وہ جائداد غیر منقولہ ہو تو اس نقصان یا ہرجہ کی بابت معاوضہ دے گی۔

(*Translation*)

Government may purchase specimens of sculpture and bas-relief etc.

19. (1) If the Government apprehends that any object mentioned in a notification issued under section 18, sub-section (1) is being destroyed, removed, damaged or demolished, the Government may pass order for its purchase at its market-value and after such order is passed, the Taluqdar shall give notice thereof to the owner of the object.

(2) The power mentioned in this sub-section shall not extend to the objects mentioned below—

(a) any image or any other like object actually used for the purpose of any religious observance ;

(b) anything which the owner desires to retain on any reasonable

قانون حفاظت آثار قدیمہ نشان ۸ ۱۳۳۷ ف

سنگ تراشی کے نمونوں اور بت اشیاء وغیرہ کو سرکار عالی خرید سکے گی۔

دفعہ ۱۹۔

(۱) جب سرکار عالی کو اندیشہ ہو کہ کوئی شئے مندرجہ اعلان مجریہ تحت دفعہ ۱۸ ضمن (۱) تلف ہونے منتقل کئے جانے والی ہے یا اس کو مضرت پہونچنے والی ہے یا وہ مسمار ہونے والی ہے تو سرکار عالی حکم صادر کر سکے گی کہ وہ اس کی قیمت بازار کے لحاظ سے خرید لی جائے اور ایسے حکم کے صادر ہونے کے بعد تعلقدار اس شئے کے مالک کو اس کی اطلاع دے گا۔

(۲)۔ اختیار مندرجہ ضمن (۱) مفصلہ ذیل اشیاء سے متعلق نہ ہوگا:۔

(الف)۔ کوئی مورت یا اسی قسم کی اور شئے جو فی الواقع کسی مذہبی رسم کی انجام دہی کے لئے استعمال ہوتی ہو۔

(ب)۔ کوئی شئے جسے مالک کسی ایسی مناسب

(*Translation*)

ground personal to himself or to his ancestors or to any other member of his family.

EXCAVATION

Power of Government in respect of supervision over excavation.

20. (1) When the Government is of opinion that for the purposes of archaeological protection in any area excavation should be supervised or restricted it may, by notification, make rules specifying the boundaries of the area to which they will relate and the officer by whom and the conditions under which a licence for such excavations shall be granted.

(2) The power to make rules given by sub-section (1) is subject to the condition of the rules being made after previous publication.

وجہ سے اپنے پاس رکھنا چاہتا ہو جس کا تعلق اس کی یا اس کے بزرگوں یا اس کے خاندان کے کسی اور رکن کی ذات سے ہو۔

کھدائی۔

سرکار عالی کا اختیار کھدائی کی نگرانی کے متعلق۔

دفعہ ۲۰۔ (۱)۔ جب سرکار عالی کی یہ رائے ہو کہ کسی رقبہ میں آثار قدیمہ کی حفاظت کی غرض سے کھدائی پر نگرانی رکھی جائے یا اس کو محدود کیا جائے تو وہ بذریعہ اعلان قواعد مرتب کر سکے گی جس میں اس رقبہ کی حدود کا تعین ہوگا جس سے وہ قواعد متعلق ہوں گے اور ان میں اس امر کی صراحت ہوگی کہ ایسی کھدائی کے لئے کونسا عہدہ دار اور کن شرائط پر اجازت نامہ عطا کر سکے گا۔

(۲)۔ ضمن (۱) کی رو سے جو اختیار قواعد مرتب کرنے کا دیا گیا ہے وہ اس شرط کے تابع ہے کہ ایسے قواعد بعد اشاعت سابقہ مرتب کئے جائیں گے۔

(Translation)

(3) In the rules made in accordance with this section it may also be specified that the person committing a breach of the rules shall be punished with fine which may extend to twenty rupees.

(4) When any owner or holder proves to the satisfaction of the Government that he has suffered a loss on account of the inclusion of his land in the notification mentioned in sub-section (1), the Government shall pay to him compensation for such loss.

MISCELLANEOUS.

Manner of assessment of market-value or compensation.

21. When the Government has under this Act power to purchase any property at the market-value or when the Government has to pay to any person the compensation in respect

(۳)۔ قواعد جو حسب دفعہ ہذا مرتب کئے جائیں ان میں اس امر کی بھی صراحت کی جا سکے گی کہ جو شخص ان قواعد کی خلاف ورزی کرے گا اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی تعداد بیس روپیہ تک ہو سکے گی۔

(۴)۔ جب کوئی مالک یا قابض سرکار عالی کے اطمینان کے موافق یہ ثابت کرے کہ اس کی اراضی کے اعلان مندرجہ ضمن (۱) میں شریک کئے جانے کی وجہ سے اس کو کوئی نقصان ہوا ہے تو سرکار عالی اس نقصان کی بابت اس کو معاوضہ دے گی۔

متفرق۔

قیمت بازار یا معاوضہ کی تشخیص کا طریقہ۔

دفعہ ۲۱۔ جب قانون ہذا کی رو سے سرکار عالی کو یہ اختیار حاصل ہو کہ کسی جائداد کو بہ لحاظ قیمت بازار خرید سکے یا جب سرکار عالی کو تحت قانون ہذا کسی شخص کو کسی فعل کی بابت جو تحت قانون

(Translation)

of anything done under this Act, the market-value or compensation shall, where any dispute arises in respect of such market-value or compensation, be ascertained under the provisions of sections 2, 6 to 29, 41 and 42 of the Hyderabad Land Acquisition Act No. IX of 1309 Fasli, so far as they may be applicable :

Provided that at the time of such inquiry there shall be two assessors to assist the Taluqdars, one of whom shall be appointed by the Taluqdar and the other by the owner but if the owner does not appoint an assessor within such reasonable time as shall be fixed by the Taluqdar, the Taluqdar may nominate another assessor in his place.

ہذا کسی شخص کو کسی فعل کی بابت جو تحت قانون ہذا کیا گیا ہو معاوضہ ادا کرنا ہو تو جب ایسی قیمت بازار یا معاوضہ کی نسبت کوئی نزاع ہو تو قیمت بازار یا معاوضہ کا تعین قانون حصول اراضی ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۹ بابتہ ۱۳۰۹ف کی دفعات ۲ و ۶ تا ۲۹ و ۴۱ و ۴۲ کے احکام کے موافق جہاں تک وہ متعلق ہو سکتے ہیں کیا جائے گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ ایسی تحقیقات کے وقت تعلقدار کی مدد کے لئے دو اسیسرس رہیں گے جن میں سے ایک کا تقرر تعلقدار کریں گے اور دوسرے کا تقرر مالک کرے گا لیکن اگر مالک مناسب مدت کے اندر جس کا تعین تعلقدار کرے گا اسیسر کا تقرر نہ کرے تو اس کے بجائے تعلقدار دوسرا اسیسر نامزد کر سکے گا۔

(*Translation*)

Jurisdiction.

22. Offences mentioned in this Act shall not be tried by a Magistrate having the powers of a Third Class Magistrate.

اختیار سماعت ۔ | دفعہ ۲۲ ۔ جرائم مندرجۂ قانون ہذا کی تحقیقات کوئی ایسا ناظم عدالت فوجداری نہ کر سکے گا جس کو انتظامات فوجداری درجۂ سوم کے اختیارات حاصل ہوں ۔

Power to make rules.

23. (1) The Government may make rules for the purposes of this Act.

قواعد مرتب کرنے کا اختیار ۔ | دفعہ ۲۳ ۔ (۱) ۔ سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ اغراض قانون ہذا کے لئے قواعد مرتب کرے ۔

(2) The power to make rules given by this section is subject to the condition of the rules being made after previous publication.

(۲) ۔ دفعہ ہذا کی رو سے قواعد مرتب کرنے کا اختیار اس شرط کے تابع ہے کہ ایسے قواعد بعد اشاعت سابقہ مرتب کئے جائیں گے ۔

Protection to Government

24. No suit for damages or criminal proceeding shall lie against any Govern-

سرکاری ملازمین جو تحت قانون ہذا کام کریں ان کی حفاظت ۔ | دفعہ ۲۴ ۔ کسی سرکاری ملازم کے خلاف کسی ایسے فعل کی بابت جو اس نے ایسے اختیار

(Translation)

servants acting under this Act.

ment servant in respect of any act done, or intended to be done in good faith in the exercise of any power conferred under this Act.

کے تفاذ میں کیا ہو یا جس کا نیک نیتی سے کرنا مقصود ہو جو تحت قانون ہذا عطا کیا گیا ہو کوئی ہرجہ کا دعویٰ یا فوجداری کارروائی نہ کی جاسکے گی۔

INDEX

VOLUME I

A

		Page.
Abkari Act, 1316 F. (I of 1316 F.)	..	169
Ancient Monuments Preservation Act, 1337 F. (VIII of 1337 F.)	..	967

B

C

Cattle Trespass Act, 1337 F. (V of 1337 F.)	..	921
City Coroner's Act, 1330 F. (III of 1330 F.)	..	683
Conferring of Powers for Summoning Witnesses Act, 1314 F. (I of 1314 F.)	..	139
Cotton Cultivation and Transport Act, 1337 F. (VI of 1337 F.)	..	953
Court Fees Act, 1324 F. (VI of 1324 F.)	..	541

D

Destruction of Useless Records Act, 1305 F. (III of 1305 F.)	..	19
District Police Act, 1329 F. (X of 1329 F.)	..	609

E

Eunuchs Act, 1329 F. (XVI of 1329 F.)	..	647

F

Famine-Stricken Pattadars' Property Protection Act, 1331 F. (III of 1331 F.)	..	716
Ferries Act, 1314 F. (II of 1314 F.)	..	143

G

Gambling Act, 1305 F. (II of 1305 F.)	..	1
General Clauses Act, 1308 F. (III of 1308 F.)	..	26
Government Demands Act, 1308 F. (IV of 1308 F.)	..	57
Government Securities Act, 1330 F. (II of 1330 F.)	..	655

H

Page.

High Court Act, 1337 F. (III of 1337 F.) .. 889
Honorary Mir Mohallas Act, 1319 F. (VIII of 1319 F.) .. 463

I

Impressions Evidence Act, 1309 F. (VII of 1309 F.) .. 67
Intoxicating Drugs Act, 1333 F. (IV of 1333 F.) .. 863

J

K

L

Land Acquisition Act, 1309 F. (IX of 1309 F.) .. 71
Land Revenue Act, 1317 F. (VIII of 1317 F.) .. 273

M

Medical Act, 1312 F. (I of 1312 F.) .. 115

N

O

P

Poisons Act, 1322 F. (IV of 1322 F.) .. 527
Prevention of Cruelty to Animals Act, 1313 F. (I of 1313 F.) .. 123
Prevention of Sale of Silhadari Horses Act, 1317 F. (IX of 1317 F.) .. 439
Protection of Flood Stricken Debtors' Property Act, 1318 F. (I of 1318 F.) .. 443
Protection of Houses from Floods of Moosi River Act, 1318 F. (II of 1318 F.) .. 449
Protection of Nazims and Servants Act, 1314 F. (IV of 1314 F.) .. 165

Q

R

Railways, Government Irrigation Sources and Other Public Buildings Protection Act, 1321 F. (I of 1321 F.) .. 479
Registration of Documents by Jagir Officials (Validation) Act, 1332 F. (I of 1332 F.) .. 849

S

		Page.
Small Causes Courts Act, 1330 F. (VI of 1330 F.)	..	691
Stamp Act, 1331 F. (IV of 1331 F.)	..	721
Suits Valuation (For Purposes of Jurisdiction) Act, 1318 F. (IV of 1318 P.)	..	455

T

Treasure-Trove Act, 1322 F. (III of 1322 F.)	..	505

U

Unclaimed Property Act, 1333 F. (I of 1333 F.)	..	852

V

W

X

Y

Z

PRINTED AT
AVON PRINTING WORKS
ESAMIAN BAZAR
HYDERABAD-DN.

فہرست

قوانین ردیف واری
جلد اوّل

الف

صفحہ

آبکاری ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱) بابت سنہ ۱۳۱۶ف ۱۶۹

اسٹامپ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۴) بابت سنہ ۱۳۳۱ف ۷۲۱

اشیاء منشی سرکار عالی ـ نشان (۴) بابت سنہ ۱۳۳۳ف ۸۶۳

صفحہ

سنہ ۱۳۱۷ف
امتناع ہراج اسپان سلحداری نشان (۹) بابتہ ۴۳۹

سنہ ۱۳۱۳ف
انسداد بیرحمی بر جانوران۔ نشان (۱) بابتہ ۱۲۳

ت

سنہ ۱۳۳۱ف
تحفظ جائداد قحط زدہ پٹہ داران نشان (۳) بابتہ ممالک محروسہ سرکار عالی ۷۱۶

سنہ ۱۳۱۸ف
تحفظ جائداد مدیونان مصیبت زدہ طغیانی نشان (۱) بابتہ ۴۴۳

تحفظ ریلوے و ذرائع آبپاشی سرکاری و دیگر عمارات عامہ ۴۷۹
سنہ ۱۳۲۱ف
نشان (۱) بابتہ

سنہ ۱۳۱۸ف
تحفظ مکانات از طغیانی رود موسیٰ۔ نشان (۲) بابتہ ۴۴۹

سنہ ۱۳۰۸ف
تعمیر و اطلاق قوانین۔ نشان (۳) بابتہ ۲۶

صفحہ

تعین مالیت نالشا بغرض اختیار سماعت نشان (۴) بابتہ سنہ ۱۳۱۸ ف ۴۵۵

تلف کاغذات بیکار۔ نشان (۳) بابتہ سنہ ۱۳۲۵ ف ۱۹

ج

جانوران چکاری۔ نشان (۵) بابتہ سنہ ۱۳۳۳ ف ۹۲۱

جائداد لاوارث۔ نشان (۱) بابتہ سنہ ۱۳۳۳ ف ۸۵۲

جواز رجسٹری دستاویزات منجانب عہدیداران جاگیر ۸۴۹

نشان (۱) بابتہ سنہ ۱۳۳۲ ف ۸۴۹

ح

حصول اراضی۔ نشان (۹) بابتہ سنہ ۱۳۰۹ ف ۷۱

صفحہ

حفاظت آثار قدیمہ	سنہ ۱۳۳۷ف نشان (۸) بابتہ	۹۶۷
حفاظت نظمار و ملازمان ۔	سنہ ۱۳۱۴ف نشان (۴) بابتہ	۱۶۵

د

دفینہ ممالک محروسہ سرکار عالی	سنہ ۱۳۲۲ف نشان (۳) بابتہ	۵۰۵

ر

رسوم عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی	سنہ ۱۳۲۴ف نشان (۶) بابتہ	۵۴۱

س

سمیات	سنہ ۱۳۲۲ف نشان (۴) بابتہ	۵۲۷

ش

شہادت نقوش	سنہ ۱۳۰۹ف نشان (۷) بابتہ	۶۷

صفحہ

طبابت	نشان (۱) بابتہ	سنہ ۱۳۱۲ف	۱۱۵

ع

عدالت العالیہ	نشان (۳) بابتہ	سنہ ۱۳۳۷ف	۸۸۹
عدالتہائے مطالبہ جات خفیفہ سرکار عالی	نشان (۶) بابتہ	سنہ ۱۳۳۰ف	۶۹۱
عطائے اقتدارات طلبی گواہان	نشان (۱) بابتہ	سنہ ۱۳۱۴ف	۱۳۹

ق

قمار بازی	نشان (۲) بابتہ	سنہ ۱۳۰۵ف	۱

ک

کاشت و حمل و نقل پنبہ ممالک محروسہ سرکار عالی	نشان (۶) بابتہ	سنہ ۱۳۳۷ف	۹۵۳

صفحہ

کارونر بلدہ حیدرآباد۔	نشان (۳) بابتہ	سنہ ۱۳۳۰ف	۶۸۳
کفالت نامہ جات سرکار عالی۔	نشان (۲) بابتہ	سنہ ۱۳۳۰ف	۶۵۵
کوتوالی اضلاع سرکار عالی۔	نشان (۱۰) بابتہ	سنہ ۱۳۲۹ف	۶۰۹

م

مالگزاری۔	نشان (۸) بابتہ	سنہ ۱۳۱۷ف	۲۷۳
مخفشان ممالک محروسہ سرکار عالی	نشان (۱۶) بابتہ	سنہ ۱۳۲۹ف	۶۴۷
مطالبات سرکاری	نشان (۴) بابتہ	سنہ ۱۳۰۸ف	۵۷
معابر ممالک محروسہ سرکار عالی۔	نشان (۲) بابتہ	سنہ ۱۳۱۴ف	۱۴۳
میر محلگان اعزازی۔	نشان (۸) بابتہ	سنہ ۱۳۱۹ف	۴۶۳